صداقت، ثقافت اور قومی شعور کا ترجمان
کوئٹہ، گوادر، حب، اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت A.B.C Certified بلوچستان کا کثیر الاشاعت اخبار
Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA
MEMBER A.P.N.S
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21
Dailyaskar.com.pk Dailyaskarisb@gmail.com
جلد نمبر 24 | بروز جمعہ 27 نومبر 2026ء / 17 جمادی الثانی 1448 ہجری / قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 31

جمہوری ری سیٹ کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لینا ہوگا، اپوزیشن کو الیکٹورل ریفارمز کمیٹی میں شامل کیا جائے

شفاف الیکشن ورنہ کچھ نہیں

بلاول بھٹو زرداری

جمہوری ری سیٹ پر سب کو ساتھ بٹھانا ہوگا
اپوزیشن کو اصلاحاتی عمل میں حصہ دار بنایا جائے
عوام مہنگائی اور بے روزگاری کی چکی میں پس رہے ہیں
صحافی حکمرانوں کو آئینہ دکھائیں

ووٹ پر یقین بحال کرو، پارلیمنٹ کو فیصلہ کن بناؤ، مہنگائی سے نجات دلاؤ، عوام کو ریلیف دو، جمہوریت کو مضبوط کرو

ملتان (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ملک کے سیاسی نظام کے جمہوری ری سیٹ کی ضرورت ہے، اور عوام کا اعتماد بحال کرنے کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لینا ہوگا۔ ملتان میں میٹ ——(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2پر)

ملتان: پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری میٹ دی پریس سے خطاب کر رہے ہیں۔

قوم دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، محسن نقوی

وفاقی وزیر داخلہ کا بلوچستان کے مختلف علاقوں میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وفاقی وزیر ——(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2پر)

وزیراعظم کا قاہرہ میں آتشزدگی کے المناک واقعے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعظم محمد ——(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2پر)

میرٹ پر کوئی سمجھوتہ نہیں یہی بلوچستان کی ترقی کی ضمانت ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

دور دراز کے سرکاری اسپتالوں میں ادویات کی دستیابی یقینی بنا رہے ہیں مؤثر انتظامی نظام اور عوامی خدمات کی فراہمی صوبے کی پائیدار ترقی کی ضمانت ہے

مضبوط اور فعال انتظامی ڈھانچہ سیکیورٹی چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹنے اور عوامی مسائل کے حل میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ، (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پائیدار ——(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2پر)

کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے میں گورننس کے نظام کو مزید مؤثر اور بہتر بنانے سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

مولانا فضل الرحمن کا بڑا اعلان پورا ملک جام کردو، شہر، سڑکیں اور موٹر وے بند کردو!

جلسے کو روکنے کے لئے کارکنوں پر تشدد کیا جا رہا ہے، اس تمام صورتحال پر پورا ملک احتجاج کرے گا، سڑکوں پر نکلے گا اور تمام شاہراں کو احتجاج کے طور پر بند کر دیں

مین نیشنل ہائی وے زیرو پوائنٹ جانب گگر پھاٹک آنے جانے والے دونوں روڈ بوجہ احتجاج ٹریفک کے لیے بند کر دیے گئے، پولیس

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے پورا ——(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2پر)


وزیراعظم شہباز شریف اسلام آباد میں "محفوظ دوا" ایپ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں، ایپ سے دواؤں کی تصدیق، قیمت اور دستیابی معلوم ہو سکے گی۔

چین نے اپنا خلائی پروگرام دوست ممالک کیلئے کھول کر تاریخ رقم کر دی

خلاباز کا سفر 24 کروڑ پاکستانیوں کا خواب ہے

وزیراعظم

پاکستانی خلابازوں کی تربیت پر چینی اداروں، سپارکو، سائنسدانوں اور مسلح افواج کا کردار لائقِ تحسین ہے یہ تاریخی کامیابی پاکستانی نوجوانوں کو چاند اور اس سے آگے کی منزلیں سر کرنے کے لیے متحرک کرے گی

چینی صدر شی جن پنگ کی دوراندیش قیادت میں چین نے خلائی تحقیق میں نمایاں ترقی کی ہے چین نے انسانیت کے وسیع تر مفاد میں اپنا خلائی پروگرام دوست ممالک کے لیے کھولا ہے پاکستان خلا کی پرامن تحقیق اور استعمال کے لیے چین کے ساتھ تعاون جاری رکھے گا: وزیراعظم شہباز

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ چین کے خلائی اسٹیشن کا دورہ کرنے والے پہلے پاکستانی خلاباز کا سفر صرف ایک فرد کی کامیابی نہیں بلکہ 24 کروڑ پاکستانیوں کے خوابوں اور امنگوں کی عکاسی کرتا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ نے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات اور خلائی تحقیق سمیت مختلف شعبوں میں تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے 25 نومبر کو چین کے تیانگونگ سیٹلائٹ لانچ سینٹر سے شینزو 24- مشن کی کامیاب روانگی پر چینی سفیر، ——(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2پر)

دہشتگردوں کیخلاف فورسز کی کارروائیاں قابل تحسین ہیں، صدر مملکت

فتنہ الہندوستان اور بیرونی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کا مکمل خاتمہ قومی سلامتی کے لیے ناگزیر ہے

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں بھارتی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گردوں ——(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2پر)

چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی کے ہمراہ لاہور بار ایسوسی ایشن اور لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے نمائندوں کا گروپ فوٹو

حکومت کا پی ٹی آئی کے بغیر انتخابی اصلاحات کمیٹی تشکیل دینے کا عندیہ

اسلام آباد (یو این اے) انتخابی اصلاحات کمیٹی کی تشکیل پر حکومت اور پی ٹی آئی میں ڈیڈلاک برقرار ہے، حکومت نے پی ٹی آئی کے بغیر انتخابی اصلاحات کمیٹی تشکیل دینے کا عندیہ دیدیا۔ حکومتی چیف وہپ طارق فضل چودھری اور اپوزیشن چیف وہپ عامر ڈوگر کے درمیان تیسری ملاقات ہوئی، طارق ——(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2پر)

صوبوں کی تقسیم اور ریفرنڈم کا فیصلہ عوام کا اختیار ہے، ملک احمد خان

ویراعظم کی ہدایت بھی آ چکی ہے ریفرنڈم کے موضوع پر مثبت انداز میں بات کی جا سکتی ہے

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) سپیکر پنجاب ——(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2پر)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے چین کے سفیر مسٹر جیانگ زائیڈونگ سے ملاقات کر رہے ہیں

غیر ملکی وفود کی آمد، اسلام آباد میں آج مقامی تعطیل کا اعلان

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن نے مقامی تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وفاقی ——(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2پر)

بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، بھارتی اسپانسرڈ 12 دہشتگرد ہلاک

نوشکی میں 8 جبکہ سبی، پنجگور اور کیچ میں 4 دہشت گرد مارے گئے، اسلحہ و گولہ بارود برآمد کیا گیا، آئی ایس پی آر

دہشت گرد عناصر کا مکمل خاتمہ قومی سلامتی کیلئے ناگزیر ہے، صدر، وزیراعظم کا سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش

راولپنڈی (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں کارروائیوں کے دوران 12 دہشتگرد ہلاک کردیئے اور اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 20 نومبر سے بلوچستان کیضلع نوشکی، سبی، پنجگور اور کیچ میں کارروائیاں کی گئیں جس دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان کے 12 دہشتگرد ہلاک ——(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2پر)

وزیراعظم نے محفوظ دوا ایپلی کیشن کا اجرا کردیا

جعلی اور غیر معیاری ادویات کی روک تھام کیلئے اہم ڈیجیٹل اقدام کیا گیا، شہباز شریف

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے محفوظ دوا ایپلی کیشن کا اجرا کر دیا۔ ادویات کی ٹریکنگ کیلئے وزارت قومی صحت کی محفوظ دوا ایپلی کیشن کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ——(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2پر)

اسحاق ڈار کا قاہرہ میں آئل ٹینکر آتشزدگی کے واقعے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس

اسلام آباد (یو این اے) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے مصر کے دارالحکومت قاہرہ کے قریب آئل ٹینکر میں آتشزدگی کے افسوسناک واقعے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ جمعرات کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری پیغام میں نائب وزیراعظم نے سوگوار خاندانوں، مصری حکومت اور برادر مصری ——(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2پر)

آبنائے ہرمز میں ہماری کارروائیوں سے امریکا شدید دباؤ میں ہے، ایران

تہران (اے این این) ایرانی پاسداران انقلاب کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل حسین محبی نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز میں پاسداران کی طاقت اور مسلسل نگرانی نے امریکا کو شدید دباؤ میں ڈال دیا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق بریگیڈیئر جنرل حسین محبی نے کہا کہ ایرانی افواج خلیج فارس کے جنوبی ساحلوں اور جزائر پر ملکی سرحدوں کا بھرپور دفاع کر رہی ہیں، ——(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2پر)

مولانا فضل الرحمان کو گرفتار کیا، نہ ہاؤس اریسٹ، سی سی پی او لاہور

لاہور ہائیکورٹ میں مولانا فضل الرحمان کی مبینہ نظربندی کیخلاف کیس میں پولیس نے جواب جمع کرا دیا

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ میں جمعیت علما اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی مبینہ نظربندی اور بازیابی کے لیے دائر درخواست پر سماعت کے دوران پولیس نے عدالت میں جواب جمع کراتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ مولانا فضل ——(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2پر)

یو این ڈی پی کے ریزیڈنٹ نمائندے سیموئل رزق کی قیادت میں وفد کی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے اسلام آباد میں ملاقات، ترقیاتی ترجیحات، کلائمیٹ فنانس اور تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال۔

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت وزارت خارجہ میں اجلاس، پاکستان کی آئندہ دو طرفہ، سہ فریقی اور کثیر الجہتی مصروفیات کا جائزہ، سینئر حکام کی شرکت۔

ملک بھر میں وومن فیسیلیٹیشن سینٹرز کا قیام ترجیح ہے، چیف جسٹس پاکستان

ان مراکز میں خواتین کو ون ونڈو نظام کے تحت عدالتی معلومات، قانونی رہنمائی اور معاونت فراہم کی جائے گی

فیملی کورٹس کے ساتھ ویمن فیسیلیٹیشن سینٹرز کے قیام سے خواتین کو مختلف دفاتر کے چکر لگانے کی ضرورت کم ہوگی، اجلاس میں بریفنگ

لاہور (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت پنجاب میں ویمن فیسیلیٹیشن سینٹرز کے قیام سے متعلق اجلاس سپریم کورٹ لاہور برانچ رجسٹری میں منعقد ہوا، جس میں ابتدائی طور پر فیصل آباد اور میانوالی میں ویمن فیسیلیٹیشن سینٹرز اور فیملی کورٹس کے قیام کے منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس عالیہ نیلم، رجسٹرار سپریم کورٹ، رجسٹرار لاہور ہائی کورٹ، سیکرٹری محکمہ مواصلات و تعمیرات پنجاب راجہ جہانگیر انور، چیف آرکیٹیکٹ احمد مدثر اور جنرل منیجر ایس پی یو مظہر منصور نے شرکت کی، ملک گیر ڈیزائن مقابلے میں کامیاب ہونے والے آرکیٹیکٹ رضا زاہد بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ ملک بھر میں ——(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2پر)

مفتی اویس گرفتاری کیس، جسمانی ریمانڈ پر فیصلہ محفوظ

ملزم بھاگ کر کچہری کے باہر روڈ پر گیا تو ٹرک نے ٹکر ماردی، جج ابوالحسنات کا وکیل سے مکالمہ

اسلام آباد (جی این ایم) انسداد دہشتگردی عدالت کے جج ابوالحسنات نے مفتی اویس گرفتاری کیس میں وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ میرے والد جج تھے، ان کی عدالت میں فیصلے سے قبل ایک ملزم بھاگ گیا، ملزم بھاگ کر کچہری کے باہر روڈ پر گیا تو ——(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2پر)

جیرڈ کشنر کی ایرانی حکام سے متعدد ملاقاتوں کی تصدیق

یوکرین جنگ میں معمولی غلط فہمی بڑے تصادم کا سبب بن سکتی ہے، انٹرویو

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے خصوصی ایلچی جیرڈ کشنر نے تصدیق کی ہے کہ انہوں نے ایران کے ساتھ جاری تنازع کے دوران ایرانی نمائندوں سے متعدد مرتبہ ملاقاتیں کی ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ صدر ٹرمپ نے ایران کے معاملے ——(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2پر)

نئے صوبوں کا معاملہ درست طریقے سے ہینڈل نہیں کیا گیا، رانا ثناء اللہ

سیم پیج شہباز شریف اور سید عاصم منیر کی فہم و فراست کا مرہونِ منت، نواز شریف کو اس ہم آہنگی کی مکمل تائید حاصل ہے

نشیب و فراز کے دوران اگر کوئی کھڑا تھا تو وہ نواز شریف تھے، محسن نقوی سے اختلاف تھا، ذاتی لڑائی نہیں، گفتگو

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کا قیام ایک اہم آئینی اور سیاسی معاملہ ہے، جس پر بحث اور فیصلے کا اصل فورم پارلیمنٹ ہے، اس معاملے کو کسی غیر پارلیمانی فورم پر اٹھانا مناسب نہیں تھا، موجودہ ہم آہنگی اور سیم پیج وزیراعظم شہباز شریف اور سید عاصم منیر کی فہم و فراست، حب الوطنی اور باہمی اعتماد کا مرہونِ منت ہے، جس میں مجھ ——(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2پر)

اسلام آباد، پاکستان میں کینیڈا کے ہائی کمشنر ڈاکٹر طارق علی خان وفاقی وزیراعظم نذیر تارڑ سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کی سلامتی اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، حنیف عباسی

بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بہادری کا منہ بولتا ثبوت ہے،

بھارت پاکستان میں بدامنی پھیلانے کے اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوگا، 12 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے بلوچستان میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان کے 12 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزارت سے جاری بیان کے مطابق وزیر ریلوے نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور ——(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2پر)

اسلام آباد، سوئٹزرلینڈ کے سفیر مسٹر سٹیفن رے وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ملاقات کر رہے ہیں

محسن نقوی کا مارگلہ روڈ کی موٹروے تک توسیع اور سنگجانی انٹرچینج پراجیکٹ کا دورہ

افرادی قوت اور مشینری کی تعداد بڑھانے کے احکامات جاری، منصوبے پر پیش رفت کی روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ طلب

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد میں مارگلہ روڈ کی موٹروے تک توسیع اور سنگجانی انٹرچینج پراجیکٹ کا دورہ کیا اور منصوبے پر کام کی سست روی دیکھ کر سخت برہمی کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے موقع پر ہی افرادی قوت اور مشینری کی تعداد بڑھانے کے احکامات دیتے ہوئے کہا کہ کام کی رفتار یہی رہی تو منصوبہ اگلے 6 ماہ میں بھی مکمل نہیں ہوسکتا۔ محسن نقوی نے کہا کہ ایک مشین اور چند ورکرز سے کام نہیں چل سکتا، اس سپیڈ سے 31 دسمبر تک کسی صورت پراجیکٹ مکمل نہیں ہوسکتا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے منصوبے پر پیش رفت کی روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ طلب کرتے ہوئے کہا کہ 7 روز بعد دوبارہ وزٹ کروں گا اور پیشرفت کا جائزہ لوں گا۔ منصوبے میں انٹرچینج، انڈر پاسز، پل اور مارگلہ روڈ کو موٹروے سے ملانا شامل ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد میں مارگلہ روڈ کی موٹروے تک توسیع اور سنگجانی انٹرچینج پراجیکٹ کا دورہ کیا اور منصوبے پر کام کی سست روی دیکھ کر سخت برہمی کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے موقع پر ہی افرادی قوت اور مشینری کی تعداد بڑھانے کے احکامات ——(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2پر)

قلعہ عبداللہ میں جامع پولیس آپریشن، بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد

غیر قانونی اسلحہ سازی اور جرائم پیشہ گروہوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی: حکومت بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایات پر ضلع قلعہ عبداللہ میں جرائم پیشہ عناصر، غیر قانونی اسلحہ سازی، منشیات کے کاروبار اور منظم جرائم پیشہ گروہوں کے خلاف 21 سے 25 نومبر 2026 تک جامع پولیس آپریشن کیا گیا، جس کے ——(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2پر)

بلوچستان پبلک سروس کمیشن کا امتحان دینے کے مواقع کی تعداد بڑھانے کا فیصلہ

وزیراعلیٰ کی مصنوعی ذہانت پر مبنی جدید ٹیسٹنگ سسٹم متعارف ہوگا، امتحان سے نتائج تک تمام مراحل 3 ماہ میں مکمل کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبائی مقابلے کے امتحانات میں شرکت کے مواقع 3 سے بڑھا کر 6 کرنے کی ہدایت کردی، جبکہ امتحانی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان پبلک سروس کمیشن میں اصلاحات سے متعلق اجلاس ہوا، جس میں صوبائی مقابلے کے امتحانات کے نظام کو جدید، شفاف اور تیز رفتار بنانے کیلئے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ پی سی ایس امتحانات میں امیدواروں کو شرکت کے 3 کے بجائے 6 مواقع فراہم کئے جائیں۔ اس کے علاوہ مقابلے کے امتحانات میں مصنوعی ذہانت پر مبنی جدید ——(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2پر)

قائم مقام گورنر عبدالخالق اچکزئی کی پہلے پاکستانی خلاباز محمد ذیشان علی کو کامیاب خلائی مشن پر مبارکباد

پاکستان اور بلوچستان محفوظ ہاتھوں میں ہیں، دہشت گردوں کی کمر توڑ دی گئی ہے، میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) قائم مقام گورنر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے پاکستان کے پہلے خلاباز محمد ذیشان علی کو چین کے تعاون سے کامیاب خلائی سفر پر اہلِ بلوچستان کی جانب سے مبارکباد پیش کی ہے۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بلوچستان محفوظ ہاتھوں میں ہیں، جبکہ سیکیورٹی فورسز ملک کے دفاع کے لیے مؤثر کردار ادا کر رہی ہیں اور صوبے میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں کے نتیجے میں ان کی کمر توڑ دی گئی ہے۔ قائم مقام گورنر نے کہا کہ کلائمیٹ چینج کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ہم سب کو ——(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2پر)

ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات اور ڈی سی گوادر کی مقامی عمائدین و صحافیوں سے کھلی نشست

گوادر میں صحت، تعلیم، آبنوشی اور دیگر بنیادی سہولیات کے مسائل کے حل کے لیے اقدامات کی یقین دہانی

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات اور صوبائی حکومت کے عوام دوست ترقیاتی وژن کے تحت ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی میزبانی میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات بلوچستان زاہد سلیم کی قیادت میں اعلیٰ سطحی صوبائی ——(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2پر)

قلات میں قومی شاہراہ پر کار اور رکشے میں تصادم، دو خواتین سمیت چار افراد زخمی

زخمیوں کو ڈی ایچ کیو اسپتال قلات میں ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا، پولیس ذرائع

قلات (یو این اے) قلات کے علاقے ژیالو کے قریب قومی شاہراہ پر کار اور رکشے کے درمیان تصادم کے نتیجے میں دو خواتین سمیت چار افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیموں اور پولیس نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو فوری طور پر ڈی ایچ کیو اسپتال قلات منتقل کیا، جہاں انہیں ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی، تاہم بعد ازاں چاروں زخمیوں کو مزید بہتر علاج معالجے کے لیے کوئٹہ ریفر کر دیا گیا۔ قلات کے علاقے ژیالو کے قریب قومی شاہراہ پر کار اور رکشے کے درمیان تصادم کے نتیجے میں دو خواتین سمیت چار افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق حادثے کیٹیسٹنگ سسٹم متعارف کرایا جائے۔ میر سرفراز بگٹی ——(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2پر)

کوئٹہ: آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل محمد عاطف مجتبیٰ بیوٹمز یونیورسٹی میں طلباء کے ساتھ نشست کے دوران طالبہ کی گفتگو سن رہے ہیں۔

WELCOME
TO THE UNIVERSITY OF TURBAT
TRADITION, INNOVATION, EXCELLENCE
HONORABLE CHIEF MINISTER OF BALOCHISTAN
UNIVERSITY OF TURBAT
تربت، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی یونیورسٹی آف تربت میں خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ: آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) کا بیوٹمز یونیورسٹی کا دورہ، طلباء و فیکلٹی سے غیر رسمی نشست

آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل محمد عاطف مجتبیٰ نے کہا، بلوچستان کے طلباء پاکستان کا قیمتی سرمایہ اور روشن مستقبل ہیں

کوئٹہ (خ ن) آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل محمد عاطف مجتبیٰ نے بیوٹمز (BUITEMS) یونیورسٹی کوئٹہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے فیکلٹی ممبران اور طلباء کے ساتھ ایک غیر رسمی اور دوستانہ نشست میں شرکت کی۔ نشست کے دوران بلوچستان میں تعلیمی شعبے کو درپیش چیلنجز، نوجوانوں کے لیے اعلیٰ تعلیم اور ترقی کے مواقع، قومی ترقی میں طلباء کے کردار اور صوبے کی موجودہ سیکیورٹی صورتحال سمیت اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر آئی جی ایف سی نے نوجوانوں کی صلاحیتوں پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے طلباء پاکستان کا قیمتی سرمایہ اور روشن مستقبل کی ضمانت ہیں۔ نوجوانوں کو معیاری تعلیم، مثبت سوچ اور قومی یکجہتی کے جذبے سے ملک کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔ نشست کے دوران آئی جی ایف سی کا طلباء کے درمیان بیٹھ کر براہِ راست گفتگو کرنا نوجوان نسل کے ساتھ اعتماد، اپنائیت اور مثبت رابطے کی ایک خوبصورت مثال بن گیا۔ یونیورسٹی انتظامیہ اور طلباء نے بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام، تعلیمی ترقی اور نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کے لیے ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ 01

دی پریس سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان اعتماد کا شدید فقدان ہے، جبکہ پیپلز پارٹی اور تحریک انصاف کے درمیان بھی اعتماد کی کمی پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سسٹم کا ری سیٹ جمہوری طریقے سے ہونا چاہیے، جس میں سیاسی جماعتوں اور تمام متعلقہ فریقوں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ بلاول بھٹو نے مطالبہ کیا کہ اپوزیشن کو الیکٹورل ریفارمز کمیٹی میں شامل کیا جائے، کیونکہ شفاف انتخابات ہی عوام کے اعتماد کی بحالی کے لیے ضروری ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جب تک آزادانہ اور منصفانہ انتخابات نہیں ہوتے اور انتخابی نظام پر عوام کا اعتماد بحال نہیں ہوتا، کوئی بھی الیکشن یا ریفرنڈم متنازع رہے گا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ ملک کے تمام اہم فیصلے پارلیمنٹ کے اندر ہونے چاہئیں۔ پارلیمنٹ سے باہر ہونے والے فیصلے نہ تو اتنی قانونی حیثیت رکھتے ہیں اور نہ ہی ملکی مفاد میں ہوتے ہیں۔ انہوں نے یاد دلایا کہ قائداعظم محمد علی جناح نے پاکستان کے حصول کے لیے ہتھیار نہیں اٹھائے بلکہ جمہوری جدوجہد کی تھی، اور اسی جمہوری طرز کو آج بھی رہنمائی کے لیے اپنانا چاہیے۔ معاشی صورتحال پر بات کرتے ہوئے بلاول بھٹو نے کہا کہ اس وقت ملک میں کوئی قدرتی آفت نہیں ہے، لیکن اس کے باوجود عوام شدید معاشی مشکلات کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملتان کے گزشتہ دورے کے دوران شہر سیلابی پانی میں ڈوبا ہوا تھا، اور پیپلز پارٹی کے کارکنوں اور منتخب نمائندوں نے پنجاب میں سیلاب متاثرین کے ساتھ کھڑے ہو کر ساتھ دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اب چیلنجز معاشی شکل اختیار کر چکے ہیں۔ مہنگائی، غربت اور بے روزگاری میں اضافہ ہو رہا ہے، اشیائے خورونوش، پٹرول اور بجلی کے بلوں کی بڑھتی قیمتوں نے گھرانوں پر بوجھ بڑھا دیا ہے۔ زرعی شعبے میں بھی کسان مہنگے ڈیزل اور ڈی اے پی کھاد کی بڑھتی قیمتوں سے پریشان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اختلافات کے باوجود رہنماؤں کو عوام کی معاشی حقیقتوں کو تسلیم کرنا چاہیے۔ صحافیوں کے کردار پر بات کرتے ہوئے بلاول بھٹو نے کہا کہ پاکستان کے صحافی ہمیشہ ملک کی طاقت رہے ہیں، جنہوں نے اپنے قلم کی طاقت سے حکومتوں کو متاثر کیا اور حکمرانوں کا احتساب کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ کسی حکومت کو گرانا نہیں چاہتے، بلکہ چاہتے ہیں کہ صحافی آزادانہ رپورٹنگ اور تعمیری تنقید کے ذریعے حکمرانوں کو آئینہ دکھائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ صحافیوں کو سیاستدانوں کی طرح ایک دوسرے کی تعریف کرنے کی روش نہیں اپنانی چاہیے، تنقید ضروری ہے تاکہ سیاستدان اپنی خامیوں کو پہچان کر بہتر فیصلے کر سکیں۔

بقیہ 02

داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو زبردست الفاظ میں سراہا ہے۔ وزارت سے جاری بیان کے مطابق وزیر داخلہ نے 12 خوارجیوں کو جہنم رسید کرنے پر سکیورٹی فورسز کی جرات اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ خوارجیوں کے ناپاک عزائم ناکام بنانے والے سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر پوری قوم کو فخر ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی یہ کامیاب کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے غیر متزلزل عزم کی عکاس ہیں۔ انہوں نے وطن کے بہادر سپوتوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 03

شہباز شریف نے قاہرہ میں آئل ٹینکر میں آتشزدگی کے المناک واقعے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جمعرات کو ایکس پر جاری بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کے عوام اور حکومت کی جانب سے صدر عبدالفتاح السیسی، متاثرہ خاندانوں اور برادر ملک مصر کے عوام سے اس سانحے پر دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہوں، ہماری ہمدردیاں اور دعائیں ان تمام افراد کے ساتھ ہیں جنہوں نے اپنے پیاروں کو کھو دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے بھی دعا گو ہیں، پاکستان دکھ کی اس گھڑی میں مصر کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا ہے۔

بقیہ 04

امن کے قیام، انتظامی نظام کی بہتری اور عوام کو بنیادی سہولیات کی مؤثر فراہمی کے لیے سول اور عسکری ادارے باہمی اشتراک اور مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات کر رہے ہیں۔ صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور مشترکہ کوششوں کے ذریعے امن و استحکام کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو صوبے میں گورننس کے نظام کو مزید مؤثر اور بہتر بنانے کے لیے جاری اقدامات کا جائزہ لینے سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں کمانڈر کوئٹہ کور نے خصوصی شرکت کی، جبکہ صوبائی کابینہ کے ارکان اور مختلف صوبائی محکموں کے سیکرٹریز بھی شریک ہوئے۔ اجلاس کو چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے صوبے میں امن و امان کی صورتحال، ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت اور گورننس کے نظام میں بہتری کے لیے اٹھائے گئے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مضبوط اور فعال انتظامی ڈھانچہ سیکیورٹی چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹنے اور عوامی مسائل کے حل میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ اسی مقصد کے تحت صوبے کے تمام اضلاع میں میرٹ کی بنیاد پر کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور ضلعی پولیس افسران تعینات کیے گئے ہیں تاکہ انتظامی امور میں شفافیت، جوابدہی اور کارکردگی کو بہتر بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کے نظام کو مضبوط بنانے اور سیکیورٹی سے متعلق امور میں بہتری کے لیے موجودہ صوبائی حکومت نے 16 قوانین منظور کیے ہیں، جبکہ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں سیف سٹی منصوبوں کی تکمیل کے لیے کام تیز کر دیا گیا ہے تاکہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے سیکیورٹی اور نگرانی کے نظام کو مزید مستحکم بنایا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ نے تعلیم کے شعبے میں ہونے والی پیش رفت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دو برسوں کے دوران 7 لاکھ 58 ہزار بچوں کو دوبارہ تعلیمی نظام کا حصہ بنایا گیا ہے، جبکہ تقریباً 17 ہزار تدریسی عملے کی بھرتی کے ذریعے صوبے کے تمام بند اسکولوں کو فعال بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کے فروغ اور بچوں کو تعلیمی مواقع کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت صحت کی سہولیات کی فراہمی میں بھی بہتری لا رہی ہے اور دور دراز علاقوں کے سرکاری اسپتالوں میں ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ شہریوں کو ان کی دہلیز پر بنیادی طبی سہولیات میسر آ سکیں۔ وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبائی حکومت تمام متعلقہ اداروں کے اشتراک سے امن و امان، گورننس، تعلیم، صحت اور ترقیاتی شعبوں میں بہتری کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی، کیونکہ مؤثر انتظامی نظام، امن و استحکام اور عوامی خدمات کی فراہمی صوبے کی پائیدار ترقی کے بنیادی تقاضے ہیں

بقیہ 05

ملک جام کرنے کا اعلان کر دیا۔ اپنے ایک ویڈیو بیان میں امیر جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے سرگودھا میں 26 نومبر کی کانفرنس کے انعقاد پر قائم رہنے کا اعلان کیا اور مختلف اطراف سے قافلوں کی آمد کا دعویٰ کیا۔ انہوں نے لاہور میں رہائش گاہ کے مرکزی دروازوں پر کنٹینرز کھڑے کر کے نقل و حرکت محدود کرنے کا شکوہ کیا اور سرگودھا روانگی کا عزم ظاہر کیا۔ انہوں نے ? سرگودھا جانے والے راستوں، موٹرویز، چشمہ، میانوالی، خوشاب اور فیصل آباد کے علاقوں کی بندش اور شہر میں کرفیو جیسی فضا کا دعویٰ کیا اور ? پنڈال پر پولیس کے قبضے اور سرگودھا و خوشاب سمیت راولپنڈی سے ڈیرہ غازی خان تک کارکنوں کی گرفتاریوں کا الزام لگایا۔ انہوں نے سربراہ جے ٹی آئی کے مرکزی ناظم عمومی مولانا عبدالغفور حیدری اور صوبائی امیر جے یو آئی پنجاب مولانا امجد خان کی نظر بندی کا دعویٰ کیا اور جلسہ گاہ پہنچنے یا نہ پہنچنے کی صورت میں ملک بھر کے عوام اور کارکنوں کو سڑکوں پر نکلنے، شاہراہیں اور موٹرویز بند کرنے کی کال دی۔ انہوں نے سرگودھا کے بیمار امیر کے وکیل بیٹے کی گرفتاری اور مبینہ تشدد کی مذمت کی اور آمرانہ ہتھکنڈوں کے خلاف ملک گیر احتجاج و شٹر ڈاؤن کا اعلان کیا۔ جے یو آئی (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے ویڈیو بیان میں کہا کہ آج سرگودھا میں کانفرنس کے انعقاد کا اعلان کیا گیا تھا، ملک بھر سے قافلے سرگودھا پہنچ رہے ہیں، میں لاہور میں مقیم ہوں، میری رہائش گاہ کے باہر کنٹینر لگا دیے گئے ہیں، ہماری نقل و حرکت محدود کر دی گئی ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ سرگودھا پہنچنے کے لیے پُرعزم ہوں، میں سرگودھا کے لیے روانہ ہو رہا ہوں، اطلاعات ہیں کہ موٹروے بند کر دی گئی ہے، سرگودھا جانے والے تمام راستے بند کر دیے گئے ہیں، سرگودھا میں کرفیو کا سماں ہے، کانفرنس کے پنڈال پر پولیس نے قبضہ کر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی سے ڈیرہ غازی خان تک ہمارے کارکنوں کو گرفتار کیا جا رہا ہے، مولانا عبدالغفور حیدری سمیت دیگر قائدین کو گھروں میں نظر بند کر دیا گیا ہے، ملک بھر کے کارکن فوری طور پر سڑکوں پر نکلیں اور راستے بند کر دیں، موٹرویز کو بند کر دیا جائے، ہمیں ہمارے جمہوری حق سے محروم کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 06

چین کی قیادت اور عوام کو مبارکباد پیش کی۔ اس مشن کے ذریعے پاکستانی خلا باز محمد ذیشان علی کو چین کے تیانگونگ خلائی اسٹیشن لے جایا جا رہا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان اپنے برادر ملک چین کا شکر گزار ہے، جس نے پاکستانی خلا باز کو اس تاریخی خلائی مشن کا حصہ بننے کا موقع فراہم کیا۔ اس مشن کے نتیجے میں ایک پاکستانی چین کے خلائی اسٹیشن کا دورہ کرنے والا پہلا غیر ملکی خلا باز بن گیا ہے۔ وزیراعظم نے دونوں پاکستانی خلا بازوں کی تربیت کے لیے چینی اداروں کی کوششوں کو سراہتے ہوئے سپارکو، تعلیمی اداروں، سائنس دانوں اور مسلح افواج کے کردار کو بھی خراجِ تحسین پیش کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ کامیابی پاکستان کے نوجوانوں کو چاند اور اس سے آگے کی منزلیں حاصل کرنے کے لیے متحرک کرے گی۔ انہوں نے چینی صدر شی جن پنگ کی قیادت اور دوراندیش وژن کو سراہتے ہوئے کہا کہ چین نے سائنس، ٹیکنالوجی اور خلائی تحقیق کے شعبوں میں نمایاں ترقی کی ہے اور انسانیت کے وسیع تر مفاد میں اپنا خلائی پروگرام دوست ممالک کے لئے بھی کھولا ہے۔ وزیراعظم نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان خلا کی پرامن تحقیق اور استعمال کیلئے چین کے ساتھ تعاون جاری رکھے گا۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کے سلسلے میں رواں سال ہونے والی تقریبات اور دیگر سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے چینی سفیر کے ذریعے صدر شی جن پنگ اور وزیراعظم لی چیانگ کے نام

بقیہ 07

کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایوانِ صدر کے پریس ونگ سے جمعرات کو جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کے خلاف مؤثر کارروائیوں اور دہشت گردوں کو انجام تک پہنچانے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی مسلسل کامیابیاں ملک کے امن و استحکام کے لیے ان کے عزم اور قربانیوں کی مظہر ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ فتنہ الہندوستان اور بیرونی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کا مکمل خاتمہ قومی سلامتی کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ہر علاقے سے بیرونی سرپرستی اور معاونت میں سرگرم دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں جاری رہیں گی

بقیہ 08

اسمبلی ملک احمد خان نے کہا ہے کہ صوبوں کی تقسیم اور ریفرنڈم کے معاملے پر ان کا موقف واضح ہے، اصل اختیار عوام کے پاس ہے، تاہم اگر پارلیمان باہمی مشاورت سے صوبوں کے معاملے کا حل نکال لے تو یہ زیادہ بہتر ہوگا، تمام سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر معاملات حل کرنے چاہئیں۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے سپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ ریفرنڈم کے حوالے سے آئین میں طریقہ کار واضح ہے اور دنیا کے 60 ممالک میں اہم قومی فیصلوں کے لئے ریفرنڈم کو ذریعہ بنایا جاتا ہے، ریفرنڈم عوام کی مرضی کا اظہار ہے، اگر عوام خود کسی معاملے پر فیصلہ کر رہے ہوں تو ایسی صورت میں پارلیمان کا کردار پیچھے رہ جاتا ہے۔ ملک احمد خان کا کہنا تھا کہ صوبوں کے اختیارات کے حوالے سے ان کا موقف بالکل واضح ہے، صوبوں سے متعلق اختیار سیاسی جماعتوں کے سربراہان کے پاس ہے، پیپلز پارٹی قومی اسمبلی میں صوبوں کی تقسیم کی بات کرتی ہے، جبکہ مسلم لیگ ن اس معاملے پر واک آؤٹ کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے بھی واضح کیا ہے کہ ریفرنڈم کے معاملے پر صوبائی نمائندوں کو احتیاط سے بات کرنی چاہیے۔ وزیراعظم کی جانب سے اس حوالے سے ہدایت بھی آ چکی ہے کہ ریفرنڈم کے موضوع پر مثبت انداز میں بات کی جا سکتی ہے، وزیراعظم کی تجویز اہم ہے اور تمام سیاسی جماعتوں کو ایک ساتھ بیٹھ کر معاملات کا حل تلاش کرنا چاہیے۔ سپیکر پنجاب نے کہا کہ آئین کی تشریح کیلئے آئینی طریقہ کار کے تحت سپریم کورٹ سے رجوع کیا جا سکتا ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن سے متعلق سوال پر ملک احمد خان نے کہا کہ یہ حکومت کا معاملہ ہے، ابھی واضح نہیں کہ حکومت نے کس تناظر میں یہ بات کی ہے۔ بنگلہ دیش کے سپیکر کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ بنگلہ دیش کے سپیکر اپنے ملک کی فٹ بال ٹیم کا حصہ رہ چکے ہیں، تاہم بنگلہ دیش کے سپیکر کی پروفائل پڑھ کر وہ بہت متاثر ہوئے۔

بقیہ 09

فضل چودھری اور عامر ڈوگر کی ملاقات میں انتخابی اصلاحات کمیٹی کی تشکیل پر تبادلہ خیال کیا گیا، انتخابی اصلاحات کمیٹی امور پر اتفاق نہ ہو سکا۔ عامر ڈوگر نے کہا کہ پی ٹی آئی نے تاحال انتخابی اصلاحات کمیٹی میں شمولیت کا فیصلہ نہیں کیا، قیادت کی منظوری کے بغیر پارلیمانی کمیٹی کیلئے ازخود نام دینے کی پوزیشن میں نہیں ہوں۔ طارق فضل چودھری کا کہنا تھا کہ حکومت پی ٹی آئی کا کمیٹی میں یکساں نمائندگی کا مطالبہ پہلے ہی مسترد کر چکی ہے، پی ٹی آئی واضح کرے کہ انتخابی اصلاحات کمیٹی میں شامل ہونا ہے یا نہیں، پی ٹی آئی کی شمولیت کے بغیر بھی انتخابی اصلاحات کمیٹی تشکیل دی جا سکتی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پی ٹی آئی کے غیر سنجیدہ رویے سے انتخابی اصلاحات کمیٹی کی تشکیل میں تاخیر ہو رہی ہے، لگتا ہے پی ٹی آئی آئندہ انتخابات کے انعقاد کے معاملے پر سنجیدہ نہیں، پی ٹی آئی کے رویے کی وجہ سے کمیٹی کی تشکیل غیر معینہ مدت تک موخر نہیں کر سکتے۔

بقیہ 10

کئے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 20 نومبر کو نوشکی میں دہشتگردوں کے ٹھکانے کو نشانہ بنایا گیا جس دوران 8 دہشتگرد ہلاک ہوئے جبکہ ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا۔ 21 نومبر کو سبی میں دہشتگردوں کی نقل و حرکت روک دی گئی اور کارروائی کے دوران 2 دہشتگرد ہلاک کردیے گئے۔ 22 اور 23 نومبر کو پنجگور اور کیچ میں کارروائیوں میں دہشتگردوں کے ٹھکانوں کو تباہ کیا گیا جبکہ کارروائی میں فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 2 دہشتگرد مارے گئے۔ دریں اثناء صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں بھارتی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا، انہوں نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کے خلاف موثر کارروائیوں اور دہشت گردوں کو انجام تک پہنچانے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہا۔ آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی مسلسل کامیابیاں ملک کے امن و استحکام کیلئے ان کے عزم اور قربانیوں کا مظہر ہیں، فتنہ الہندوستان اور بیرونی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کا مکمل خاتمہ قومی سلامتی کیلئے ناگزیر ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کے ہر علاقے سے بیرونی سرپرستی اور معاونت میں سرگرم دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بھی بلوچستان میں کامیاب کارروائیوں میں 12 بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیابیاں قابلِ فخر ہیں، غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ شہدا اور غازیوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، بلوچستان میں امن و ترقی دشمنوں کو ہر صورت ناکام بنائیں گے۔

بقیہ 11

آبنائے ہرمز پر دشمن کے متعدد ڈرونز کو تباہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ کارروائیاں ایرانی مسلح افواج کی نمایاں تکنیکی صلاحیتوں کا ثبوت ہیں، ایران میں میزائلوں کی تیاری کبھی نہیں رکی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہتھیاروں کے ذخائر کے معاملے میں ایران کی پوزیشن امریکا سے کہیں بہتر ہے، ایران اپنے میزائلوں کی طاقت اور درستگی میں مسلسل اضافہ کر رہا ہے۔

بقیہ 12

الرحمان کو نہ تو گرفتار کیا گیا ہے اور نہ ہی ہاؤس اریسٹ کیا گیا ہے، جب کہ سرکاری وکیل نے دعویٰ کیا کہ وہ گزشتہ روز تعزیت کے لئے گئے تھے جس پر عدالت نے ویڈیوز اور تصاویر منگوانے کی ہدایت کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ میں جسٹس علی ضیا باجوہ نے مقامی وکیل ابرار حسین کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت کی، اس سماعت کے دوران سی سی پی او لاہور کی جانب سے سرکاری وکیل فرخ لودھی نے عدالت میں جواب جمع کروایا۔ پولیس کی جانب سے جمع کرائے گئے جواب میں موقف اختیار کیا گیا کہ پولیس نے مولانا فضل الرحمان کو گرفتار نہیں کیا اور نہ ہی وہ پولیس کو مطلوب ہیں، جبکہ انہیں ہاؤس اریسٹ بھی نہیں کیا گیا، سماعت کے دوران سرکاری وکیل فرخ لودھی نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان گزشتہ روز کسی کی تعزیت کے لئے گئے تھے۔ سرکاری وکیل کے بیان پر عدالت نے استفسار کیا کہ تعزیت پر جانے کے حوالے سے ان کے پاس کیا ثبوت موجود ہے؟ اس پر سرکاری وکیل نے جواب دیا کہ مولانا فضل الرحمان کی ویڈیوز اور تصاویر موجود ہیں، عدالت نے ہدایت کی کہ وہ ویڈیوز اور تصاویر منگوالی جائیں۔

بقیہ 13

دارالحکومت اسلام آباد میں غیر ملکی وفود کی آمد اور سہ فریقی دفاعی اجلاس کے پیشِ نظر (آج) جمعہ 27 نومبر کو مقامی تعطیل کا اعلان کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن نے مقامی تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، جس کے مطابق جمعہ کو اسلام آباد کی حدود میں تمام تعلیمی ادارے اور سرکاری دفاتر بند رہیں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تعطیل کا اطلاق میٹروپولیٹن کارپوریشن اسلام آباد، کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی، اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری انتظامیہ، پولیس، آئیسکو، ایس این جی پی ایل اور اسپتالوں پر نہیں ہوگا۔ واضح رہے کہ اسلام آباد میں غیر ملکی وفود کی آمد اور سہ فریقی دفاعی اجلاس کے باعث سیکیورٹی اور ٹریفک کے خصوصی انتظامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 14

عوام سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افراد کی ارواح کو جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے، زخمیوں کو جلد صحت یابی نصیب کرے اور سوگوار خاندانوں کو یہ صدمہ برداشت کرنے کے لیے صبر عطا فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس مشکل گھڑی میں مصر کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔

بقیہ 15

کہ حکومت عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے پرعزم ہے، منصوبہ معیاری طبی سہولتوں کو فروغ دینے کے حوالے سے شاندار اقدام ہے، جعلی اور غیر معیاری ادویات کی روک تھام کیلئے اہم ڈیجیٹل اقدام کیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ 2010-11 میں پی آئی سی میں غیر معیاری ادویات سے جانیں ضائع ہوئیں، دل کے مریضوں کو دی گئی ادویات کے نمونے یورپ بھجوائے گئے، یورپی لیبارٹریوں نے تصدیق کی کہ مریضوں کو دی گئی ادویات دل نہیں ملیریا کی تھیں۔

بقیہ 16

ویمن فیسیلیٹیشن سینٹرز کا قیام سال 2026-27 کے لیے لا اینڈ جسٹس کمیشن آف پاکستان کی اہم ترجیح ہے، ان مراکز میں خواتین کو ون ونڈو نظام کے تحت عدالتی معلومات، قانونی رہنمائی اور معاونت فراہم کی جائے گی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ فیملی کورٹس کے ساتھ ویمن فیسیلیٹیشن سینٹرز کے قیام سے خواتین کو مختلف دفاتر کے چکر لگانے کی ضرورت کم ہوگی، مجوزہ مراکز میں استقبالیہ، رہنمائی ڈیسک، مخصوص انتظار گاہیں، صاف ستھرے واش رومز اور علیحدہ مشاورتی کمرے قائم کیے جائیں گے۔ مراکز میں ثالثی کے لیے خصوصی کمرے، بچوں کی دیکھ بھال کے لیے ڈے کیئر سینٹرز اور خواتین کو قانونی مشورے، قانونی معاونت اور نفسیاتی و سماجی مدد فراہم کرنے کی سہولیات بھی موجود ہوں گی، متبادل حلِ تنازعات اور ضرورت کے مطابق متعلقہ اداروں سے رجوع کرنے میں بھی معاونت فراہم کی جائے گی۔ معذوری کی حامل خواتین کے لیے آسان داخلی راستے، ریمپس اور واضح رہنما علامات فراہم کرنے کے علاوہ خاندانی مقدمات میں بچوں سے ملاقات کے لیے مناسب جگہ بھی مختص کی جائے گی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ویمن فیسیلیٹیشن سینٹرز کے ڈیزائن کے لیے انسٹیٹیوٹ آف آرکیٹیکٹس پاکستان کے زیر اہتمام ملک گیر مقابلہ منعقد کیا گیا تھا، جس میں کامیاب ہونے والے تین بہترین ڈیزائنز تمام ہائی کورٹس کو فراہم کیے جا چکے ہیں۔ اجلاس میں فیصل آباد اور میانوالی کے لیے مجوزہ ڈیزائنز کو مقامی ضروریات کے مطابق ڈھالنے پر تبادلہ خیال کیا گیا، مراکز کے ڈیزائن میں خواتین کی رازداری، آسان رسائی اور مطلوبہ سہولیات کی فراہمی کو خصوصی اہمیت دینے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں لاہور ہائی کورٹ، لا اینڈ جسٹس کمیشن آف پاکستان اور محکمہ مواصلات و تعمیرات پنجاب کے درمیان مؤثر رابطہ کاری کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا، ویمن فیسیلیٹیشن سینٹرز کے قیام کا مقصد خواتین کے لیے انصاف تک رسائی کو مزید آسان، محفوظ اور باوقار بنانا ہے۔

بقیہ 17

ٹرک نے ٹکر ماردی۔ بق اے ٹی سی اسلام آباد میں جمعیت علمائے اسلام کے صدر مفتی اویس کو پیش کیا گیا، عدالت نے مفتی اویس کے جسمانی ریمانڈ پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ دوران سماعت جج ابوالحسنات نے وکیل صفائی سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ میرے والد جج تھے، ان کی عدالت میں فیصلے سے قبل ایک ملزم بھاگ گیا، ملزم بھاگ کر کچھری کے باہر روڈ پر گیا تو ٹرک نے ٹکر ماردی، ٹرک کی ٹکر سے ملزم جاں بحق ہوا تو والد نے سٹینو سے کہا آرڈر بیکار ہو گیا، عدالت نے ملزم کو بری کیا لیکن وہ فیصلہ سننے سے پہلے ہی بھاگا اور مارا گیا۔ جج ابوالحسنات نے کہا کہ کامران صاحب اللہ کے فیصلوں میں حکمت ہوتی ہے، میں نے جو کہا ہے آپ سمجھ گئے ہیں، اب آرڈر کرتا ہوں۔

بقیہ 18

پر تمام ممکنہ آپشنز کھلے رکھے ہوئے ہیں۔ ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے جیرڈ کشنر نے کہا کہ صدر ٹرمپ ایران کی صورت حال پر گہری توجہ دے رہے ہیں اور انہوں نے اس بحران سے نمٹنے کے لئے ایک خصوصی ٹیم بھی تشکیل دی ہے۔ کشنر نے کہا ٹرمپ ایران کے معاملے پر بہت زیادہ توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں اور ان کی انتظامیہ صورت حال سے نمٹنے کیلیء مختلف امکانات پر غور کر رہی ہے۔ انہوں نے ایران کے معاملے پر یورپی ممالک کے ردِعمل کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا۔ کشنر کا کہنا تھا کہ یورپی ممالک امریکا سے بہت زیادہ توقعات رکھتے ہیں، تاہم ایران کے معاملے پر ان کا طرزِ عمل متاثر کن نہیں رہا۔ جیرڈ کشنر نے مزید بتایا کہ وہ ایران سے متعلق تنازع کے معاملے پر امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کی سربراہی میں کام کر رہے تھے۔ کشنر کی جانب سے ایرانی نمائندوں سے متعدد ملاقاتوں کی تصدیق ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب واشنگٹن نے ایران کے حوالے سے اپنے تمام آپشنز کھلے رکھنے کا عندیہ دیا ہے۔ تاہم ان ملاقاتوں کی تاریخ، مقام یا ان میں زیر بحث آنے والے معاملات کی مزید تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں۔ یوکرین کے حوالے سے جیرڈ کشنر نے کہا ہے کہ یوکرین جنگ میں معمولی غلط فہمی کسی بڑے تصادم کا سبب بن سکتی ہے۔ جیرڈ کشنر نے کہا کہ یوکرین تنازع پراکسی وار کی شکل اختیار کر چکا ہے، مشرقی یوکرین کے علاقوں کا تنازع مذاکرات میں بڑی رکاوٹ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یورپ نے جنگ کے دوران روس سے 250 ارب ڈالر کا ایندھن خریدا، یورپ نے یوکرین کی امداد سے زیادہ رقم روس کو ادا کی ہے۔ جیرڈ کشنر کا مزید کہنا تھا کہ روس سے توانائی خریدنے پر یورپی ممالک منافقت کر رہے ہیں، پوتن اور روسی ٹیم سے طویل مذاکرات کے باوجود علاقائی تنازع تعطل کا شکار ہے۔

بقیہ 19

بہادری کا منہ بولتا ثبوت ہے، دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے ہماری بہادر فورسز کی قربانیاں پوری قوم کا فخر ہے۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ بھارت پاکستان میں بدامنی پھیلانے کے اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوگا اور بلوچستان کی سرزمین پر امن، استحکام اور ترقی کے دشمنوں کو ہر محاذ پر شکست دی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کی سلامتی اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، پوری قوم اپنی مسلح افواج اور سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، شہدا کی عظیم قربانیاں اور غازیوں کی بہادری ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی کارروائیوں کے منہ توڑ جواب تک یہ جنگ جاری رہے گی۔

بقیہ 20

سمیت کسی اور کا کوئی عمل دخل نہیں جب کہ نواز شریف کی نا صرف اس ہم آہنگی کو مکمل تائید حاصل ہے بلکہ ان کے اور سید عاصم منیر کے درمیان باہمی احترام کا مضبوط رشتہ بھی موجود ہے۔ اپنے انٹرویوز میں رانا ثنا اللہ نے کہا کہ نئے صوبوں کا معاملہ درست طریقے سے ہینڈل نہیں کیا گیا، اتنے اہم معاملے کو غیر پارلیمانی فورم پر اٹھانے سے اسے سلجھانے کے بجائے مزید الجھایا گیا۔ نئے صوبوں کے قیام کیلئے تمام سیاسی جماعتوں، صوبائی نمائندوں اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے درمیان اتفاق رائے پیدا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کا معاملہ پہلے ہی متعلقہ سیاسی قیادت کی سطح پر حل ہونا چاہیے تھا، اس حوالے سے وزیر داخلہ محسن نقوی کے ذریعے بات ان تک پہنچی، تاہم ان کی محسن نقوی سے براہِ راست اس معاملے پر کوئی گفتگو نہیں ہوئی۔ رانا ثنا اللہ نے کہا نئے صوبوں کا اتنا بڑا آئینی اور سیاسی معاملہ کسی ایک شخص کی انفرادی کوشش یا سولو فلائٹ نہیں ہو سکتا، اس کے پیچھے کسی نہ کسی سطح پر مشاورت اور کاغذی کارروائی ضرور ہوئی ہوگی۔ انہوں نے وزیر داخلہ محسن نقوی سے اختلافات کو ذاتی لڑائی یا سرد جنگ قرار دینے کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ اختلاف ان کے موقف اور معاملے کو آگے بڑھانے کے طریقہ کار پر تھا، ان کی شخصیت پر کبھی بات نہیں کی۔ رانا ثنا اللہ نے مزید کہا کہ سیم پیج دو معزز شخصیات میاں شہباز شریف اور سید عاصم منیر کے دم قدم سے قائم ہے اور اس میں مجھ سمیت کسی اور کے ادھر ادھر ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑے گا اور نہ ہی کسی کی اتنی اہمیت ہے، سفارتی اور دیگر محاذوں پر حاصل ہونے والی کامیابیوں بالخصوص معرکہ حق اور علاقائی سفارتی کوششوں کا سہرا انہی دونوں کے سر جاتا ہے، ان کے درمیان موجود معاملہ فہمی ملک و قوم کی بہتری کیلئے برقرار رہنی چاہیئے۔ رانا ثنا اللہ کا کہنا ہے کہ میاں نواز شریف جتنا احترام سید عاصم منیر کا کرتے ہیں، اتنا ہی احترام وہ بھی میاں نواز شریف کا کرتے ہیں، اسی باہمی عزت و احترام سے اس انڈرسٹینڈنگ کی بنیاد جڑتی ہے، ماضی کے نشیب و فراز کے دوران اگر کوئی شخص ڈٹ کر کھڑا اتھا تو وہ میاں نواز شریف تھے، اس ہم آہنگی کو ان کی مکمل تائید حاصل ہے، موجودہ ہم آہنگی اور فہم و فراست اتنی مضبوط ہے کہ اگر ان کے یا کسی کے درمیان کوئی اختلاف یا جھگڑا ابھی ہو جائے تو اس سے کوئی فرق نہیں پڑے گا، کیونکہ اس کا انحصار اعلیٰ سطح کی معاملہ فہمی اور قومی مفادات پر ہے۔

بقیہ 21

دوران غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے جاری ایک صفحہ پر مشتمل پیش رفت رپورٹ کے مطابق آپریشن کا مقصد ضلع میں قانون کی بالادستی قائم کرنا، عوام کو جرائم پیشہ عناصر کے خوف سے نجات دلانا اور امن و امان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانا ہے۔ رپورٹ کے مطابق آپریشن کے دوران غیر قانونی اسلحہ سازی کے مراکز، جرائم پیشہ عناصر کے ٹھکانوں اور منظم جرائم کے نیٹ ورکس کو نشانہ بنایا گیا۔ اس سلسلے میں غیر قانونی اسلحہ تیار کرنے، بارود اور کارتوس بنانے سمیت دیگر غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کی گئی۔ پولیس آپریشن کے دوران بھاری مقدار میں غیر قانونی اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا، جس میں ایک ایل ایم جی، ایک سنائپر رائفل، متعدد ایس ایم جی، جی تھری، کلاشنکوف اور پستول شامل ہیں۔ اس کے علاوہ ایک امریکی ساختہ شاٹ گن، متعدد میگزین، کارتوس اور دیگر ممنوعہ اسلحہ بھی تحویل میں لیا گیا۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ قلعہ عبداللہ کے مختلف علاقوں میں جرائم پیشہ گروہوں اور قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، جبکہ گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف واقعات میں مقدمات درج کر کے قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ حکومت بلوچستان نے واضح کیا ہے کہ غیر قانونی اسلحہ سازی، منشیات کے کاروبار، بھتہ خوری اور دیگر منظم جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ، امن و امان کا قیام اور قانون کی حکمرانی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ حکومت بلوچستان کے مطابق قلعہ عبداللہ میں جاری آپریشن جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ایک مؤثر اور فیصلہ کن اقدام ہے، جس کا مقصد علاقے میں پائیدار امن قائم کرنا اور عوام کو محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 22

وفد نے ڈپٹی کمشنر آفس کے کانفرنس روم میں مقامی عمائدین، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور صحافیوں کے ساتھ کھلی نشست کی۔ اس موقع پر ضلع گوادر کو درپیش عوامی مسائل، بنیادی سہولیات کی صورتحال اور ترقیاتی ضروریات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا کھلی نشست میں شرکاء نے صحت، تعلیم، آبنوشی، اریگیشن، زراعت، مواصلات، بلدیاتی نظام اور دیگر اہم شعبوں سے متعلق مسائل اور تجاویز پیش کیں۔ صحت کے شعبے میں سرکاری ہسپتالوں میں جدید طبی سہولیات، ایم آر آئی مشین کی عدم دستیابی، ایمبولینس سروس، ڈائیلاسز کی سہولت اور طبی عملے کی کمی کی نشاندہی کرتے ہوئے مزید سہولیات کی فراہمی کا مطالبہ کیا گیا تعلیم کے حوالے سے سرکاری اسکولوں میں اساتذہ کی کمی، غیر حاضری، تعلیمی معیار، گرلز مڈل و ہائی اسکولوں کے قیام، طلبہ کے لیے ٹرانسپورٹ اور تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے امور زیر بحث آئے جبکہ میرانی ڈیم سے پانی کی فراہمی، واٹر سپلائی منصوبوں، ڈیموں میں پانی کے ذخیرے، متاثرہ زمینداروں کے معاوضوں، ساحلی شاہراہ پر ٹریفک حادثات، غیر ضروری چیک پوسٹس، سرحدی تجارت اور جیونی سمیت دور دراز علاقوں کے عوام کو درپیش سفری مشکلات پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔ شرکاء نے گوادر میونسپل کارپوریشن کے وسائل میں اضافے، صفائی ستھرائی، منشیات کی روک تھام اور اقلیتی برادری خصوصاً ہندو برادری کے لیے شمشان گھاٹ کی فراہمی سمیت دیگر شہری مسائل کی بھی نشاندہی کی ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم اور ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے شرکاء کی تجاویز اور تحفظات غور سے سنے۔ اس موقع پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات نے کہا کہ صوبائی حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور پسماندہ علاقوں کی ترقی کو ترجیح دے رہی ہے۔ عوامی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ محکموں کو متحرک کیا جائے گا، جبکہ بڑے ترقیاتی اور پالیسی نوعیت کے معاملات وزیر اعلیٰ بلوچستان کے سامنے پیش کیے جائیں گے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ دستیاب وسائل، فنڈز اور حکومتی پالیسیوں کے مطابق گوادر سمیت دیگر علاقوں میں بنیادی سہولیات کی بہتری اور ترقیاتی عمل کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے اس موقع پر ضلع کے عوام کو درپیش مسائل اور مقامی سطح پر درکار ترقیاتی ضروریات کے حوالے سے وفد کو آگاہ کیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ اعلیٰ سطحی حکومتی وفد کی اس نشست سے عوامی مسائل کے حل اور متعلقہ محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری کو مزید تقویت ملے گی وفد میں سیکرٹری زراعت داؤد خان خلجی، سیکرٹری اریگیشن سہیل الرحمٰن بلوچ، سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن، سیکرٹری اسکول ایجوکیشن لعل جان جعفر، ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر انیس طارق گورگیج، اسپیشل سیکرٹری صحت شیہک شہداد بلوچ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ظہور احمد بلوچ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور سمیت دیگر افسران بھی شریک تھے۔

بقیہ 23

پہنچ کر زخمیوں کو فوری طور پر ڈی ایچ کیو اسپتال قلات منتقل کیا، جہاں انہیں ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی، تاہم بعدازاں چاروں زخمیوں کو مزید بہتر علاج معالجے کے لیے کوئٹہ ریفر کر دیا گیا۔

بقیہ 24

ٹیسٹنگ سسٹم متعارف کرایا جائے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پی سی ایس امتحانات ٹوفل اور جی آر ای کے جدید امتحانی معیار کے مطابق منعقد کیے جائیں۔ امتحان کے انعقاد سے نتائج کے اعلان تک تمام مراحل زیادہ سے زیادہ 3 ماہ میں مکمل ہونے چاہئیں تاکہ محنتی نوجوانوں کو نتائج کیلئے مہینوں انتظار نہ کرنا پڑے۔ وزیر اعلیٰ کا کہنا تھا کہ حکومت بلوچستان کے نوجوانوں کو مقابلے کے امتحانات میں آگے بڑھنے کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنا چاہتی ہے اور صوبائی انتظامیہ میں اہل، باصلاحیت اور جدت پسند افسران لانا چاہتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ امتحانی نظام کو جدید، شفاف، تیز رفتار اور پیپر لیس بنانے کے لئے جامع اصلاحات کی جائیں گی، جبکہ میرٹ کی بالادستی اور شفاف انتخاب کے ذریعے نوجوانوں کا ریاست پر اعتماد مضبوط بنایا جائے۔

بقیہ 25

مل کر کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ کور کمانڈر بارڈرز کھولنے کے حق میں ہیں، اب طریقہ کار طے کرنا حکومت کا کام ہے۔

بقیہ 26

دیتے ہوئے کہا کہ کام کی رفتار یہی رہی تو منصوبہ اگلے 6 ماہ میں بھی مکمل نہیں ہوسکتا۔ محسن نقوی نے کہا کہ ایک مشین اور چند ورکرز سے کام نہیں چل سکتا، اس سپیڈ سے 31 دسمبر تک کسی صورت پراجیکٹ مکمل نہیں ہوسکتا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے منصوبے پر پیش رفت کی روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ طلب کرتے ہوئے کہا کہ 7 روز بعد دوبارہ وزٹ کروں گا اور پیشرفت کا جائزہ لوں گا۔ منصوبے میں انٹرچینج، انڈر پاسز، پل اور مارگلہ روڈ کو موٹروے سے ملانا شامل ہے۔

بقیہ 27

کے شعبے میں تعاون کے معاہدوں پر دستخط ہوئے، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، ترک وزیر توانائی، وفاقی وزیر پیٹرولیم اور گورنر سندھ تقریب میں شریک ہوئے۔ پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن اور ترکیہ کی ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے درمیان شیئر ہولڈرز کا معاہدہ طے پا گیا، پشین بلوچستان میں اہم معدنیات اینٹیمونی کی ترقی کیلئے معاہدے پر دستخط ہوگئے۔ ماری منرلز اور ترکیہ کی ایم ٹی اے آئی سی کے درمیان مشترکہ منصوبے کا معاہدہ طے پا گیا۔ چاغی بلوچستان میں تانبے، سونے اور دیگر معدنی ذخائر کی تلاش و ترقی ہوگی۔ جیولوجیکل سروے پاکستان، ترکیہ کے ایم ٹی اے اور ایم ٹی اے آئی سی میں سہ فریقی مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوگئے، تکنیکی تبادلے اور معدنی وسائل کی ترقی میں استعداد کار بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان معدنیات کے شعبے میں تعاون مزید مضبوط ہوگی۔ تقریب سے خطاب میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات تاریخی بنیادوں پر قائم ہیں، تاہم اب وقت ہے کہ اس دوستی کو عملی اقتصادی منصوبوں اور عوام کے لئے ترقی کے مواقع میں تبدیل کیا جائے۔ اسحاق ڈار نے بتایا کہ 87 میٹر طویل اورچ رئیس جدید سیسمک، صوتی اور سمندر کی تہہ کا سروے کرنے والے آلات سے لیس ہے۔ یہ جہاز صوتی لہروں کے ذریعے سمندر کی تہہ میں موجود چٹانوں کی ساخت کا جائزہ لے گا اور حاصل ہونے والے ڈیٹا کی مدد سے زیر سمندر ارضیاتی ساخت کی سہ جہتی تصاویر تیار کی جائیں گی۔ اس تحقیق سے مستقبل میں تیل و گیس کی تلاش اور کھدائی کے امکانات کا تعین کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے بتایا کہ ترک حکام کے مطابق سروے میں تقریباً 5 سے 6 ماہ لگ سکتے ہیں۔ اسحاق ڈار نے امید ظاہر کی کہ یہ مشن پاکستان کے لیے تیل و گیس کے ذخائر کی دریافت کی خوش خبری لائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سمندر میں توانائی کے ذخائر کی تلاش ایک پیچیدہ اور مہنگا عمل ہے اور سیسمک سروے سے ذخائر ملنے کی ضمانت نہیں ہوتی، تاہم یہ مستقبل کی تلاش کے لیے بنیادی معلومات فراہم کرتا ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستانی ماہرینِ ارضیات اور انجینیئرز اپنے ترک ہم منصبوں کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ دونوں ملکوں کی جامعات اور تحقیقی اداروں کے درمیان سمندری ارضیات اور سمندر میں توانائی کی تلاش سے متعلق انجینیئرنگ کے شعبوں میں اشتراک کے امکانات بھی موجود ہیں۔ انہوں نے ترک سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ حکومت اہم منصوبوں میں ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی اور اداروں کے درمیان رابطے کو بہتر بنایا جائے گا تاکہ منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر نہ ہو۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ سمندری سرگرمیوں میں بحری تحفظ اور ماحولیاتی معیار کا مکمل خیال رکھا جائے، کیونکہ سمندر معاشی اثاثہ ہونے کے ساتھ قدرتی امانت بھی ہے۔ ان کے مطابق پاکستان اور ترکیہ کا یہ مشترکہ مشن سائنسی معلومات میں اضافے، قومی صلاحیتوں کی ترقی اور دونوں ملکوں کے درمیان تعاون کے نئے راستے کھولے گا۔ تقریب سے خطاب میں الپرسلان بیرکتار نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان شعبہ توانائی میں تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں، پاکستان اور ترکیہ کی توانائی تعلقات میں نئے دور کا آغاز ہو رہا ہے۔ پاکستان کے ساتھ توانائی کے شعبے میں تعاون کو مزید فروغ دیں گے۔ الپرسلان بیرکتار نے کہا کہ پاکستان ترکیہ مشترکہ تاریخ، اقدار، بھائی چارے کے مضبوط رشتوں میں بندھے ہیں، توانائی کے شعبے میں تعاون دونوں ممالک کے مستقبل کو نئی سمت دیگا۔

بقیہ 28

اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے۔ یورپی یونین کے زیرِ اہتمام یورپی پارلیمنٹ برسلز میں منعقد ہونے والے تیسرے شومان سکیورٹی اینڈ ڈیفنس فورم میں پاکستان نے اعلیٰ سطح پر شرکت کرتے ہوئے عالمی امن و سلامتی، موسمیاتی خطرات اور خطے کے دیرینہ تنازعات کے پرامن حل پر اپنا مقف پیش کیا ہے۔ 17 اور 18 نومبر کو ہونے والے اس دوروزہ فورم میں پچاسی سے زائد شراکت دار ممالک، یورپی یونین، اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی اداروں کے نمائندوں نے شریک ہو کر بدلتے ہوئے عالمی نظام اور سیکیورٹی چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا۔ وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے یورپی یونین کی خارجہ امور اور سلامتی پالیسی کی اعلیٰ نمائندہ کایا کالاس کی خصوصی دعوت پر فورم میں شرکت کی، جہاں یورپی پارلیمنٹ آمد پر ان کا ریڈ کارپٹ استقبال کیا گیا۔ فورم کے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیرِ دفاع نے بتایا کہ گزشتہ سات دہائیوں کے دوران پاکستان کے تقریبا دو لاکھ سینتیس ہزار فوجی اور دیگر اہلکار اقوام متحدہ کے اڑتالیس امن مشنز میں خدمات انجام دے چکے ہیں، جبکہ ایک سو اٹھاسی پاکستانی اہلکار عالمی امن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں۔ خواجہ محمد آصف نے کہا کہ اقوام متحدہ کے امن مشنز کو درپیش مالی مشکلات اور وسائل کی کمی عالمی سلامتی کے لیے چیلنج بن سکتی ہے، اور اہلکار فراہم کرنے والے ممالک کو پالیسی سازی میں موثر نمائندگی ملنی چاہیے۔ انہوں نے عالمی سلامتی کے تصور کو وسیع کرتے ہوئے کہا کہ سلامتی صرف فوجی طاقت تک محدود نہیں بلکہ موسمیاتی تبدیلی، غذائی عدم تحفظ اور معاشی کمزوریاں بھی عدم استحکام کو جنم دے سکتی ہیں، اور پاکستان موسمیاتی خطرات سے شدید متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔ وزیرِ دفاع نے دیرینہ تنازعات کو بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا اور یورپی پارلیمنٹ میں چیئرمین کشمیر کونسل ای یو علی رضا سید سے ملاقات کر کے مسئلہ کشمیر کے لیے ان کی کاوشوں کو سراہا۔ دور برسلز کے دوران یورپی حکام سے ملاقاتوں، سفارتی رابطوں اور انتظامات میں بیلجیئم، لکسمبرگ اور یورپی یونین کے لیے پاکستانی سفیر رحیم حیات قریشی اور سفارتی ٹیم نے اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ 29

کی صلاحیت بڑھا رہی ہیں اور علاقائی تنازعات سے فائدہ اٹھا کر اپنا اثر و رسوخ پھیلا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف موثر عالمی حکمت عملی کے لئے دوٹوک موقف، عدم برداشت اور بین الاقوامی تعاون ناگزیر ہے، افغانستان میں موجود دہشت گرد گروہ نہ صرف اس ملک بلکہ اس کے پڑوسی ممالک کی سلامتی کے لیے بھی سنگین خطرہ ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ داعش خراسان (آئی ایس) کے سرحد پار حملوں کے لیے اپنی صلاحیت اور سرگرمیاں بڑھا رہی ہے، سن لی نے طالبان حکومت پر زور دیا کہ وہ دہشتگردی کے خلاف اپنے وعدوں کی پاسداری کرے اور افغانستان میں موجود تمام دہشتگرد گروہوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کرے، جن میں سلامتی کونسل کی قرارداد 1267 کے تحت پابندیوں کی فہرست میں شامل افراد اور تنظیمیں بھی شامل ہیں۔ چینی مندوب نے کہا کہ افغانستان کو دوبارہ دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہ بننے سے روکنے کیلئے موثر اقدامات ناگزیر ہیں، دہشتگردی کی بنیادی وجوہات کے خاتمے کے لئے عالمی برادری کو افغانستان کی معیشت کی بحالی اور عوام کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کرنی چاہئے۔ انہوں نے وسطی ایشیائی ممالک، علاقائی تنظیموں، خصوصا شنگھائی تعاون تنظیم اور افغانستان کے درمیان تعاون بڑھانے پر بھی زور دیا تاکہ سرحد پار دہشتگردی کے خطرات کا مشترکہ طور پر مقابلہ کیا جاسکے۔ سن لی نے خبردار کیا کہ دہشت گرد تنظیمیں اپنے مقاصد کے لئے انٹرنیٹ، مصنوعی ذہانت، ڈرونز اور دیگر جدید ٹیکنالوجی کا بڑھتا ہوا استعمال کر رہی ہیں۔ ان ذرائع کو لوگوں کو تشدد پر اکسانے، نئے ارکان بھرتی کرنے، مالی وسائل جمع کرنے اور حملوں کی منصوبہ بندی کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ اور عالمی برادری پر زور دیا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی نگرانی، خطرات کے جائزے اور مؤثر ضابطہ کار کو مضبوط بنایا جائے، ترقی پذیر ممالک کو بھی ٹیکنالوجی، آلات، فنی معاونت، تربیت اور خفیہ معلومات کے تبادلے کے ذریعے دہشتگردی کے خلاف اپنی صلاحیتیں بہتر بنانے میں مدد دی جانی چاہئے۔

بقیہ 30

سے فرٹیلائزر کمپلیکس قائم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ دو ارب روپے کی ابتدائی لاگت سے بلوچستان میں رجسٹرڈ بلوچستان انشورنس کمپنی لمیٹڈ قائم کی جائے گی۔ اس کمپنی کے قیام سے صوبے کے سرکاری اداروں اور مقامی شہریوں کو انشورنس کی بہتر اور معیاری سہولیات مقامی سطح پر دستیاب ہوں گی۔ اس اقدام سے صوبے میں مالیاتی خدمات کے شعبے کو وسعت دینے اور سرمایہ کاری کے نئے امکانات پیدا کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت انشورنس کمپنی کا قیام صوبے میں مالیاتی خدمات کے فروغ اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔ حکومت بلوچستان نجی شعبے کے اشتراک سے ایسے منصوبوں پر کام کر رہی ہے جن کے ذریعے صوبے کی معاشی استعداد سے بھرپور استفادہ کیا جا سکے اور عوام کو بہتر سہولیات فراہم ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں نجی شعبے کی شراکت داری کو فروغ دے کر معاشی سرگرمیوں میں وسعت اور پائیدار ترقی کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔ اجلاس میں ضلع ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی میں لو بی ٹی یو گیس کو بروئے کار لاتے ہوئے فرٹیلائزر کمپلیکس کے قیام پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اس منصوبے سے مقامی قدرتی وسائل کے مؤثر استعمال کے ساتھ صنعتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا اور مقامی آبادی کے لیے روزگار کے وسیع مواقع پیدا ہوں گے۔ فرٹیلائزر کمپلیکس کے قیام سے علاقے میں تجارتی سرگرمیوں میں اضافے اور متعلقہ شعبوں میں معاشی مواقع پیدا ہونے کی بھی توقع ہے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور ان وسائل کو مقامی سطح پر صنعتی ترقی، سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے استعمال کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی کوشش ہے کہ قدرتی وسائل سے حاصل ہونے والے معاشی فوائد میں مقامی آبادی کو بھی بھرپور حصہ ملے اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے راستے کھلیں۔ سوئی میں فرٹیلائزر کمپلیکس کا قیام اسی سوچ کے تحت ایک اہم پیش رفت ہے، جس سے علاقے میں صنعتی اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں معاشی ترقی کے لیے ایسے منصوبوں کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے جن میں سرکاری اور نجی شعبہ مشترکہ طور پر سرمایہ کاری کرے۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے دستیاب وسائل، نجی شعبے کی مہارت اور سرمایہ کاری کی صلاحیت کو یکجا کر کے ترقیاتی منصوبوں کو عملی شکل دی جا سکتی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منظور شدہ منصوبوں پر پیش رفت کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جائے تاکہ ان کے ثمرات جلد عوام تک پہنچ سکیں۔ اجلاس میں صوبائی وزیر ترقیات و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ت ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان، سیکرٹری قانون اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 31

بحران سے نکلنے میں وقت لگے گا، عوام کے کندھوں پر معاشی بوجھ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ آنے والے حالات میں عوام کیسے گذارا کریں گے، موجودہ حالات میں فارووڈ پلاننگ کیا کر سکتے ہیں، افسوس کے ساتھ ہمارے سیاستدانوں نے عوام کے اصل مسائل پر بات کرنا چھوڑ دیا ہے، پیپلز پارٹی ہمیشہ عوام کی فلاح بہبود کے لیے کام کرتی رہتی ہے، چھوٹے زمینداروں کی مدد کی جارہی ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ زراعت کے شعبے میں 90 فیصد چھوٹے زمینداروں کا کردار ہے، مہنگائی بڑھ رہی ہے، حالات مشکل ہوتے جا رہے ہیں، میں نے 2 دفعہ شہباز شریف کو وزیراعظم بنوایا، انہیں ابھی تک معاشی مسائل کی طرف توجہ دینے کا موقع ہی نہیں دیا گیا، جانتا ہوں کہ وہ فخر کرتے ہیں کہ انہوں نے ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا، جب بھی وہ کوشش کرتے ہیں تو کوئی وزیر اٹھ کر اپنا ایجنڈا اسنا دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران جنگ کی وجہ سے عوام کو مہنگائی کا سامنا ہے، میں نے اپنی زندگی میں اس سے زیادہ مشکل وقت نہیں دیکھا، ہمارے سامنے اب تک خطے میں امن کا کوئی معاہدہ نظر نہیں ا?یا، اس جنگ کے خاتمے تک عوام کو مشکلات کا سامنا رہیگا، ایسے حالات میں عوام کو ریلیف دلانے کیلئے کیا کیا جا سکتا ہے، پوری دنیا میں عوام کو ریلیف دینے کیلئے منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ افسوس کہ پاکستان میں عوامی مسائل پر توجہ دینے کی روایت ختم ہوگئی ہے، پیپلز پارٹی کا ا?ج بھی فوکس عوام کو ریلیف دینے پر ہے، بینظیر ہاری کارڈ کاشت کاروں اور چھوٹے زمینداروں کو ریلیف دینے کیلیے بنایا گیا، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ چھوٹے کاشت کاروں کی مدد کی ہے، چھوٹے کاشت کار زرعی شعبے کا نوے فیصد حصہ رکھتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کاشت کاروں کی بینظیر ہاری کارڈ سے مدد کی جارہی ہے، جو حالات ہیں مشکلات مزید بڑھیں گی، کھاد کا ملنا مشکل ہو جائیگا، کاشت کاروں کو 4 ہزار روپے فی ایکڑ مالی امداد دی جا رہی ہے، پیپلز پارٹی زرعی شعبے کی مشکل وقت میں امداد کیلیے کوشاں ہے، تھر پارکر اور عمر کوٹ کو ا?فت زدہ قرار دینے کا بھی خیر مقدم کرتا ہوں، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کیلیے متاثرہ خاندانوں کو 8 ہزار دینے کا بھی خیر مقدم کرتا ہوں، پیپلز پارٹی کا یہی طریقہ ہے کہ معاشی بحران میں عوام کی مدد کی جائے۔

بقیہ 32

اصل آواز ظاہر نہیں ہوگی۔ فیصلے الیکٹرانک طریقے سے متعلقہ فریقین کو بھجوائے جائیں گے۔ کیس کا آڈٹ یا پہلے فیصلہ کرنے والا افسر اسی کیس کی اپیل نہیں سن سکے گا۔ جاری بیان کے مطابق ایف بی آر نے انکم ٹیکس رولز دو ہزار دو اور سیلز ٹیکس رولز دو ہزار چھ میں نئی ترامیم کے نوٹیفکیشن جاری کر دیئے۔ فیس لیس اپیلز کے لئے انکم ٹیکس رولز 2002 میں ترامیم کر دی گئیں۔ انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کی اپیلز بالمشافہ نہیں بلکہ آن لائن سنی جائیں گی۔ اپیلیں ایف بی آر کے آئرس پورٹل کے ذریعے دائر ہوں گی۔ سسٹم خودکار طریقے سے فوری کیس نمبر جاری کرے گا۔ سماعت کیلئے کمشنرز کی تعیناتی رینڈم طریقے سے ہوگی۔ اپیل سننے والے کمشنر کی شناخت خفیہ رکھنے کا فیصلہ۔ اپیل کنندہ اور اس کے وکیل کو کمشنر کی شناخت نہیں بتائی جائے گی۔ ایف بی آر کے مطابق اپیلوں کی سماعت ویڈیو کانفرنس کے ذریعے کی جائے گی۔ کمشنر کا چہرہ اور اصل آواز ظاہر ہوگی نہ فیصلوں پر نام، عہدہ اور دستخط ہوں گے۔ اپیل کنندہ کو تحریری دلائل کے ذریعے بھی اپنا مقف پیش کرنے کی اجازت۔ ٹیکس واجبات کی وصولی روکنے کی درخواست بھی آن لائن دائر ہوگی۔ اسٹے کی درخواستوں پر بھی الیکٹرانک طریقے سے فیصلہ کیا جائے گا۔ فیصلے ڈیجیٹل شناختی نمبر درج کر کے الیکٹرانک طریقے سے متعلقہ فریقین کو بھجوائے جائیں گیسیلز ٹیکس رولز 2006 میں نئی ترامیم کا نوٹیفکیشن بھی جاری۔ ترجمان کے مطابق کیس کا آڈٹ کرنے یا فیصلہ دینے والا افسر اسی کیس کی اپیل نہیں سن سکے گا۔ سسٹم میں خرابی کی صورت میں مقررہ مدت میں توسیع ممکن۔ نئی ترامیم کا اطلاق نیشنل فیس لیس سینٹر کے ذریعے نمٹائی جانے والی اپیلز پر ہوگا۔

بقیہ 33

اصل آواز ظاہر نہیں ہوگی۔ فیصلے الیکٹرانک طریقے سے متعلقہ فریقین کو بھجوائے جائیں گے۔ کیس کا آڈٹ یا پہلے فیصلہ کرنے والا افسر اسی کیس کی اپیل نہیں سن سکے گا۔ جاری بیان کے مطابق ایف بی آر نے انکم ٹیکس رولز دو ہزار دو اور سیلز ٹیکس رولز دو ہزار چھ میں نئی ترامیم کے نوٹیفکیشن جاری کر دیئے۔ فیس لیس اپیلز کے لئے انکم ٹیکس رولز 2002 میں ترامیم کر دی گئیں۔ انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کی اپیلز بالمشافہ نہیں بلکہ آن لائن سنی جائیں گی۔ اپیلیں ایف بی آر کے آئرس پورٹل کے ذریعے دائر ہوں گی۔ سسٹم خودکار طریقے سے فوری کیس نمبر جاری کرے گا۔ سماعت کیلئے کمشنرز کی تعیناتی رینڈم طریقے سے ہوگی۔ اپیل سننے والے کمشنر کی شناخت خفیہ رکھنے کا فیصلہ۔ اپیل کنندہ اور اس کے وکیل کو کمشنر کی شناخت نہیں بتائی جائے گی۔ ایف بی آر کے مطابق اپیلوں کی سماعت ویڈیو کانفرنس کے ذریعے کی جائے گی۔ کمشنر کا چہرہ اور اصل آواز ظاہر ہوگی نہ فیصلوں پر نام، عہدہ اور دستخط ہوں گے۔ اپیل کنندہ کو تحریری دلائل کے ذریعے بھی اپنا مقف پیش کرنے کی اجازت۔ ٹیکس واجبات کی وصولی روکنے کی درخواست بھی آن لائن دائر ہوگی۔ اسٹے کی درخواستوں پر بھی الیکٹرانک طریقے سے فیصلہ کیا جائے گا۔ فیصلے ڈیجیٹل شناختی نمبر درج کر کے الیکٹرانک طریقے سے متعلقہ فریقین کو بھجوائے جائیں گیسیلز ٹیکس رولز 2006 میں نئی ترامیم کا نوٹیفکیشن بھی جاری۔ ترجمان کے مطابق کیس کا آڈٹ کرنے یا فیصلہ دینے والا افسر اسی کیس کی اپیل نہیں سن سکے گا۔ سسٹم میں خرابی کی صورت میں مقررہ مدت میں توسیع ممکن۔ نئی ترامیم کا اطلاق نیشنل فیس لیس سینٹر کے ذریعے نمٹائی جانے والی اپیلز پر ہوگا۔

کے شعبے میں تعاون کے معاہدوں پر دستخط ہوئے، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، ترک وزیر توانائی، وفاقی وزیر پیٹرولیم اور گورنر سندھ تقریب میں شریک ہوئے۔ پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن اور ترکیہ کی ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے درمیان شیئر ہولڈرز کا معاہدہ طے پا گیا، پشین بلوچستان میں اہم معدنیات اینٹیمونی کی ترقی کیلئے معاہدے پر دستخط ہوگئے۔ ماری منرلز اور ترکیہ کی ایم ٹی اے آئی سی کے درمیان مشترکہ منصوبے کا معاہدہ طے پا گیا۔ چاغی بلوچستان میں تانبے، سونے اور دیگر معدنی ذخائر کی تلاش و ترقی ہوگی۔ جیولوجیکل سروے پاکستان، ترکیہ کے ایم ٹی اے اور ایم ٹی اے آئی سی میں سہ فریقی مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوگئے، تکنیکی تبادلے اور معدنی وسائل کی ترقی میں استعداد کار بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان معدنیات کے شعبے میں تعاون مزید مضبوط ہوگی۔ تقریب سے خطاب میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات تاریخی بنیادوں پر قائم ہیں، تاہم اب وقت ہے کہ اس دوستی کو عملی اقتصادی منصوبوں اور عوام کے لئے ترقی کے مواقع میں تبدیل کیا جائے۔ اسحاق ڈار نے بتایا کہ 87 میٹر طویل اورچ رئیس جدید سیسمک، صوتی اور سمندر کی تہہ کا سروے کرنے والے آلات سے لیس ہے۔ یہ جہاز صوتی لہروں کے ذریعے سمندر کی تہہ میں موجود چٹانوں کی ساخت کا جائزہ لے گا اور حاصل ہونے والے ڈیٹا کی مدد سے زیر سمندر ارضیاتی ساخت کی سہ جہتی تصاویر تیار کی جائیں گی۔ اس تحقیق سے مستقبل میں تیل و گیس کی تلاش اور کھدائی کے امکانات کا تعین کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے بتایا کہ ترک حکام کے مطابق سروے میں تقریباً 5 سے 6 ماہ لگ سکتے ہیں۔ اسحاق ڈار نے امید ظاہر کی کہ یہ مشن پاکستان کے لیے تیل و گیس کے ذخائر کی دریافت کی خوش خبری لائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سمندر میں توانائی کے ذخائر کی تلاش ایک پیچیدہ اور مہنگا عمل ہے اور سیسمک سروے سے ذخائر ملنے کی ضمانت نہیں ہوتی، تاہم یہ مستقبل کی تلاش کے لیے بنیادی معلومات فراہم کرتا ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستانی ماہرینِ ارضیات اور انجینیئرز اپنے ترک ہم منصبوں کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ دونوں ملکوں کی جامعات اور تحقیقی اداروں کے درمیان سمندری ارضیات اور سمندر میں توانائی کی تلاش سے متعلق انجینیئرنگ کے شعبوں میں اشتراک کے امکانات بھی موجود ہیں۔

Daily
ASKAR INTERNATIONAL
QUETTA
MEMBER
A.P.N.S
روزنامہ
عسکرانٹرنیشنل
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

صحافت کا گلا گھونٹا گیا تو عوام کی آواز کون سنے گا: زمرک اچکزئی

ٹی وی چینلز کے مالکان بلوچستان سے کاروبار اور آمدنی حاصل کریں، لیکن یہاں کام کرنے والے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کا معاشی قتل نہ کریں

صحافیوں کو ان کے حقوق اور واجبات کی ادائیگی یقینی بنائی جائے بلوچستان کے صحافیوں کے معاشی قتل کو برداشت نہیں کریں گے، پارلیمانی لیڈر اے این پی

کوئٹہ (اے این این) عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے حقوق اور ساحل و وسائل کی بات کرنے پر ہماری آواز دبانے کی کوشش کی جاتی ہے، بلوچستان اسمبلی میں عوامی مسائل اور حقوق کے حوالے سے متعدد قرار دادیں پیش کیں، مگر افسوس کہ ہمارے ملک (بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، قائمقام گورنر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے ایم پی اے زرک خان مندوخیل ملاقات کررہے ہیں

گوادر اور کراچی کو وفاق کے ماتحت لانے کی تجویز مسترد، صوبائی خودمختاری پر حملہ قرار

گوادر بلوچستان اور کراچی سندھ کا حصہ ہے، عوام کی مرضی کے بغیر فیصلہ قابلِ قبول نہیں، عبدالرؤف مینگل

خضدار (یو این اے) سابق رکنِ قومی اسمبلی اور بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما و ممبر مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی میر عبدالرؤف مینگل نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہا ہے کہ گوادر اور کراچی کو وفاق کے ماتحت لانے سے متعلق سامنے آنے والی تجویز کی ہم شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ یہ محض انتظامی تبدیلی کی بات نہیں بلکہ صوبائی خودمختاری، عوامی اختیار اور آئینی حقوق کے لیے ایک خطرناک سوچ کی عکاسی کرتی ہے۔ گوادر بلوچستان کی سرزمین ہے، کوئی ایسی جاگیر نہیں جسے حکمران اپنی مرضی سے وفاق کے حوالے کرنے کے منصوبے بنائیں۔ اسی طرح کراچی سندھ کا حصہ ہے اور (بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5 پر)

اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان کے دفتر میں یکم دسمبر کو کھلی کچہری منعقد ہوگی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعظم پاکستان کے نظریے کے تحت اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان نے اپنے ایک اعلامیہ میں کہا ہے کہ کھلی کچہری 01 دسمبر 2026 بروز منگل صبح 0011 بجے اے جی بلوچستان کے دفتر میں منعقد کی جا رہی ہے۔ جس میں اے جی بلوچستان، ڈی ڈی اوز (DDOs)، صوبائی سرکاری ملازمین اور پنشنرز کے مسائل سنیں گے اور (بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5 پر)

ایم پی اے حاجی زاہد علی ریکی کی سیاسی مخالفین پر تنقید، بسیمہ میں کمیونٹی ہال کا افتتاح

کوئٹہ و اسلام آباد میں بیٹھ کر واشک کی سیاست کرنے والوں کا دور گزر چکا ہے، تمام تحصیلوں کو منصفانہ ترقیاتی حصہ ملے گا، خطاب

بسیمہ (یو این اے) واشک سے جمعیت علمائے اسلام کے منتخب رکن صوبائی اسمبلی حاجی زاہد علی ریکی نے سیاسی مخالفین کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ اور اسلام آباد میں بیٹھ کر ضلع واشک کی سیاست کرنے والوں کا دور اب گزر چکا ہے۔ عوام سے ہزاروں ووٹ حاصل کر کے اقتدار کے ایوانوں تک پہنچنے والے جب اپنے ہی ووٹرز کو بے یار و مددگار چھوڑ دیں اور عوامی مسائل سے لاتعلق ہو کر گرینڈ ٹان اور ریگل پلازہ کے ڈرائنگ رومز تک محدود ہو جائیں تو انہیں عوامی نمائندگی کا دعویٰ کرنے کا کوئی اخلاقی جواز نہیں رہتا۔ سیاست محض سیاسی اثر و رسوخ، ماضی کے انتخابی نتائج اور خرچ کیے (بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

اسسٹنٹ کمشنر زیارت کا زیارت بازار کا اچانک دورہ، نرخ ناموں اور معیار کا جائزہ

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر حبیب الرحمٰن کاکڑ نے زیارت بازار کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے گوشت کی دکانوں سمیت مختلف کاروباری مراکز کا معائنہ کیا اور اشیائے (بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

ایکسین سی اینڈ ڈبلیو انجینئر محبت مری کا ضلع کوہلو میں زیرِ تعمیر ترقیاتی منصوبوں کا دورہ

عوام کو بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل اولین ترجیح ہے، افسران، ٹھیکیداروں کو ہدایات

کوہلو (یو این اے) ایگزیکٹو انجینئر سی اینڈ ڈبلیو انجینئر محبت مری نے ضلع کوہلو میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ایگرو مارکیٹ، بی ایس ڈی آئی کے تحت زیرِ تعمیر سڑکوں اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا اور کام کی رفتار، معیار اور مجموعی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایس ڈی او خواج بلوچ، صادق بگٹی، صدام خان اور انجینئر ظفر مری بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران متعلقہ افسران نے جاری منصوبوں کے مختلف مراحل، تعمیراتی سرگرمیوں اور اب تک ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے انہیں بریفنگ دی۔ ایکسین سی اینڈ ڈبلیو انجینئر محبت مری نے گفتگو (بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف ادویات کی ٹریک اینڈ ٹریس کے لیے محفوظ دوا ڈیجیٹل ایپلی کیشن کا افتتاح کررہے ہیں

بی پی ایس سی کی اصلاحات کی منظوری، امتحانی نظام کو کمپیوٹرائزڈ اور پیپر لیس بنانے کا حکم

اب نتائج کے لیے مہینوں انتظار نہیں ہوگا، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا بڑا فیصلہ: پی سی ایس امتحان میں شرکت کے مواقع 3 سے بڑھا کر 6 کرنے کی ہدایت

امتحانی عمل 3 ماہ میں مکمل کیا جائے، پی سی ایس امتحانات کو ٹوفل اور جی آر ای کے معیار پر لایا جائے، مصنوعی ذہانت سے ٹیسٹنگ سسٹم متعارف ہو: میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے امتحانی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے اہم اصلاحات کی منظوری دیتے ہوئے پی سی ایس امتحان میں امیدواروں کی شرکت کے مواقع تین سے بڑھا کر چھ کرنے کی ہدایت جاری کردی ہے۔ اصلاحات کے تحت مقابلے کے امتحانات میں مصنوعی ذہانت پر مبنی جدید ٹیسٹنگ سسٹم متعارف کرانے، روایتی ہاتھ سے لکھے جانے والے پرچوں کی جگہ کمپیوٹرائزڈ امتحانی نظام رائج کرنے اور امتحانی عمل کو جدید عالمی معیار سے ہم آہنگ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ان فیصلوں کا اعلان وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان پبلک سروس کمیشن میں اصلاحات سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں کمیشن کے امتحانی طریقہ کار کو شفاف، مؤثر، تیز رفتار اور جدید تقاضوں کے مطابق بنانے کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا، جبکہ بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں پبلک سروس کمیشن کے امتحانی مراکز قائم کرنے کی بھی منظوری دی گئی تاکہ امیدواروں کو اپنے علاقوں کے قریب مقابلے کے امتحانات میں شرکت کی سہولت میسر آسکے۔ اجلاس میں طے پایا کہ امتحانی عمل کو تیز کرنے کے لئے بیوٹمز اور دیگر جامعات ہفتہ وار تعطیلات کے دوران مقابلے کے امتحانات کے انعقاد کے لئے بلوچستان پبلک سروس کمیشن کو امتحانی ہال بلا معاوضہ فراہم کریں گی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو مقابلے کے امتحانات میں آگے بڑھنے اور اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنا چاہتے ہیں۔ اگر کوئی نوجوان محنت کر کے خود کو امتحان کے لیے تیار کرتا ہے تو اسے قواعد و ضوابط کے ذریعے مواقع سے محروم کیوں رکھا جائے؟ اسی سوچ کے تحت پی سی ایس امتحان میں شرکت کے مواقع تین سے بڑھا کر چھ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی سی ایس کے ذریعے منتخب ہونے والے افسران صوبائی انتظامیہ کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، اس لیے ضروری ہے کہ سول سروس میں زیادہ اہل، باصلاحیت اور جدت پسند افراد کو شامل (بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5 پر)

جی ڈی اے کے زیراہتمام اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت جنت بازار کی تعمیر و توسیع کا کام شروع

ڈی جی جی ڈی اے انیس طارق گورگیج کی ہدایت پر جنت بازار اور شاہی بازار کی بحالی پر پیش رفت جاری

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے انیس طارق گورگیج کی ہدایت پر اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت جنت بازار کی تعمیر، توسیع، بحالی اور تزئین و آرائش کے جامع منصوبے پر باقاعدہ کام شروع کر دیا گیا ہے۔ منصوبے کے پہلے مرحلے میں تجاوزات کے خاتمے، ملبہ ہٹانے، ارتھ ورک اور لینڈ اسکیپنگ کا کام شروع کیا گیا ہے، جس کے بعد پیور اور ٹف ٹائلنگ کی جائے گی جبکہ اگلے مرحلے میں بازار میں شیڈز (بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5 پر)

ڈپٹی کمشنر دکی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس منعقد

صحت مراکز میں عملے کی حاضری اور ادویات کی دستیابی یقینی بنائی جائے، فضل الرحمٰن کبدانی

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی (DHC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ صحت کے افسران اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر کے سرکاری صحت مراکز کی کارکردگی، طبی سہولیات کی فراہمی اور محکمانہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کے دوران گزشتہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں پر عملدرآمد کی صورتحال، طبی عملے کی حاضری، فیلڈ وزٹس اور مختلف صحت مراکز کی مجموعی کارکردگی پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال (DHQ)، رورل ہیلتھ سینٹرز (RHCs)، بنیادی مراکز صحت (BHUs)، سول ڈسپنسریز (CDs) اور ماں و بچہ صحت مراکز (CentersMCH) کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے مختلف عمودی صحت پروگرامز کی پیش رفت اور انہیں درپیش مسائل پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ضلع کے تمام سرکاری صحت مراکز میں طبی عملے کی حاضری یقینی بنانے کے ساتھ ادویات کی دستیابی، مریضوں کو بروقت طبی سہولیات کی فراہمی اور صحت کے اداروں کو مکمل طور پر فعال رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی (DHC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ صحت کے افسران اور متعلقہ حکام نے (بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5 پر)

جی ٹی اے اوستہ محمد کے روشن خیال پینل کے امیدوار استاد لعل محمد جمالی کا تحصیل پریس کلب گنداخہ کا دورہ

اساتذہ کے جائز حقوق کے تحفظ اور تعلیمی نظام کی بہتری کے لیے 30 نومبر کو کرسی کے نشان پر مہر لگائیں، صحافیوں سے گفتگو

گنداخہ (یو این اے) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ضلع اوستہ محمد کے روشن خیال پینل کے چیئرمین امیدوار استاد لعل محمد جمالی نے تحصیل پریس کلب گنداخہ کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے چیئرمین پریس کلب فرید احمد قمبرانی اور کابینہ کے دیگر عہدیداران سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران جی ٹی اے ضلع اوستہ محمد کے 30 نومبر کو ہونے والے انتخاب، اساتذہ کے مسائل، تنظیمی سرگرمیوں اور تعلیمی نظام کی بہتری کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر روشن خیال پینل کے چیئرمین امیدوار استاد لعل محمد جمالی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کی تنظیم کا بنیادی مقصد اساتذہ کے جائز حقوق کا تحفظ، درپیش مسائل کا حل اور تعلیمی نظام کو مزید مؤثر اور بہتر بنانے کے لیے جدوجہد کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ روشن خیال پینل اساتذہ کی فلاح و بہبود، عزت و وقار کی بحالی اور ان کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے بھرپور عزم رکھتا (بقیہ 13 اندرونی صفحہ 5 پر)

جیکب آباد میں جے یو آئی کا بڑا احتجاج، سندھ بلوچستان بائی پاس پر دھرنا، ٹریفک معطل

جیکب آباد (نامی نگار) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کو محصور کرنے، رکن قومی اسمبلی و مرکزی جنرل سیکریٹری مولانا عبدالغفور حیدری، مولانا امجد خان، ملک اویس سمیت جے یو آئی کے سینکڑوں رہنماؤں اور کارکنوں کی گرفتاریوں، گھروں پر چھاپوں اور سیاسی انتقامی کارروائیوں کے خلاف جمعیت علماء اسلام ضلع جیکب آباد کی جانب سے سندھ بلوچستان بارڈر بائی پاس پر بڑا احتجاجی مظاہرہ (بقیہ 12 اندرونی صفحہ 5 پر)

ایس بی کے ویمن یونیورسٹی کوئٹہ میں سائنس و ٹیکنالوجی پر دوسری بین الاقوامی کانفرنس اختتام پذیر

تعلیم و تحقیق سے ترقی ممکن، بچیاں اپنی صلاحیتوں سے قوم کو مشکل دور سے نکال سکتی ہیں: ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

کوئٹہ (خ ن) سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کوئٹہ کے زیراہتمام سائنس و ٹیکنالوجی کے جدید رجحانات پر منعقدہ دوسری بین الاقوامی کانفرنس (2026-ICETST) علمی، سائنسی اور تحقیقی سرگرمیوں کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی۔ کانفرنس میں ملکی و غیر ملکی جامعات سے تعلق رکھنے والے ممتاز ماہرینِ تعلیم، سائنسدانوں، محققین اور اسکالرز نے شرکت کی اور جدید سائنسی رجحانات، تحقیق، مصنوعی ذہانت اور ٹیکنالوجی کے مختلف شعبوں پر اپنے تحقیقی مقالے پیش کیے۔ کانفرنس کے دوسرے روز وائس چانسلر سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق نے اپنے خطاب میں کہا کہ تحقیق اور جدید ٹیکنالوجی کسی بھی معاشرے کی ترقی اور خوشحالی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔ جامعات کی ذمہ داری ہے کہ وہ معیاری تعلیم کے ساتھ تحقیقی سرگرمیوں کو فروغ دیں اور نوجوان محققین، بالخصوص طالبات کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے بھرپور مواقع (بقیہ 11 اندرونی صفحہ 5 پر)

بلوچستان ایمپلائز سوشل سیکیورٹی انسٹی ٹیوشن (بیسی) کی گورننگ باڈی کا 58واں اجلاس

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان ایمپلائز سوشل سیکیورٹی انسٹی ٹیوشن (بیسی) کی گورننگ باڈی کا 58واں اہم اجلاس سول سیکرٹریٹ کوئٹہ میں واقع سیکرٹری محنت و افرادی قوت کے دفتر میں منعقد ہوا، اجلاس کی صدارت سیکرٹری محنت و افرادی قوت و ڈپٹی چیئرپرسن گورننگ باڈی بیسی جناب صالح محمد ناصر نے کی، اجلاس میں ادارے کے انتظامی، مالی اور فلاحی امور سے متعلق اہم ایجنڈا نکات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا، جن میں (بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5 پر)

گوادر کی اہم شاہراہوں پر پاکستان کے پہلے انسانی خلائی مشن کی تشہیر کے لیے بینرز آویزاں

گوادر (خ ن) صوبائی حکومت کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی نگرانی میں پاکستان کے پہلے انسانی خلائی مشن کو اجاگر کرنے اور قومی سطح پر اس اہم کامیابی کی تشہیر کے لیے شہر کی اہم شاہراہوں اور نمایاں مقامات پر تشہیری بینرز آویزاں کر دیے گئے ہیں۔ اس مہم کا مقصد پاکستان کے خلائی شعبے میں (بقیہ 14 اندرونی صفحہ 5 پر)

AINST GE
Educ
Duk

کوئٹہ، پرنسپل یونیورسٹی آف لاء کالج ڈاکٹر سلمیٰ نواز، چیف کوآرڈینیشن گورنمنٹ آف بلوچستان ڈاکٹر دوست محمد بڑیچ و دیگر مقررین صنفی بنیادوں پر تشدد کے خلاف منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی ہدایت پر شہر بھر میں صفائی مہم جاری

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی خصوصی ہدایات پر میونسپل کمیٹی بارکھان کی جانب سے شہر بھر میں صفائی مہم جاری ہے۔ اس دوران مختلف علاقوں، بازاروں، گلیوں اور اہم شاہراہوں پر صفائی ستھرائی کا کام کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی ہے کہ صفائی کے عمل کو باقاعدگی سے جاری رکھا جائے (بقیہ 18 اندرونی صفحہ 5 پر)

یونیورسٹی لاکالج کوئٹہ میں صنفی بنیادوں پر تشدد کے خلاف سیمینار

مساوی مواقع فراہم کر کے تشدد سے پاک اور پرامن معاشرہ تشکیل دیا جا سکتا ہے: مقررین

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سینٹر آف ایکسیلنس آن کاؤنٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریمزم، حکومت بلوچستان کے زیراہتمام صنفی بنیادوں پر تشدد کے خلاف سولہ روزہ مہم کے سلسلے میں ''دخترانِ بلوچستان کی تعلیم و استعدادِ کار میں اضافے کے ذریعے تشدد سے پاک معاشرے کا قیام'' کے موضوع پر یونیورسٹی لا کالج کوئٹہ میں سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں ڈاکٹر دوست محمد بڑیچ، چیف کوآرڈینیشن آفیسر بلوچستان سینٹر آف ایکسیلنس، ڈپٹی کوآرڈینیشن آفیسر بلوچستان سینٹر آف ایکسیلنس، ڈاکٹر عصمت اللہ خان، پرنسپل یونیورسٹی لا کالج، ڈاکٹر سلمیٰ نواز اور پی ایچ ڈی اسکالر سائمہ جمالی، طلبہ و طالبات اور سول سوسائٹی آرگنائزیشن کے نمائندوں نے شرکت کی۔ ڈاکٹر دوست محمد بڑیچ نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس سیمینار کا بنیادی مقصد بلوچستان کی خواتین اور نوجوان لڑکیوں کو تعلیم، شعور اور مثبت سماجی سرگرمیوں کے ذریعے بااختیار بنانا، پرتشدد انتہاپسندی کے خلاف آگاہی کو فروغ دینا اور خواتین کے حقوق کے تحفظ کے لیے مؤثر کردار ادا کرنا ہے۔ ڈاکٹر عصمت اللہ خان نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے خواتین کی تعلیم، معاشرتی ترقی اور فیصلہ سازی کے عمل میں ان کی مؤثر شمولیت کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ بلوچستان سینٹر آف ایکسیلنس آن کاؤنٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریمزم، حکومت بلوچستان کے زیراہتمام صنفی بنیادوں پر تشدد کے خلاف سولہ روزہ مہم کے سلسلے میں ''دخترانِ بلوچستان کی تعلیم و استعدادِ کار میں اضافے کے (بقیہ 27 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، قائمقام گورنر بلوچستان عبدالخالق اچکزئی یونیسیف کے زیراہتمام بیوٹمز یونیورسٹی میں گرین ایکسپو کے موقع پر میڈیا پرسنز سے بات چیت کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر بارکھان کی زیرِ صدارت ڈی سی سی اور ڈی آئی سی سی کے اجلاس منعقد

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) اور ڈسٹرکٹ انٹیلیجنس کوآرڈینیشن کمیٹی (DICC) کے الگ الگ اجلاس منعقد ہوئے، جن میں ضلعی انتظامیہ، پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاسوں میں ضلع بارکھان کی مجموعی صورتحال، امن و امان، سیکیورٹی انتظامات، بین (بقیہ 15 اندرونی صفحہ 5 پر)

جنوبی وزیرستان میں تعلیمی ادارے 2 روز کیلئے بند رکھنے کا اعلان، نوٹیفکیشن جاری

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا کے ضلع جنوبی وزیرستان میں موجودہ حالات اور عوامی تحفظ کے پیش نظر وانا اور اعظم ورسک کے تعلیمی اداروں کو دو روز کے لئے بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر جنوبی وزیرستان کی جانب سے تعلیمی اداروں کی بندش کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق دونوں علاقوں کے تمام سرکاری و نجی تعلیمی ادارے 26 اور 27 (بقیہ 26 اندرونی صفحہ 5 پر)

ڈی آئی خان، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس افسر شہید، دو افراد زخمی

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں ڈی آئی خان میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس افسر شہید جبکہ دو افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ اسماعیل خان ڈیال روڈ پر واقعہ تھانہ شورکوٹ کی حدود میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایس ایچ او سرکئی شہید ہوگئے جبکہ فائرنگ کی زد میں آ کر دو افراد زخمی ہوگئے۔ شہید ایس ایچ او کامران محسود اور زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال منتقل (بقیہ 24 اندرونی صفحہ 5 پر)

جیکب آباد: وومین اینڈ چائلڈ پروٹیکشن سیل کا سالانہ انسپکشن، رواں برس 103 شکایات رپورٹ

انچارج لاڑکانہ رینج انسپکٹر بتول فاطمہ نے ریکارڈ اور کارکردگی کا جائزہ لیا، 55 کیسز صلح نامے کے ذریعے حل کیے جانے پر عملے کی حوصلہ افزائی

جیکب آباد (پ ر) ڈی آئی جی لاڑکانہ رینج شیراز نذیر کے خصوصی احکامات پر وومین اینڈ چائلڈ پروٹیکشن سیل لاڑکانہ رینج کی انچارج انسپکٹر بتول فاطمہ نے ایس ایس پی آفس جیکب آباد میں قائم وومین پروٹیکشن سیل کا دورہ کیا اور دفتری ریکارڈ سمیت مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے موقع پر انچارج وومین پروٹیکشن سیل جیکب آباد سب انسپکٹر نیئر سلطانہ نے جنوری 2026 سے تاحال موصول ہونے والی شکایات اور ان پر (بقیہ 16 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، قائمقام گورنر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی یونیسیف کے زیراہتمام بیوٹمز یونیورسٹی میں گرین ایکسپو کا افتتاح کررہے ہیں

ڈی ڈی ای کوہ سلیمان کا ڈیرہ بگٹی میں امتحانی مراکز اور اسکولوں کا معائنہ

نقل ایک ناسور ہے جس کا خاتمہ معیاری تعلیم کے لیے ناگزیر ہے: ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن

ڈیرہ بگٹی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی تعلیمی اصلاحات اور سرکاری تعلیمی اداروں میں نظم و ضبط کی بہتری کے وژن کے مطابق ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کوہِ سلیمان ڈویژن ڈاکٹر محمد سلیم زرکون نے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اعجاز بگٹی کے ہمراہ اپر ڈیرہ بگٹی کی تحصیل قادرآباد اور پھیلاوغ کے مختلف امتحانی مراکز اور سرکاری تعلیمی اداروں کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران مڈل اسٹینڈرڈ امتحانی مراکز میں امتحانی عمل، نقل کی روک تھام اور سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر امتحانی مراکز میں نقل کی روک تھام اور سیکیورٹی کے لیے کیے گئے انتظامات کو سراہتے ہوئے انہوں نے امیدواروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نقل ایک ناسور بن چکی ہے، جس کا خاتمہ معیاری تعلیمی نظام کے لیے ناگزیر ہے۔ ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن نے گورنمنٹ ہائی اسکول قادرآباد اور گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول قادرآباد کا بھی تفصیلی معائنہ کیا، جہاں تعلیمی ماحول، صفائی ستھرائی، اساتذہ اور طلبہ و طالبات کی حاضری کا جائزہ لیا گیا۔ اسی طرح تحصیل پھیلاوغ کے گورنمنٹ ہائی اسکول لنڈڑا، ہائی اسکول شام امیر خان اور ہائی اسکول مالم کا بھی دورہ کیا گیا، جہاں تعلیمی سرگرمیوں، صفائی، طلبہ کی حاضری اور کلسٹر بجٹ کی تقسیم و استعمال کا معائنہ کیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر محمد سلیم زرکون نے واضح کیا کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں غیر (بقیہ 21 اندرونی صفحہ 5 پر)

چیف ایکسیئن سی اینڈ ڈبلیو عزیز اللہ کاسی تجربے کار اور قابل آفیسر ہیں، سرور بنگلزئی

کوئٹہ (اے این این) قبائلی و سماجی رہنما ٹکری غلام سرور بنگلزئی اور عدنان انور دینار زئی نے جاری کردہ مشترکہ بیان میں محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کے باصلاحیت اور تجربے کار آفیسر چیف ایگزیکٹو انجینئر عزیز اللہ کاسی کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ موصوف کی محنت لگن کاوشوں اور اپنے ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے سرانجام دینے کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے محکمہ سی اینڈ (بقیہ 17 اندرونی صفحہ 5 پر)

انڈونیشیا کی غیرقانونی سونے کی کان میں سیلاب، 13 کان کن ہلاک، 13 تا حال لاپتہ

جکارتہ (جی این ایم) انڈونیشیا کے صوبے مغربی جاوا میں سونے کی غیر قانونی کان میں شدید بارشوں کے باعث سیلاب داخل ہوگیا، جس کے نتیجے میں کم از کم 13 کان کن ہلاک جبکہ مزید 13 زیرِ زمین پھنس گئے۔ لاپتا کان کنوں کی تلاش کے لئے امدادی کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں۔ برطانوی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق یہ واقعہ دارالحکومت جکارتہ کے (بقیہ 20 اندرونی صفحہ 5 پر)

صوبوں کے معاملے کا حل ریفرنڈم کرانے میں نظر نہیں آتا، مراد علی شاہ

کراچی (اے این این) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ ریفرنڈم کی بات میڈیا سے سنی، صوبوں کے معاملے کا حل ریفرنڈم کرانے میں نظر نہیں آتا، صوبے میں بلدیاتی انتخابات مقررہ وقت پر کرائے جائیں گے، بلدیاتی نظام کو مزید مضبوط اور موثر بنانے کیلئے اس میں تبدیلیوں کیلئے 2 رکنی کمیٹی قائم کی جارہی ہے، نئے انتخابات کی تاریخ الیکشن کمیشن سے مشاورت کے بعد اعلان کریں گے، انتخابات نئے قانون کے (بقیہ 22 اندرونی صفحہ 5 پر)

گوادر میں پانی کی صورتحال اور ڈی سیلینیشن پلانٹ پر اجلاس

سوڈ ڈیم میں پانی کی کمی کے خدشے کے پیش نظر ہنگامی فراہمی اور 2 ایم جی ڈی ڈی سیلینیشن پلانٹ کا جائزہ

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی انیس طارق گورگیج کی زیرِ صدارت اجلاس میں گوادر میں پانی کی موجودہ صورتحال، مستقبل میں ممکنہ قلت اور نئے آبی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، پروجیکٹ ڈائریکٹر واٹر میر جان بلوچ اور اسسٹنٹ انجینئر کمبر کلمتی شریک تھے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل کو شادی کور اور سوڈ ڈیم سے پانی کی فراہمی، ٹرانسمیشن و ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک، واٹر ریزروائرز اور شہر کے مختلف علاقوں میں پانی کی تقسیم کے نظام پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس وقت شادی کور اور سوڈ ڈیم سے تقریباً 3.7 ملین گیلن یومیہ پانی فراہم کیا جا رہا ہے، تاہم بارشیں نہ ہونے اور سوڈ ڈیم میں پانی کے ذخیرے میں کمی کے باعث آئندہ دنوں میں فراہمی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ ممکنہ قلت سے نمٹنے کے لیے GPA ڈی سیلینیشن پلانٹ اور ٹینکرز کے ذریعے ہنگامی فراہمی کے انتظامات بھی زیرِ غور آئے۔ اجلاس میں گوادر کے لیے مجوزہ 2 ملین گیلن یومیہ (2 MGD) ڈی سیلینیشن پلانٹ کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل نے متعلقہ حکام کو منصوبے کی تکنیکی و انتظامی تیاریوں کو تیز کرنے اور اسے عملی شکل دینے کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ گوادر کی مستقبل کی آبی ضروریات پوری کرنے اور (بقیہ 19 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، قائمقام گورنر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی یونیسیف کے زیراہتمام بیوٹمز یونیورسٹی میں گرین ایکسپو کے موقع پر لگائے گئے اسٹالز کا معائنہ کررہے ہیں

ایڈیشنل کمشنر کوہِ سلیمان ڈویژن عبدالباسط بزدار کا رکھنی میں جاری ترقیاتی کاموں کا دورہ

عوامی مفاد کے منصوبوں میں تاخیر اور ناقص کام کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگا: ایڈیشنل کمشنر

رکھنی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کی ترقیاتی پالیسی کے مطابق، کمشنر کوہِ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمن قمبرانی کی ہدایات پر ایڈیشنل کمشنر کوہِ سلیمان ڈویژن عبدالباسط بزدار نے رکھنی پراجیکٹ کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایکسین روڈز فضل محمد زرکون، ایکسین بلڈنگ طارق شیرانی اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ایڈیشنل (بقیہ 25 اندرونی صفحہ 5 پر)

وفاقی محتسب کا فوری ایکشن؛ خضدار کی خاتون شہری کا شناختی کارڈ کی تجدید کا دیرینہ مسئلہ حل ہوگیا

نادرا کی جانب سے تاخیر کا شکار درخواست پر کارروائی مکمل، سائلہ کو شناختی کارڈ موصول ہونے پر شکایت کا کامیاب ازالہ

خضدار (اے این این) وفاقی محتسب اعلیٰ کی ہدایات پر علاقائی دفتر خضدار نے عوامی شکایات کے فوری اور مؤثر ازالے کی روایت برقرار رکھتے ہوئے نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (NADRA) کے خلاف دائر ایک اہم شکایت کا کامیابی سے حل نکال لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، محلّہ مارو کپر، خضدار کی رہائشی مسماۃ حرمت خاتون نے وفاقی محتسب علاقائی دفتر خضدار میں نادرا کے خلاف درخواست دائر کی تھی جس میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ وہ اپنے قومی شناختی کارڈ کی تجدید کے لیے تمام قانونی و دفتری تقاضے — بشمول بھائی کے شناختی کارڈ کی فراہمی اور دو گواہان کی پیشی — مکمل کر چکی ہیں، تاہم سسٹم یا انتظامی رکاوٹوں کے باعث ان کی مقررہ فیس جمع نہیں ہو پا رہی تھی اور ان کی درخواست طویل عرصے سے التوا کا شکار تھی، جس کی وجہ سے انہیں شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ وفاقی محتسب نے سائلہ کی درخواست کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ نادرا حکام کو طلب کیا اور معاملے کی باقاعدہ سماعت عمل میں لائی گئی۔ وفاقی محتسب کی مؤثر مداخلت اور ہدایات کے نتیجے میں نادرا انتظامیہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے رپورٹ پیش کی کہ سائلہ کی درخواست پر تمام مراحل مکمل کر لیے گئے ہیں اور ان کا قومی شناختی کارڈ نادرا رجسٹریشن سینٹر (NRC) سوراب سے تیار کر دیا گیا ہے۔ وفاقی محتسب اعلیٰ کی ہدایات پر علاقائی دفتر (بقیہ 23 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری شہر میں صفائی کی مجموعی صورتحال کی بہتری کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

Daily
ASKAR INTERNATIONAL
QUETTA
MEMBER A.P.N.S
روزنامہ
عسکرانٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر :
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

چیف ایڈیٹر و پبلشر سید فاروق شاہ نے روزنامہ عسکرانٹرنیشنل کوئٹہ کو انڈپینڈنٹ پرنٹرسے چھپوا کر دفتر روزنامہ عسکرانٹرنیشنل آفس نمبر 315 یونیورسل کمپلیکس 3ed فلور سے شائع کیا۔ فون نمبر:۔
03318383955 0812092472

وزیرِ اعظم کا اپنا گھر پروگرام

وزیرِ اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ''اپنا گھر سکیم'' کے تحت اب تک 112 ارب روپے کے قرضے شہریوں کو فراہم کیے جاچکے ہیں جبکہ 500 ارب روپے کے قرضوں کی منظوری دی جا چکی ہے۔ آئندہ چھ ماہ میں ایک ہزار ارب روپے کے قرضوں کی ادائیگی کا ہدف حاصل کیا جائے گا۔ اسلام آباد میں 100 ارب روپے کے قرضوں کے اجراء کا سنگِ میل عبور کرنے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیرِ اعظم کا کہنا تھا کہ پروگرام کے تحت گھروں کی تعمیر کے لیے قرضوں کی تعداد یا مالیت کی کوئی حد مقرر نہیں، غریب اور متوسط طبقے کے افراد کو گھر فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے اور ضرورت پڑنے پر کروڑوں گھر بھی تعمیر کیے جائیں گے۔ شہباز شریف نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف کی قیادت میں پنجاب میں آشیانہ ہاؤسنگ سکیم شروع کی گئی جس کے تحت پہلے آشیانہ قائد اور پھر آشیانہ اقبال منصوبے کا آغاز ہوا جبکہ بعد ازاں اِسے دیگر شہروں میں بھی پھیلایا گیا۔ بینکوں کے ذریعے قرضوں کی فراہمی میں نہ کرپشن ہوئی اور نہ اقرباء پروری، کسی بھی شہری سے قرض کی درخواست کے دوران ا?س کی سیاسی جماعت نہیں پوچھی گئی۔ مخالف جماعتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو بھی میرٹ پر قرض ملنا چاہیے کیونکہ یہ قومی وسائل ہیں اور ا?ن پر حقداروں کا حق ہے۔ وزیرِ اعظم نے بینکوں کو قرضوں کی منظوری کا عمل تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے واضح کیا کہ اِس معاملے میں سیاسی مداخلت برداشت نہیں کی جائے گی اور رکاوٹیں مل بیٹھ کر دور کی جائیں گی۔ وزیرِ اعظم نے اعلان کیا کہ پروگرام میں شریک پانچ بینکوں کو بلیو پاسپورٹ جاری کیے جائیں گے اور متعلقہ بینکوں کے مالکان اور چیف ایگزیکٹو خود فیصلہ کریں گے کہ ا?ن میں سے کون یہ پاسپورٹ وصول کرے گا۔ انہوں نے مرکزی بینک، حکومت، بلڈرز اور ا?ن کی تنظیم کے نمائندوں سمیت وزارتِ ہاؤسنگ کے سیکرٹری کو فوری اجلاس بلانے اور سہ فریقی معاہدے کا جائزہ لے کر اِسے عملی شکل دینے کی بھی ہدایت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کو قائداعظم کا پاکستان بنانے کے لیے امانت، محنت اور دیانت کے اصولوں پر عمل کرنا ہوگا۔ پاکستان میں رہائش کا مسئلہ محض گھروں کی کمی نہیں بلکہ کم آمدن والے طبقے کی قوت خرید اور ہاؤسنگ فنانس تک محدود رسائی کا بھی عکاس ہے۔ ادارہ شماریات پاکستان کے 2023ء کے اعداد وشمار کے مطابق ملک میں قریباً تین کروڑ 83 لاکھ گھرانے موجود ہیں جبکہ گھروں کی ملکیت کے حوالے سے ادارے کے ''ہاؤس ہولڈ انٹیگریٹڈ اکنامک سروے 2024-25ء'' کے مطابق 82 فیصد گھرانے اپنی ملکیت کے گھروں میں رہتے ہیں جبکہ 10 فیصد کرائے کے مکانوں میں اور سات فیصد بلا معاوضہ رہائش پذیر ہیں۔ شہری علاقوں میں ذاتی گھر رکھنے والے گھرانوں کی شرح 74 فیصد ہے جو دیہی علاقوں کی 88 فیصد شرح سے کم ہے تاہم گھر کی ملکیت کا یہ تناسب رہائشی سہولتوں کے معیار یا ہر گھرانے کے لیے مناسب جگہ کی دستیابی کی ضمانت نہیں کیونکہ 2023ء کے ادارہ شماریات کے اعداد وشمار کے مطابق کم وبیش ایک کروڑ 24 لاکھ رہائشی یونٹ کچے یا نیم پختہ تھے۔ وزارتِ منصوبہ بندی کے سرکاری اعداد وشمار پر مبنی ایک حالیہ بریفنگ میں سالانہ رہائشی ضروریات لگ بھگ سات لاکھ مکانات بتائی گئی ہیں جبکہ تعمیر ہونے والے گھروں کی تعداد ڈھائی لاکھ کے قریب ہے یوں ملک کو سالانہ ساڑھے چار لاکھ گھروں کی کمی کا سامنا ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کو مئی 2026ء میں دی گئی بریفنگ کے مطابق حکومت نے آئندہ چار برس میں پانچ لاکھ گھروں کی تعمیر کے لیے قریباً تین ہزار 200 ارب روپے کی فنانسنگ کا ہدف مقرر کیا ہے جس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ پاکستان میں رہائشی ضروریات پوری کرنے کے لیے کتنے بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری، سستے قرضوں اور حکومتی سرپرستی کی ضرورت ہے۔ وزیرِ اعظم کا اپنا گھر پروگرام بلاش? بہ ایک مثبت اور قابلِ تحسین اقدام ہے تاہم اِس کی حقیقی کامیابی کا انحصار صرف قرضوں کی منظوری اور رقوم کے اجراء پر نہیں بلکہ اِس بات پر بھی ہے

روحِ دفاعی قوت کا یادگار مظاہرہ؟

یہ مارچ 1967ء کے دوسرے عشرے کا ایک یادگار واقع ہے پاک فضائیہ کے طیارے نے اس وقت کے مغربی پاکستان اور آج کے پنجاب کے دارالحکومت لاہور سے رات قدرے گہری ہونے تک جن اخبار نویسوں کو لیکر اڑان بھری تھی اُن میں خیبر سے چاٹگام تک پھیلے ہوئے پاکستان میں شامل اس کے مشرقی اور مغربی بازوؤں کے تمام بڑے بڑے شہروں سے نکلنے والے اخبارات کے صحافیوں کی بڑی تعداد شامل تھی جبکہ چند غیر ملکی صحافی بھی تھے، جنہیں کراچی سے بذریعہ طیارہ لاکر پاک فضائیہ کی پشاور والی پرواز میں دیگر صحافیوں کے ہمراہ پہنچایا گیا، پشاور میں سردی اپنے عروج پر تھی، پشاور پہنچ کر ابھی ہوٹل میں ستانے بھی نہیں پائے تھے کہ فضائیہ کے ترجمان کی طرف سے اطلاع ملی کہ عشائیہ کا انتظام پشاور کلب ہے۔ سبھی لوگ بسوں میں سوار ہو کر پون گھنٹہ بعد کلب پہنچے، درحقیقت ارضِ وطن کی مایہ ناز فضائیہ کی طرف سے ملکی اور غیر ملکی اخبار نویسوں کو اپنے اس فضائی مظاہرہ کا نظارہ کرنے کیلئے بطور خاص مدعو کیا گیا تھا جو اُس وقت کے شہنشاہ ایران محمد رضا شاہ پہلوی اور ان کی اہلیہ شاہ بانو فرح پہلوی کی پاکستان آمد پر ان کے اعزاز میں جمرود میں کیا جانا تھا۔ اس وقت ستمبر 1967ء کی پاک بھارت جنگ کو گزرے قریباً ڈیڑھ برس ہی گزرا تھا اور اس جنگ میں پاک فضائیہ نے بھارت کے مقابلے میں جنگی معرکوں میں اپنی

خالد کاشمیری

واضح اور تاریخ ساز فاتحانہ برتری سے یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح عیاں کردی تھی کہ جدید قسم کے گولہ و بارود بالخصوص نیوکلیائی ہتھیاروں کی بدولت فضائیہ کے شاہین ہی نوید فتح اور کامیابی وکامرانی ہیں۔ بہرحال جب ہم سبھی اخبار نویس پشاور کلب پہنچے تو پاکستان کی دفاعی قوت کی حقیقی روح کے علمبرداروں سے بالمشافہ گفتگو کرنے کا شرف حاصل ہوا۔ ابھی چند منٹ بھی نہیں گزرے تھے کہ ہال کے ایک دروازے سے معصوم صورت پُروقار، دمکتے چہروں اور چمکتی آنکھوں کے زندہ و تابندہ نوجوان ہوا بازوں کی ٹولی اندر داخل ہوئی، انہوں نے آتے ہی دلفریب مسکراہٹیں بکھیرتے ہوئے سبھی سے ہاتھ ملائے، مسٹر ایم ایم عالم ستارہ ء جر?ت کے ساتھ مسٹر سیسل چودھری ستارہ جر ?ت، مسٹر ارشد، مسٹر جیلانی، محمد سلیم اور مسٹر عباسی بھی تھے، وہ اپنے دیگر ساتھیوں کے ساتھ صحافیوں سے گھل مل کر باتیں کرتے رہے۔ قریباً دو درجن سے زائد ان شاہین صفت نوجوانوں کو دیکھ کر اندازہ ہوا کہ ان کی عمریں 22 سے 25 برس تک ہی ہوں گی۔ عشائیہ کے ختم ہونے کے بعد فلائنگ آفیسر ارشد نے قدرے اونچی آواز میں خدا حافظ کہتے ہوئے کہا۔ کل کے مظاہرے کا آغاز کرتے، میں فضاء ہی سے آپ کو ''سلام علیکم'' کہوں گا۔ اگلے دن ٹھیک صبح آٹھ بجے صحافی حضرات بسوں میں پشاور سے جمرود روانہ ہوئے جس وسیع و عریض میدان میں فضائی مظاہرے کا اہتمام تھا وہ میدان جمرود سے قریباً چار میل کے فاصلے پر تھا اور اس کے ساتھ ایک انتہائی صاف وشفاف ندی بہہ رہی تھی اور تین اطراف سے یہ میدان پہاڑوں سے گھرا ہوا تھا اور ہم سبھی یہ دیکھ کر حیران تھے۔ جمرود سے لیکر جائے مظاہرے تک چار میل کا راستہ خواتین، مردوں، بچوں اور جوانوں سے بھرا پڑا تھا، جو مظاہرہ دیکھنے کیلئے چلتے جا رہے تھے اتنی بھیڑ کہ موٹریں بھی آہستہ آہستہ چلنے پر مجبور تھیں، شاہی جوڑے صدر مملکت اور دیگر مہمانوں کیلئے نشستوں کا انتظام نہر کے کنارے کیا گیا تھا، سٹیج کے عقب میں پاکستان اور ایران کے پرچم بہار دے رہے تھے ان پرچموں سے ذرا نیچے دونوں ممالک کی فضائیہ کے پرچم آویزاں تھے، ٹھیک نو بجے شہنشاہ ایران اپنی اہلیہ کے ہمراہ صدر پاکستان فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کی معیت میں سٹیج پر تشریف فرما ہوئے، فضائیہ کے بینڈ نے یکے بعد دیگرے پاکستان اور ایران کے قومی ترانوں کی دھنیں بجائیں، اس موقعہ پر فضائیہ کے دستے نے سلامی دی، شاہ ایران اپنے ملک کی فضائیہ کی وردی میں ملبوس تھے جبکہ ایوب خان نے فیلڈ مارشل کی وردی زیب تن کر رکھی تھی۔ مظاہرے میں حصہ لینے والے ہوا بازوں کے سٹیج اور عوامی نشستوں سے بہت دور میدان میں جو مختلف اہداف رکھے گئے تھے اُن میں چار ٹینک، چار ٹرک، کچھ خیمے، چند ایک گاڑیاں تین طیارے اور چار سرخ رنگ کے ستون شامل تھے۔ یہ سبھی چیزیں الگ الگ مقام پر قریباً ایک میل کے قطر میں رکھی گئی تھیں۔

صبح نو بج کر 17 منٹ پر ایک انتہائی خوفناک دھماکے سے مظاہرے کا آغاز کردیا۔ کمنٹیٹر لاؤڈ سپیکر پر نکھری ستھری آواز میں قومی زبان اردو اور ساتھ ہی انگریزی میں تفصیلات بتا تا رہا جو دھماکہ ہوا وہ ایف 104 دو طیاروں نے کیا تھا جنہیں مسٹر عباسی اور عارف منظور چلا رہے تھے۔ انہوں نے آواز کی حد توڑ کر دھماکے کئے تھے اس کے ساتھ ہی فضائیہ کے سربراہ ایئر مارشل نور خان کی قیادت میں تین ایف 86 بمبار طیارے دور پہاڑیوں کی اُوٹ سے نمودار ہوئے، اس دستے نے کیسری رنگ کے ایک تختے پر گولیاں برسائیں۔ اس موقع پر ایئر مارشل نور خان نے انتہائی مہارت کے ساتھ ایسی نیچی اور سیدھی پرواز کی جو صرف اور صرف صفِ اول کے ماہر ہوا باز ہی کا حصہ ہوسکتا ہے۔ اس اڑان پر لوگوں نے زوردار تالیاں بجا کر داد دی کیونکہ اسی پرواز کے دوران ایئر مارشل نور خان اپنے نشانے کو اڑانے میں کامیاب رہے اور ان کے دوسرے ساتھیوں کی فائرنگ بھی انتہائی معیاری تھی، تماشائیوں کی دائیں جانب کی پہاڑیوں سے ونگ کمانڈر سجاد حیدر کی قیادت میں چار طیارے بلند ہوئے۔ اُن میں فلائٹ لیفٹیننٹ فضل، مسٹر دلاور اور مسٹر خالد شامل تھے اس دستے کے ہوا بازوں نے 300 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے نیچی پرواز کرتے ہوئے اپنے اہداف کے سبھی خیموں کو نشانہ بنا کر شعلوں کی نذر کردیا۔ ونگ کمانڈر ارشد رحمان کی قیادت فلائٹ لیفٹیننٹ طارق انور علی اور اُن کے ساتھی ٹی 37 جیٹ چار طیاروں میں سربلند ہوئے۔ انہوں نے فضاء میں ماہرانہ توازن اور ہم آہنگی کا عمدہ مظاہرہ کر کے داد وصول کی۔ چند ہی لمحوں بعد بجلی کی سی تیزی سے ایف 104 آ کر 600 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے اپنے اہداف پر فائرنگ کر گئے، تین ایف 86 طیاروں نے اہداف کے مصنوعی طیاروں کو پہلے ہی حملے میں نشانے پر لے لیا۔ ایسے میں اناؤنسر نے جونہی مگ 19 کی آمد کا اعلان کیا تو میدان سے لوگ یکدم خوشی سے کھڑے ہو کر طیاروں کا انتظار کرنے لگے، انہیں پتہ تھا کہ یہ طیارے دوست ملک چین کی طرف سے پاکستان کو ملے ہوئے ہیں اور پاک فضائیہ کے طیاروں میں قابلِ قدر اضافہ تھے جو جیٹ طیاروں سے تیز تھے اور 40 ہزار فٹ کی بلندی پر اُڑنے والے بمبار تک پہنچ کر اس کا شکار کرنے کی صلاحیت رکھتے تھے۔ فلائٹ لیفٹیننٹ جیلانی، فلائٹ لیفٹیننٹ سراج، فلائٹ لیفٹیننٹ وامق اور، فلائٹ لیفٹیننٹ ڈار نے نیچی پرواز کرتے ہوئے تین ٹینکوں پر راکٹ برسا کر انہیں ناکارہ بنا دیا۔ بی 57 بمبار چار طیارے ونگ کمانڈر سرور حسین، سکواڈرن لیڈر ذوالفقار، سکواڈرن لیڈر بخاری اور سکواڈرن رفیق نے مخصوص طرز کی نیچی پرواز کر کے باری باری چار ستونوں پر باقاعدہ بم گرائے اور پہلے ہی حملے میں ستونوں کو تباہ کردیا۔

منی پور میں فسادات کی نئی لہر

بھارتی فوج پر راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کے نظریات اور اثر و رسوخ کے حوالے سے سیاسی مبصرین، دفاعی تجزیہ کاروں اور میڈیا میں مختلف آرا پائی جاتی ہیں۔ ایک جانب ناقدین کا کہنا ہے کہ سیاسی تبدیلیوں کے بعد فوج کی غیر جانبداری اور سیکولر روایات متاثر ہورہی ہیں، جبکہ دوسری جانب بعض حلقے فوج کو آئینی طور پر سویلین قیادت کے ماتحت اور پیشہ ورانہ ادارہ قرار دیتے ہیں۔

تجزیہ کاروں کے مطابق 2014ء میں بی جے پی کے اقتدار میں آنے کے بعد عسکری اداروں میں ''انڈینائزیشن'' کے نام پر ہندو ثقافتی اور مذہبی رسومات کے بڑھتے ہوئے رجحان پر بحث کی گئی ہے، جسے ناقدین فوج کی سیکولر روایت سے انحراف قرار دیتے ہیں۔ کچھ مبصرین کا خیال ہے کہ بھرتی کے پس منظر، کوچنگ نیٹ ورکس اور سیاسی ماحول میں تبدیلی کے باعث اداروں میں نظریاتی ہم آہنگی کے خدشات پیدا ہوئے ہیں، حالانکہ ماضی میں فوجی افسر کھلے عام سیاسی یا تنظیمی وابستگی سے گریز کرتے رہے ہیں۔

نومبر 2026ء میں سوشل میڈیا اور بعض میڈیا رپورٹس میں اعلیٰ فوجی افسروں کے پروٹوکول اور حکومتی قیادت سے ملاقات کے مناظر سامنے آنے کے بعد فوج پر سیاسی اور آر ایس ایس کے نظریاتی اثرات کے حوالے سے

ریاض احمد چودھری

نئی بحث شروع ہوئی۔ دفاعی مبصرین کا ایک طبقہ اس بات پر زور دیتا ہے کہ بھارتی فوج آئین کے تحت منتخب سویلین حکومت کے ماتحت کام کرتی ہے اور حکومتی وزرا یا قیادت کے ساتھ پیشہ ورانہ تعلقات سویلین بالادستی کا حصہ ہیں۔ کئی تجزیہ کاروں کے مطابق بھارتی فوج اپنی رجمنٹل روایات اور پیشہ ورانہ ڈھانچے کے باعث ایک منظم فورس سمجھی جاتی ہے، تاہم اس کی غیر جانبداری کو برقرار رکھنا جمہوری اور عسکری توازن کے لئے ایک اہم موضوع بنا ہوا ہے۔

غیر مقبول مودی نے سیاسی مقاصد کے حصول کیلئے غیر پیشہ ور اور شکست خوردہ بھارتی فوج کو بھی اپنا آلہ کار بنا دیا ہے۔ بزدل بھارتی عسکری قیادت کے منظم جرائم، اخلاقی وادارہ جاتی پستی کیخلاف بھارتی فوجی اہلکار احتجاج کرنے پر مجبور ہو گئے، بھارتی نوجوانوں کی تحریک کا کروچ جنتا پارٹی کے احتجاج میں شریک بھارتی فوجی اہلکار نے بھارتی فوج کی قلعی کھول دی۔ بھارتی فوجی اہلکار نے بھارتی فوج کی بدعنوانی اور ناپاک کردار کا پردہ چاک کرتے ہوئے کہا کہ مجھے اس بات کا افسوس ہے کہ بھارتی فوج بھی سیاست زدہ ہوچکی ہے اور کرپشن کا کینسر فوج میں بھی آ گیا ہے۔ نوجوانوں کو کاکروچ کہنے والی سرکار کو کہتا ہوں کہ اگر آپ ایک کاکروچ کو ماریں گے 100 مزید پیدا ہوں گے۔

بھارتی فوجی اہلکار کا بیان واضح ثبوت ہے کہ ہندوتوا کے نظریہ پر کاربند بھارتی فوج میں شدید تقسیم موجود ہے، مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے مودی کی ایماء پر سیاست زدہ بھارتی فوج اقلیتوں کے قتل عام میں بھی مصروف ہے۔

بھارتی فوج کے ایک اعلیٰ عہدیدار کی رشوت خوری کے جرم میں گرفتاری نے ادارے کی اخلاقی پستی اور انتظامی بدحالی کو پوری دنیا کے سامنے عیاں کردیا ہے۔ اس واقعے نے بھارتی سکیورٹی فورسز کے اندر موجود کرپشن کے نیٹ ورک کو بے نقاب کیا ہے۔

آرمی آرڈننس کور کے کرنل ہمانشو بالی کو کولکتہ میں سینٹرل بیورو آف انوسٹی گیشن نے پچاس لاکھ روپے کی بھاری رشوت لیتے ہوئے گرفتار کیا ہے۔ وہ ایسٹرن کمانڈ میں تعینات تھے اور انہوں نے کانپور کی ایک نجی کمپنی کو ٹھیکے دلوانے کے عوض یہ رقم وصول کی تھی۔ انسداد بدعنوانی ایکٹ کے تحت گرفتار ہونے والے کرنل ہمانشو بالی کو تفتیش مکمل کرنے کے لئے فوری طور پر دہلی منتقل کر دیا گیا ہے۔ ایف آئی آر میں واضح کیا گیا ہے کہ کرنل اور ان کے دیگر ساتھی افسر طویل عرصے سے ملی بھگت کر رہے تھے۔ یہ افسر سرکاری ٹینڈرز جاری کرنے کے بدلے نجی کمپنیوں سے بھاری رقوم بٹورنے کا غیر قانونی دھندا کر رہے تھے۔ اس گرفتاری نے ثابت کر دیا ہے کہ بھارتی فوج کی اعلیٰ سطح پر منظم جرائم کا جال بچھا ہوا ہے جو قومی سلامتی کے لئے خطرہ ہے۔

دفاعی امور کے ماہرین کا کہنا ہے کہ بھارتی افواج میں کرپشن کی جڑیں بہت گہری ہوچکی ہیں اور فضائیہ کے بڑھتے ہوئے حادثات محض فنی خرابیاں نہیں ہیں۔ یہ دراصل انتظامی ناکامی اور فنڈز کی خورد برد کے باعث پیدا ہونے والے سنگین مسائل کا واضح ثبوت ہیں۔ مودی سرکار کے زیر سایہ سیاست زدہ ہونے والی بھارتی فوج اب پیشہ ورانہ مہارت کھو چکی ہے۔ اندرونی خلفشار اور تقسیم کی وجہ سے یہ ادارہ اپنی ساکھ کھو رہا ہے اور بدعنوانی اس کی نااہلی کی سب سے بڑی علامت بن چکی ہے۔ اس واقعے سے واضح ہوتا ہے کہ بھارتی فوج میں نظم وضبط کا فقدان ہے اور افسر اپنے ذاتی مفادات کے لئے ملکی وقار کو داؤ پر لگا رہے ہیں۔ مسلسل سامنے آنے والی بدعنوانیوں نے بھارتی عسکری ڈھانچے کی کمزوریوں کو پوری طرح آشکار کر دیا ہے۔ بھارت کی فوج، جو کبھی پیشہ ورانہ اور میرٹ پر مبنی ادارہ سمجھی جاتی رہی ہے، سیاسی گروپ بندی اور ہندوتوا نظریات کے اثرات میں مسلسل اضافے کی وجہ سے تیزی سے ایک سیاسی اور نظریاتی آلے میں تبدیل ہو رہی ہے۔ مودی کے دور حکومت میں فوجی قیادت کی جانب سے سیاسی وابستگیوں اور ہندوتوا نظریات کو فروغ دینے کے رجحانات نے فوج کی پیشہ ورانہ روایتی ذمہ داریوں کو پس پشت ڈال دیا ہے۔

حالیہ شواہد سے یہ واضح ہوتا ہے کہ بھارتی فوج کے افسران کی سیاسی قیادت کے ساتھ ذاتی تعلقات مضبوط ہوگئے ہیں۔ فوجی افسران اکثر حکومت کے اعلیٰ عہدے داروں کے ساتھ قریبی روابط رکھتے ہیں اور سالانہ سرکاری تقریبات، سالگرہ اور دیگر اہم مواقع پر مہنگے تحائف پیش کر کے اپنی پسندیدگی جتاتے ہیں۔ اس رویہ سے ایک سرپرستی کی ثقافت کو فروغ مل رہا ہے، جس کے تحت فوج کی موجودہ قیادت میں ہندوتوا کے نظریات کو سرگرمی سے پھیلایا جا رہا ہے۔ کرپٹ مودی کے دور اقتدار میں بھارتی دفاعی کمپنیاں اربوں کے حکومتی فنڈز لینے کے باوجود جدید ہتھیار وقت پر دینے میں ناکام ہیں۔ بھارتی سی ڈی ایس کی تنقید خود بھارتی فوج کی داخلی بدانتظامی اور ناقص پلاننگ کی گواہی دے رہی ہے۔ بھارتی فوج کی بڑھتی ہوئی مایوسی نے خطے میں ناکام ملٹری ماڈرنائزیشن اور اندرونی کھوکھلے پن کا پردہ چاک کردیا۔

منڈی میں آگ لگی ہے

میں چھلی والے کو دیکھ کے اُس کے پاس رکا، وہ بھنی ہوئی چھلی 50 روپے کی ایک دے رہا تھا۔ میں نے پوچھا بغیر بھنی چھلی چھلکوں سمیت کیا کلو ہے، اُس نے کہا

نسیم شاہد

70 روپے، میں نے کہا ایک کلو چھلی تول دو، اُس میں پانچ چھلیاں چڑھیں، یعنی 15 روپے کی ایک، جب اُسے میں نے یہ کہا پندرہ روپے کی کچی چھلی تم پکا کے پچاس روپے کی بیچ رہے ہو، کیا یہ زیادتی نہیں، اُس نے ہنس کر میری طرف دیکھا، بابو جی آپ کبھی ہوٹل میں کھانا کھانے جاتے ہیں، ضرور جاتے ہوں گے۔ آپ کو معلوم ہے ناں کہ چھ سو روپے ملنے والا مرغی کا گوشت، وہاں پک کر آپ کو کس بھاؤ ملتا ہے، بائیس تئیس سو روپے کی تین پاؤ وزن والی کڑاہی ملتی ہے۔ کبھی آپ نے اُن سے بھی پوچھا یہ کیا اندھیر نگری مچا رکھی ہے۔ میں نے کہا میاں اُن کے خرچے بڑے ہیں۔ تمہارا تو کوئی خرچہ ہی نہیں۔ اُس نے لکڑی اُٹھا کر دکھائی، پھر مٹی کا تیل دکھایا، پھر کہا ریڑھی پر یہ جو تندور لگایا ہوا ہے اکثر اندر سے ٹوٹ جاتا ہے۔ کوئی راہ چلتا سرکاری کارندہ بھی آ جاتا ہے۔ محنت بھی ہے، سارا دن دھوئیں اور آگ کے قریب بھی رہنا پڑتا ہے، کیا میرا اتنا بھی حق نہیں کہ چار پیسے گھر لے جا سکوں۔ میں اُس کی بات سن کر لاجواب ہوگیا۔ البتہ یہ سچ میرے دماغ میں سوئیاں چبھوتی رہی کہ خام میٹریل اور مینو فیکچرنگ کے بعد پروڈکٹ کی قیمتوں میں اتنا بڑا فاصلہ کیوں ہوتا ہے؟ کیا یہ منافع خوری نہیں۔ آپ بعض ادویات کو دیکھیں، کتنی مہنگی ہوتی ہیں، حالانکہ اُن میں میٹریل زیادہ صرف نہیں ہوتا، قیمتیں روزانہ کی بنیاد پر ایسے بڑھائی جاتی ہیں جیسے وہ نایاب مواد سے بنی ہوں۔ ایک چھوٹی سی آئسکریم جو کسی برانڈ کی ہو اڑھائی تین سو کی ملتی ہے۔ کیوں بھئی اُس میں دودھ، مکھن اور کریم ہی تو ہیں، یہ کیا اتنی مہنگی ہوگئی ہیں کہ چھٹانک کی چیز اتنی مہنگی ہو جاتی ہے بسکٹ کے کسی ڈبے پر لکھے اجزاء کی تفصیل پڑھ لیں۔ چینی، میدہ، سوجی، جو اور ایسی ہی چند اور چیزیں لکھی ملیں گی۔ اندر دس بسکٹ ہوں گے تو قیمت دو سو روپے ہوگی۔ عقل حیران رہ جائے گی کہ چند گرام کے بسکٹ کیا سونے سے بنائے گئے ہیں۔ مجھے ایک دکاندار نے پچھلے دنوں حیران کر دیا۔ اُس نے کہا صاحب آپ سب اپنا نزلہ دکانداروں پر گراتے ہیں کیونکہ آپ کے سامنے ہم ہی ہوتے ہیں، حالانکہ ہمارے پاس اکثر اشیاء دوسروں کی بنی ہوتی ہیں، جنہیں ہم بیچتے ہیں، اور آپ اس لئے وہ چیزیں خریدنے آتے ہیں کہ شہر میں بڑے بڑے ہورڈنگز، ٹی وی پر چلنے والے اشتہارات یا سوشل میڈیا کی کمپین سے متاثر ہوتے ہیں۔ آپ کو پتہ ے یہ بڑے بڑے برانڈ عام ریٹیلر کو کتنا مارجن دیتے ہیں، زیادہ سے زیادہ دس وگرنہ پانچ فیصد۔ اب آپ بتائیں ہم کس کے ساتھ کیا رعایت کر سکتے ہیں، گاہک ہم سے رعایت مانگتا ہے جبکہ ہمارے پاس تو گنجائش ہی نہیں ہوتی۔ پچاس ہزار کی سیل ہو تو شام کو پانچ ہزار بمشکل بچتے ہیں، جبکہ مینو فیکچررز روزانہ لاکھوں روپے لے جاتے ہی۔ ان پانچ ہزار میں ملازم کی تنخواہ بھی ہوتی ہے، بجلی کا بل بھی، دکان کا کرایہ بھی اور اپنے گھر کا خرچ بھی۔

چھلی والے سے لے کر اس دکاندار تک مجھے یوں لگا۔ یہ ایک دلچسپ مطالعہ ہے۔ اس ملک میں غریبوں کو ریلیف مل سکتا ہے لیکن یہ درمیان کے کردار ملنے نہیں دیتے، منافع کا ایک تناسب ہونا چاہئے مگر یہاں سب کچھ مارکیٹ اکانومی پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ صارف صرف ایک بے چارہ معصوم کردار ہے، اس کی کوئی آواز ہے اور نہ کسی پر دباؤ وہ اگر مضبوط ہو، متحد ہو تو مہنگی اشیاء کا بائیکاٹ کر کے عقل ٹھکانے لگا دے، لیکن یہاں تو بس صارفین ہی کی عقل ٹھکانے لگی رہتی ہے۔ آپ کو شاید یہ تجربہ ہوا ہو، مجھے تو اکثر ہوتا ہے کہ کسی پھل فروش یا سبزی والے کے پاس خریداری کے لئے جائیں اور قیمتیں سن کر حیرت کا اظہار کریں تو وہ یہ جملہ ضرور کہے گا کیا کریں جی منڈی کو آگ لگی ہوئی ہے''۔ اس پر میں انہیں کہتا ہوں یار منڈی کو اتنے عرصے سے آگ لگی ہوئی ہے وہ جل کیوں نہیں جاتی۔ سوال یہ ہے منڈی کو ''آگ'' کون لگاتا ہے۔ وہ درمیان کا آڑھتی جو فصل اُگانے میں کوئی کردار ادا کرتا ہے اور نہ خریداری میں اُس کا کوئی کردار ہوتا ہے۔ پنجابی میں کہا جاتا ہے، ''چاچا خوامخواہ'' یہ منڈیوں کے چاچے اپنی مرضی کے ریٹ نکالتے ہیں۔ اشیاء کو کمیاب کرنا یا اُن کی سپلائی بڑھا دینا اُن کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔ پھر اُن کے اپنے بڑے بڑے کولڈ سٹوریج ہیں۔ ذخیرہ کر لیتے ہیں ذخیرہ اندوزوں کے خلاف قانون موجود ہے، مگر ان پر کوئی ہاتھ نہیں ڈالتا، سب کی پہنچ بس دکانداروں یا ریڑھی بانوں تک ہوتی ہے۔ مجسٹریٹ ہو یا پیرا فورس کا کوئی افسر، وہ دکانداروں کو جرمانے کر کے مہنگائی ختم کرنے کا مشن پورا کر رہا ہوتا ہے، حالانکہ ان بے چاروں نے تو اپنا منافع رکھ کر مال بیچنا ہوتا ہے، پیچھے سے بقول ان کی منڈی کو آگ لگی ہو، تو یہ سستی اشیاء کیسے بیچ سکتے ہیں۔

دنیا بھر میں کھانے پینے کی اشیاء کو ستا رکھنے کی کوشش کی جاتی ہے، مہنگائی کا اثر اُن لوگوں تک محدود رکھا جاتا ہے، جو اسے برداشت کر سکتے ہیں مگر ہماری اکانومی چونکہ کھڑی ہی عام صارف کے سر پر ہے، اس لئے سارا نزلہ اُس پر گرایا جاتا ہے۔ اب تازہ ترین زلزلہ مہنگے آٹے کی صورت میں آیا ہے۔ گندم کا ریٹ بڑھ گیا ہے مگر تکنیکی طور پر اُس نے آنے والی فصل سے بڑھنا ہے لیکن صارفین پر چھری ابھی سے چلا دی گئی ہے۔ یہ واحد خوراک جسے روٹی کہتے ہیں، اب عام آدمی کی دسترس سے باہر ہونے جا رہی ہے۔ تندور پر ایک روٹی کا نرخ 25 سے 30 روپے چل رہا ہے، ایک فرد کے لئے تین روٹیاں تو ضروری ہیں، پانچ بندے ہیں تو پندرہ روٹیاں اور ایک وقت کی صرف روٹی کا خرچ ساڑھے چار سو روپے، کل ایک فیکٹری کا اشتہار دیکھا، جس میں پیکنگ کے لئے لڑکیاں درکار تھیں، آٹھ گھنٹے کا معاوضہ 18 ہزار مہینہ اور بارہ گھنٹے کا پچیس ہزار روپے لکھا گیا تھا، نیچے فون نمبر بھی موجود تھا۔ اب آپ بتائیں کہاں گئے وہ 42 ہزار روپے ماہانہ کے حکومتی دعوے اور کہاں گئیں وہ محکموں کی دھمکیاں۔ یہاں سب کچھ ڈنکے کی چوٹ پر ہو رہا ہے، کیونکہ فیکٹری مالکان ہوں یا مینو فیکچررز وہ جانتے ہیں بے روزگاری بہت ہے، انسانوں کی منڈی کو آگ نہیں لگی، اسی لئے سستے بھاؤ اُن کی خدمات لو، استحصال کرو، کوئی پوچھنے والا نہیں، اب اس طرف کون توجہ دے

حسین نقی، جو تھے!

یہ اس دور کی بات ہے جب سوویت یونین برقرار اور دنیا دو نظریات میں بٹی ہوئی تھی۔ برصغیر کی صورت حال یہی تھی اور یہاں دائیں اور بائیں بازو کی کشمکش جاری تھی۔

چودھری خادم حسین

میں سنہ 1963ء میں جب روزنامہ ''امروز'' کے ذریعے صحافتی میدان میں قدم رکھا تو یہ رسہ کشی بھی تھی اور پروگریسو پیپرز میں بائیں بازو کے نظریات کا غلبہ تھا اگرچہ دائیں بازو نظریات کے حامل حضرات بھی تھے۔ اس دور میں صحافتی ٹریڈ یونین ازم بھی زوروں پر تھا اور پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے ساتھ ضلعی سطح پر تنظیمیں بھی فعال تھیں۔ لاہور میں جو صحافتی تنظیم تھی وہ پنجاب یونین آف جرنلسٹس کہلاتی (اب تک بھی نام تبدیل نہیں ہوا، دھڑے بن گئے ہیں) تھی۔ نظریاتی رسہ کشی ہی کے باعث انتخابات بھی زور دار ہوتے اور انتخابی جنگ بھی اسی حوالے سے لڑی جاتی۔ میں حضرت علامہ ابوالحسنات ? کی عقیدت لئے آیا تھا، تاہم ''امروز'' میں آتے ہی ٹریڈ یونین ازم کا بھوت سوار ہوا تو ادارے اور اساتذہ کے باعث اسی دھڑے کا ہو کر انتخابی عمل میں بائیں بازو والے حصے کا حامی بن گیا۔ یوں مجھے بائیں والا گردانا گیا، اگرچہ بائیں والے مجھے مسلمان (نماز+روزہ) کی حیثیت سے اپنے خاص گروہ میں شامل نہیں جانتے تھے۔ اسی دور میں جب ذوالفقار علی بھٹو نے ایوب خان سے علیحدگی اختیار کی اور پھر نومبر 67 میں پاکستان پیپلز پارٹی کا اعلان کیا تو ہم نوجوان ان کی شخصیت سے پہلے ہی متاثر تھے اور جب جماعت بن گئی تو اس کے حامی بھی ہو گئے تاہم بائیں بازو والے جن حضرات نے (اکثریت سے) ان کی حمایت کی وجہ پیپلز پارٹی کے چار اصولوں میں ''سوشلزم ہماری معیشت ہے'' کا نعرہ دلچسپی کا مرکز تھا اور یوں ''عوامی انقلاب'' کے داعی سبھی پیپلز پارٹی اور بھٹو کے حامی ہو گئے، اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ صحافیوں میں بھی ایسا ہی ہوا۔ یوں بائیں بازو والوں کی ہمدردیاں ''تلوار'' کے ساتھ ہو گئیں اور یہ اثرات صحافتی تنظیم تک بھی در آئے اور انتخابی معرکے بھی نظریاتی سے ہو گئے اگرچہ ماحول خراب نہیں ہوتا تھا۔

اسی دوران پنجاب یونین آف جرنلسٹس کے انتخابات ہوئے اور میرے دوست سے استاد بنے سید اکمل علیمی نے مجلس عاملہ کے رکن کی حیثیت سے حصہ لیا، انتخابی مہم میں امیدوار سے زیادہ میں ان کا بہت زیادہ سرگرم حامی تھا۔ جب نتیجہ آیا تو سید اکمل علیمی سب سے زیادہ ووٹ لیکر منتخب ہوئے، یوں ایک کارکن کے طور پر میری حیثیت مستحکم ہو گئی اور مجھے گروپ میں شامل جانا گیا۔ یہ اسی دور کی بات ہے کہ ایک نوجوان حسین نقی نامی کراچی سے لاہور منتقل ہوا اور آتے ہی بائیں بازو والوں کا محبوب بن گیا۔ تب منہاج برنا، عبداللہ ملک ایک ہی تھے، اس دوران انتخاب کا وقت آ گیا تو منہاج برنا گروپ نے حسین نقی کو جنرل سیکرٹری کا امیدوار نامزد کر دیا، وہ نئے تھے اسی لئے لاہور میں جان پہچان بھی کم تھی۔ برنا صاحب نے خاص طور پر مجھے اس انتخابی مہم میں شامل کر کے کہا کہ نقی کو کامیاب کرانا ہے اور پھر میں ایک جنونی کی طرح ان کی انتخابی مہم میں سرگرم ہو گیا اور اللہ نے کامیابی بھی عطا فرمائی۔ حسین نقی سے میرا یہ تعارف تھا جس کا وہ ہمیشہ ذکر کرتے تھے (اگرچہ اپنی کتاب میں یہ ذکر بھول گئے) وہ میرے ہم عمر تھے اور پھر ہماری دوستی بھی ہو گئی۔ میرا تعلق اندرون اکبری دروازہ (اندرون شہر) سے تھا اور حسین نقی کی شادی مظفر علی قزلباش فیملی میں ہوئی چنانچہ جب کبھی میں ان کو تنگ کرتا تو وہ کہتے، میرا ادب کرو، میں تمہارے محلے کا ''جوائی'' ہوں داماد کی جگہ پنجابی ''جوائی'' کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔

میں ان جیسا بایاں نہیں تھا لیکن وہ نظریات کے بہت پختہ تھے اور مرتے دم تک ثابت قدم رہے۔ اگرچہ برنا گروپ نے سوشلزم کے نعرہ کی وجہ سے پیپلز پارٹی کی حمائت کی تاہم یہ اتنی غیر مشروط بھی نہیں تھی کہ یونین پارٹی کا ونگ بن جاتی۔ چنانچہ پہلا واقعہ تو پنجاب یونیورسٹی میں ایک تقریب کے دوران پیش آیا جس سے ذوالفقار علی بھٹو نے صدر مملکت کی حیثیت سے خطاب کیا۔ بھٹو نے تقریر کے دوران ایک موقع پر کوئی بات کی تو حسین نقی اٹھ کر کھڑے ہوئے اور اختلاف کرتے ہوئے کہا ''ہم آپ سے متفق نہیں ہیں'' بھٹو بولے، ''نقی تم ہمیشہ ایسا ہی کرتے ہو'' سکیورٹی والے حضرات نقی کی طرف بڑھے تو بھٹو نے ان کو روک دیا کہا ''چھوڑ دو، یہ ہمارے دوست ہیں'' یہ تو اجتماع کا قصہ تھا لیکن رات کو مجھے بھابھی کا فون آیا اور انہوں نے بتایا کہ کچھ لوگ گھر پر آ کر نقی کو ڈھونڈ رہے ہیں اور مغلظات بھی بک رہے ہیں، میں نے ان کو تسلی دی اور فوری طور پر افتخار تاری (مرحوم) کو فون کیا جو ہمارے کرکٹ کے بھی ساتھی تھے اور ان سے کہا کہ یہ عمل نہ کریں۔ تاری نے کہا: ''ہمارے لیڈر سے بدتمیزی کی گئی ہے'' میرے بتانے پر کہ جب لیڈر نے کچھ نہیں کہا تو تم کیوں شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار بن گئے ہو، دوستی کام آئی اور پھر یہ سلسلہ رک گیا۔

موت برحق ہے اور سب کو آنی ہے، حسین نقی بھی اچانک چلے گئے، ان کو ان کے نظریات اور ثابت قدمی کی وجہ سے زبردست خراج عقیدت پیش کیا جا رہا ہے، حتیٰ کہ مخالف نظریہ والوں سے بھی داد مل رہی ہے۔ وہ آخری وقت تک متحرک رہے اور ان کو احترام بھی ملتا رہا تاہم انسان ہیں تو کوتاہیاں بھی ہوتی ہیں، ہماری دوستی اور بے تکلفی بھی دیرینہ اور آخر دم تک تھی لیکن ایسا وقت بھی آیا جب ہمارے درمیان اختلاف ہوا، فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے ایک انتخابی موقع پر حسین نقی الیکشن کمیٹی کے سربراہ اور ناصر نقوی غالباً جنرل سیکرٹری تھے یا میں صدر تھا فیڈرل ڈیلی گیٹس کے مسئلہ پر ہم نے یونین کی رکن سازی کے مطابق ڈیلی گیٹس منتخب کئے۔ حسین نقی نے اختلاف کیا اور نتائج مسترد کر کے کہا کہ وہ ووٹرز کے تناسب سے ڈیلی گیٹس لیں جبکہ فیڈریشن کے دستور میں لکھا تھا کہ ممبروں کی تعداد کے تناسب سے ہوں گے، معاملہ عدالت تک گیا، میں نے خود وکالت کی اور حسین نقی وکیل کے ساتھ پیش ہوئے۔ فیڈریشن کے دستور کی بناء پر ہم یہ کیس جیت گئے۔

ایسے تمام تر اختلافات کے باوجود تعلقات میں کبھی فرق نہ آیا، پنجاب پنچ کے ڈیکلریشن کی منسوخی اور ان کی گرفتاری کے وقت میں سرگرمی سے ان کے ساتھ تھا اور میرے دوست ڈاکٹر خالد رانجھا نے ان کے کیس کی پیروی اور میں نے معاونت کی یہ کیس ہم نے جیت لیا تھا، پھر جب 1974ء میں مساوات سے میرے، ہمراز احسن اور اورنگزیب سمیت مجموعی طور پر 39 افراد کو ملازمت سے نکالا گیا تو فیڈریشن کی طرف سے تحریک میں بھی حسین نقی نمایاں تھے اور جیل بھی گئے۔ وہ ہمہ وقت ورکر تھے اور پختہ نظریات کے باوجود تعلقات خراب نہ کرتے تھے۔ آخری دور انسانی حقوق کی تحریک کے سپاہی کے طور پر گزرا اور جاتے جاتے ''جو مجھ سے ہوسکا'' کے عنوان سے اپنی آپ بیتی بھی لکھ گئے، وہ اللہ کے حضور پیش ہوگئے، ان کے اعمال کا حساب وہاں ہوگا، ہمارے حوالے سے وہ اچھے انسان اور رول ماڈل تھے، اللہ ان کی مغفرت فرمائے۔

بقیہ (01)

بلوچستان کے حقوق اور ساحل و وسائل کی بات کرنے پر ہماری آواز دبانے کی کوشش کی جاتی ہے، بلوچستان اسمبلی میں عوامی مسائل اور حقوق کے حوالے بلوچستان کے حقوق اور ساحل و وسائل کی بات کرنے پر ہماری آواز دبانے کی کوشش کی جاتی ہے، بلوچستان اسمبلی میں عوامی مسائل اور حقوق کے حوالے

بقیہ (02)

کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ضلع کی تعمیر و ترقی کے لیے جاری منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل محکمہ کی اولین ترجیح ہے۔ تمام ترقیاتی کاموں میں تعمیراتی معیار، شفافیت اور مقررہ تکنیکی معیاروں کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ عوامی فنڈز کا درست استعمال ہو اور ان منصوبوں کے ثمرات براہِ راست عوام تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران اور ٹھیکیداروں کو ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور تمام کام مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں، تاکہ ضلع کوہلو میں ترقیاتی عمل کو مزید مؤثر اور تیز رفتار بنایا جا سکے۔ ایگزیکٹو انجینئر سی اینڈ ڈبلیو انجینئر محبت مری نے ضلع کوہلو میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ایگرو مارکیٹ، بی ایس ڈی آئی کے تحت زیرِ تعمیر سڑکوں اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا اور کام کی رفتار، معیار اور مجموعی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایس ڈی او خواج بلوچ، صادق بگٹی، صدام خان اور انجینئر ظفر مری بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران متعلقہ افسران نے جاری منصوبوں کے مختلف مراحل، تعمیراتی سرگرمیوں اور اب تک ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے انہیں بریفنگ دی۔ ایکسین سی اینڈ ڈبلیو انجینئر محبت مری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ضلع کی تعمیر و ترقی کے لیے جاری منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل محکمہ کی اولین ترجیح ہے۔ تمام ترقیاتی کاموں میں تعمیراتی معیار، شفافیت اور مقررہ تکنیکی معیاروں کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ عوامی فنڈز کا درست استعمال ہو اور ان منصوبوں کے ثمرات براہِ راست عوام تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران اور ٹھیکیداروں کو ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور تمام کام مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں، تاکہ ضلع کوہلو میں ترقیاتی عمل کو مزید مؤثر اور تیز رفتار بنایا جا سکے۔

بقیہ (03)

خورد و نوش کی قیمتوں، سرکاری نرخ ناموں پر عمل درآمد اور اشیاء کے معیار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے دکانداروں کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ سرکاری نرخ نامے کے مطابق اشیائے ضروریہ فروخت کریں اور مقررہ قیمتوں سے زائد وصولی سے گریز کریں۔ انہوں نے مزید تاکید کی کہ عوام کو صاف، معیاری اور صحت بخش اشیائے خورد و نوش فراہم کی جائیں اور مضرِ صحت، زائد المیعاد یا غیر معیاری اشیاء کی فروخت ہرگز نہ کی جائے۔

بقیہ (04)

گئے پیسوں کا ماتم کرنے کا نام نہیں بلکہ عوام کے درمیان رہ کر ان کے دکھ درد میں شریک ہونے اور ان کے بنیادی مسائل حل کرنے کا نام ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کلی سلطان آباد سیاہوزئی بسیمہ میں تعمیر کیے گئے کمیونٹی ہال کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ حاجی زاہد علی ریکی نے کہا کہ ہمارے سیاسی مخالفین کبھی ہزاروں ووٹوں کی برتری کے ساتھ اپنی سیاسی حیثیت کا اظہار کیا کرتے تھے، لیکن آج ان کی سیاسی برتری ہزاروں سے کم ہو کر محض سینکڑوں تک محدود ہو چکی ہے۔ یہ صورتحال اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ عوام اب روایتی سیاست، بلند و بانگ دعوں اور اقتدار کے نام پر ذاتی مفادات کے بجائے عملی کارکردگی کو اہمیت دے رہے ہیں۔ اگر ہمارے مخالفین واقعی سیاسی میدان میں موجود ہوتے، عوام کے درمیان آتے، ان کے مسائل سنتے اور ان کے حل کے لیے آواز اٹھاتے تو ہمیں بھی یہ کہنے کا موقع ملتا کہ واشک میں کوئی مؤثر اپوزیشن اپنا کردار ادا کر رہی ہے، لیکن افسوس کہ عوام کو تنہا چھوڑ کر چند مخصوص مقامات پر بیٹھ کر سیاست کرنے کا سلسلہ جاری ہے انہوں نے کہا کہ مخالفین کو چاہیے کہ وہ اپنے تقریبا 30 سالہ دور اقتدار، وزارتوں اور سابقہ ضلعی حکومت کے دور کا ہمارے چھ سالہ دور سے موازنہ کریں۔

بقیہ (05)

ان کے حل کے لئے اسی وقت احکامات صادر فرمائیں گے۔ اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان نے کہا ہے کہ ملازمین اور پنشنرز کو چاہیے کہ وہ کھلی کچہری اور شکایات سیل جیسے اقدامات سے استفادہ حاصل کریں اور اپنے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے رابطہ کریں تاکہ ان کو بروقت حل کیا جا سکے۔

بقیہ (06)

اس کے مستقبل کا فیصلہ سندھ کے عوام اور ان کے منتخب نمائندوں کا حق ہے۔ بلوچستان کو پہلے ہی اس کی سرزمین، وسائل اور سیاسی اختیار کے حوالے سے بے شمار ناانصافیوں کا سامنا رہا ہے۔ اب گوادر کو وفاق کے ماتحت لانے کی باتیں کرنا بلوچ عوام کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے۔ کیا بلوچستان کے عوام صرف اس لیے اپنے اختیار سے محروم کیے جائیں کہ ان کی سرزمین پر بندرگاہیں، ساحل اور اہم تجارتی منصوبے موجود ہیں؟ ہم واضح کرتے ہیں کہ ترقی کے نام پر قبضے کی سوچ، انتظامی اصلاحات کے نام پر صوبائی اختیار کی پامالی اور قومی مفاد کے نام پر عوامی رضامندی کو نظرانداز کرنا کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔ اگر وفاقی حکمران سمجھتے ہیں کہ گوادر کو صوبے سے الگ کر کے یا اس کے انتظامی اختیارات محدود کر کے بلوچستان کے مسائل حل کیے جا سکتے ہیں تو یہ ان کی سنگین سیاسی غلط فہمی ہے۔

بقیہ (07)

کرنے کے لیے سلیکشن کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پی سی ایس امتحانات کو ٹوفل (TOEFL) اور جی آر ای (GRE) کے جدید امتحانی معیار کی طرز پر منعقد کرنے کے امکانات کو عملی شکل دی جائے اور مصنوعی ذہانت پر مبنی جدید ٹیسٹنگ سسٹم متعارف کرایا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے امتحانی نظام کو پیپر لیس اور کمپیوٹرائزڈ بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ روایتی امتحانی طریقہ کار کی جگہ جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جائے تاکہ امتحانات کے انعقاد، جانچ پڑتال اور نتائج کی تیاری میں شفافیت اور رفتار کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے پبلک سروس کمیشن کو ہدایت کی کہ امتحان کے انعقاد سے لے کر نتائج کے اعلان تک تمام مراحل زیادہ سے زیادہ تین ماہ میں مکمل کیے جائیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ میرا محنتی نوجوان اب امتحانی نتائج کے لیے مہینوں انتظار نہیں کرے گا۔ امتحانی عمل میں غیر ضروری تاخیر ختم کر کے امیدواروں کو بروقت نتائج فراہم کرنا ضروری ہے تاکہ اہل نوجوان جلد از جلد صوبائی انتظامی ڈھانچے کا حصہ بن سکیں۔ انہوں نے کہا کہ مقامی سطح پر پبلک سروس کمیشن کے امتحانی مراکز کے قیام سے دور دراز علاقوں کے امیدواروں کو سفر اور دیگر مشکلات سے نجات ملے گی اور انہیں مسابقت کے یکساں مواقع اپنے علاقوں میں دستیاب ہوں گے۔ صوبائی حکومت امتحانی نظام کی بہتری اور ادارہ جاتی اصلاحات کے لیے بلوچستان پبلک سروس کمیشن کو ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ میرٹ کی بالادستی، شفاف سلیکشن اور ادارہ جاتی اصلاحات کے ذریعے نوجوانوں کا ریاست پر اعتماد مضبوط بنایا جائے گا۔ بلوچستان میں سرکاری سلیکشن اور بھرتیوں کے نظام کو شفافیت اور میرٹ کی ایسی بنیادوں پر استوار کیا جائے گا جہاں ہر اہل امیدوار کو اپنی قابلیت اور محنت کی بنیاد پر آگے بڑھنے کا مساوی موقع میسر ہو۔ قبل ازیں چیئرمین بلوچستان پبلک سروس کمیشن جسٹس (ریٹائرڈ) کیلاش ناتھ کوہلی نے اجلاس کو ادارے کی مجموعی کارکردگی سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ تین سال سے زیر التواء ہزاروں کیسز چند ماہ کے مختصر عرصے میں نمٹا دیئے گئے ہیں اور اب کمیشن میں کوئی کیس زیر التوا نہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے زیر التواء کیسز نمٹانے پر پبلک سروس کمیشن کی کارکردگی کو سراہا اور اصلاحات کا عمل فوری طور پر شروع کرنے کی ہدایت کی، اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، چیئرمین بلوچستان پبلک سروس کمیشن جسٹس (ریٹائرڈ) کیلاش ناتھ کوہلی، پبلک سروس کمیشن کے اراکین عبدالصبور کاکڑ، غلام علی بلوچ، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون، وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون شاہد رند، اسپیشل سیکرٹری سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ حبیب الرحمٰن، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون خان نے شرکت کی۔

بقیہ (08)

تعمیر کیے جائیں گے۔ بجلی کے کھمبوں اور تاروں کی منتقلی کے لیے کیسکو کو ادائیگیاں بھی کی جا چکی ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے کی ہدایت کے مطابق تعمیراتی سرگرمیاں دکانداروں، انجمن تاجران اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے تیزی کے ساتھ آگے بڑھائی جائیں گی تاکہ کاروباری سرگرمیاں متاثر نہ ہوں اور خصوصاً خواتین سمیت خریداروں کو کم سے کم مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔ واضح رہے کہ جی ڈی اے جنت بازار کے ساتھ شاہی بازار کی تعمیر، توسیع اور بحالی کے جامع منصوبے پر بھی کام کر رہی ہے، جس کا مقصد گوادر کے قدیم تجارتی مراکز کو جدید سہولیات سے آراستہ کرنا اور اولڈ ٹاؤن کی تاریخی و تجارتی اہمیت کو بحال کرنا ہے۔

بقیہ (09)

شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر کے سرکاری صحت مراکز کی کارکردگی، طبی سہولیات کی فراہمی اور محکمانہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کے دوران گزشتہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں پر عملدرآمد کی صورتحال، طبی عملے کی حاضری، فیلڈ وزٹس اور مختلف صحت مراکز کی مجموعی کارکردگی پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال (DHQ)، رورل ہیلتھ سینٹرز (RHCs)، بنیادی مراکز صحت (BHUs)، سول ڈسپنسریز (CDs) اور ماں و بچہ صحت مراکز (Centers MCH) کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے مختلف عمودی صحت پروگرامز کی پیش رفت اور انہیں درپیش مسائل پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ضلع کے تمام سرکاری صحت مراکز میں طبی عملے کی حاضری یقینی بنانے کے ساتھ ادویات کی دستیابی، مریضوں کو بروقت طبی سہولیات کی فراہمی اور صحت کے اداروں کو مکمل طور پر فعال رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ (10)

درج ذیل امور شامل تھے مالی سال 2025-26 اور 2026-27 کے بجٹ تخمینوں کی منظوری۔ برطرف ملازمین کی خدمات کی بحالی سے متعلق قائم کمیٹی کی سفارشات پر فیصلہ، حب میں واقع 50 بستروں پر مشتمل ہسپتال کو انڈس ہسپتال کے حوالے کرنے کا معاملہ، بیسی کے آن لائن پورٹل کی تیاری کے لیے (PITB) کے ساتھ معاہدہ۔ 50 بستروں والے ہسپتال کی مرمت و تزئین و آرائش کے امور، اجلاس میں کمشنر بیسی سمیت محکمہ لیبر ویلفیئر، محکمہ صحت، محکمہ صنعت اور محکمہ خزانہ کے اعلیٰ حکام، تنظیموں (لاس بیلہ چیمبر آف کامرس، نجی اداروں کے نمائندوں) اور مزدور یونینز کے عہدیداران نے شرکت کی۔

بقیہ (11)

راہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی کانفرنسز مختلف ممالک کے محققین کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے، علمی تجربات کے تبادلے اور مشترکہ تحقیقی منصوبوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کوئٹہ کے زیر اہتمام سائنس و ٹیکنالوجی کے جدید رجحانات پر منعقدہ دوسری بین الاقوامی کانفرنس (ICETST-2026) علمی، سائنسی اور تحقیقی سرگرمیوں کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی۔ کانفرنس میں ملکی و غیر ملکی جامعات سے تعلق رکھنے والے ممتاز ماہرینِ تعلیم، سائنسدانوں، محققین اور اسکالرز نے شرکت کی اور جدید سائنسی رجحانات، تحقیق، مصنوعی ذہانت اور ٹیکنالوجی کے مختلف شعبوں پر اپنے تحقیقی مقالے پیش کیے۔ کانفرنس کے دوسرے روز وائس چانسلر سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق نے اپنے خطاب میں کہا کہ تحقیق اور جدید ٹیکنالوجی کسی بھی معاشرے کی ترقی اور خوشحالی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔ جامعات کی ذمہ داری ہے کہ وہ معیاری تعلیم کے ساتھ تحقیقی سرگرمیوں کو فروغ دیں اور نوجوان محققین، بالخصوص طالبات کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے بھرپور مواقع فراہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی کانفرنسز مختلف ممالک کے محققین کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے، علمی تجربات کے تبادلے اور مشترکہ تحقیقی منصوبوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

بقیہ (12)

کر کے دھرنا دیا گیا۔ احتجاجی مظاہرے کی قیادت ضلعی امیر ڈاکٹر اے جی انصاری، ڈاکٹر خلیل احمد کھوسہ، مولانا عبدالجبار رند، مفتی عبدالشکور کھوسہ، مولانا عبدالمالک گھنو، عبدالقادر چنا، مولانا نصراللہ گھنو، حاجی نذیر احمد مینگل اور اسداللہ حیدری نے کی۔ مظاہرین نے سندھ بلوچستان بارڈر ربائی پاس پر دھرنا دے کر سڑک بلاک کر دی، جس کے باعث ٹریفک معطل ہوگئی اور گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں۔

بقیہ (13)

ہے، انہوں نے ضلع اوستا محمد کے تمام اساتذہ کرام سے اپیل کی کہ وہ روشن خیال پینل کی حمایت کر کے 30 نومبر کو کرسی کے انتخابی نشان پر مہر ثبت کریں اور پینل کو کامیاب بنائیں، تاکہ اساتذہ کے حقوق کے تحفظ اور تعلیمی بہتری کے مشن کو مزید مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جا سکے، استاد لعل محمد جمالی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ روشن خیال پینل اساتذہ کی توقعات پر پورا اترنے، ان کے مسائل کو متعلقہ فورمز پر اجاگر کرنے اور تعلیمی اداروں کی بہتری کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گا۔ رنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ضلع اوستا محمد کے روشن خیال پینل کے چیئرمین امیدوار استاد لعل محمد جمالی نے تحصیل پریس کلب گنداخہ کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے چیئرمین پریس کلب فرید احمد قمبرانی اور کابینہ کے دیگر عہدیداران سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران جی ٹی اے ضلع اوستا محمد کے 30 نومبر کو ہونے والے انتخاب، اساتذہ کے مسائل، تنظیمی سرگرمیوں اور تعلیمی نظام کی بہتری کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر روشن خیال پینل کے چیئرمین امیدوار استاد لعل محمد جمالی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کی تنظیم کا بنیادی مقصد اساتذہ کے جائز حقوق کا تحفظ، درپیش مسائل کا حل اور تعلیمی نظام کو مزید مؤثر اور بہتر بنانے کے لیے جدوجہد کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ روشن خیال پینل اساتذہ کی فلاح و بہبود، عزت و وقار کی بحالی اور ان کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے بھرپور عزم رکھتا ہے، انہوں نے ضلع اوستا محمد کے تمام اساتذہ کرام سے اپیل کی کہ وہ روشن خیال پینل کی حمایت کر کے 30 نومبر کو کرسی کے انتخابی نشان پر مہر ثبت کریں اور پینل کو کامیاب بنائیں، تاکہ اساتذہ کے حقوق کے تحفظ اور تعلیمی بہتری کے مشن کو مزید مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جا سکے، استاد لعل محمد جمالی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ روشن خیال پینل اساتذہ کی توقعات پر پورا اترنے، ان کے مسائل کو متعلقہ فورمز پر اجاگر کرنے اور تعلیمی اداروں کی بہتری کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گا۔

بقیہ (14)

تاریخی پیش رفت کو عوام تک پہنچانا، نوجوان نسل میں سائنسی شعور اور تحقیق کے رجحان کو فروغ دینا اور قومی کامیابیوں کے حوالے سے عوامی آگاہی پیدا کرنا ہے۔

بقیہ (15)

الادارہ جاتی رابطوں اور مختلف انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ اداروں کے درمیان معلومات کے تبادلے، باہمی تعاون اور مؤثر حکمت عملی کے ذریعے درپیش مسائل کے حل سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سعید الرحمٰن کاکڑ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن و امان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اس مقصد کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری سنجیدگی اور پیشہ ورانہ انداز میں ادا کریں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ اداروں کے درمیان رابطوں کو مزید مضبوط بنایا جائے۔

بقیہ (16)

عملدرآمد کے حوالے سے بریفنگ دی۔ بریفنگ میں گھریلو تشدد، خواتین کو ہراساں کرنے، بچوں کے حقوق اور خواجہ سراؤں (ٹرانسجینڈر) سے متعلق درج کیسز کی پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ سب انسپکٹر نیئر سلطانہ نے بتایا کہ رواں سال جنوری سے اب تک سیل میں مجموعی طور پر 103 کیسز رپورٹ ہوئے، جن میں سے سنگین نوعیت کے 7 مقدمات باقاعدہ درج کیے گئے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 48 کیسز فریقین کی باہمی رضامندی اور کامیاب صلح نامے کے ذریعے نمٹائے گئے، جبکہ 7 کیسز میں وومین چائلڈ پروٹیکشن سیل کی کاوشوں سے موقع پر ہی راضی نامہ کروایا گیا۔ ڈی آئی جی لاڑکانہ رینج شیراز نذیر کے خصوصی احکامات پر وومین اینڈ چائلڈ پروٹیکشن سیل لاڑکانہ رینج کی انچارج انسپکٹر بتول فاطمہ نے ایس ایس پی آفس جیکب آباد میں قائم وومین پروٹیکشن سیل کا دورہ کیا اور دفتری ریکارڈ سمیت مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے موقع پر انچارج وومین پروٹیکشن سیل جیکب آباد سب انسپکٹر نیئر سلطانہ نے جنوری 2026 سے تاحال موصول ہونے والی شکایات اور ان پر عملدرآمد کے حوالے سے بریفنگ دی۔ بریفنگ میں گھریلو تشدد، خواتین کو ہراساں کرنے، بچوں کے حقوق اور خواجہ سراؤں (ٹرانسجینڈر) سے متعلق درج کیسز کی پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ سب انسپکٹر نیئر سلطانہ نے بتایا کہ رواں سال جنوری سے اب تک سیل میں مجموعی طور پر 103 کیسز رپورٹ ہوئے، جن میں سے سنگین نوعیت کے 7 مقدمات باقاعدہ درج کیے گئے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 48 کیسز فریقین کی باہمی رضامندی اور کامیاب صلح نامے کے ذریعے نمٹائے گئے، جبکہ 7 کیسز میں وومین چائلڈ پروٹیکشن سیل کی کاوشوں سے موقع پر ہی راضی نامہ کروایا گیا۔

بقیہ (17)

ڈبلیو کے ذریعے تعمیری کام قابل تحسین ہے انہوں نے مزید کہا کہ جن علاقوں میں انہیں روڈ میپ دیا گیا موصوف نے اپنی قابلیت کی بنیاد پر محکمے اور عوام الناس کو مایوس نہیں کیا شفاف تعمیراتی کاموں کے حوالے سے ان کا اپنا ایک مقام ہے جنہیں باشعور عوام قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہیں اور ایسے آفیسران کی حوصلہ افزائی جاری رکھیں گے۔

بقیہ (18)

اور شہر میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی خصوصی ہدایات پر میونسپل کمیٹی بارکھان کی جانب سے شہر بھر میں صفائی مہم جاری ہے۔ اس دوران مختلف علاقوں، بازاروں، گلیوں اور اہم شاہراہوں پر صفائی ستھرائی کا کام کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی ہے کہ صفائی کے عمل کو باقاعدگی سے جاری رکھا جائے اور شہر میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے۔

بقیہ (19)

پانی کے ممکنہ بحران سے مستقل بنیادوں پر نمٹنے کے لیے سمندری پانی کو قابلِ استعمال بنانا ایک اہم اور قابلِ اعتماد ذریعہ ثابت ہو سکتا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی انیس طارق گورگیج کی زیرِ صدارت اجلاس میں گوادر میں پانی کی موجودہ صورتحال، مستقبل میں ممکنہ قلت اور نئے آبی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، پروجیکٹ ڈائریکٹر واٹر میر جان بلوچ اور اسسٹنٹ انجینئر کمبر کلمتی شریک تھے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل کو شادی کور اور سوڈ ڈیم سے پانی کی فراہمی، ٹرانسمیشن و ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک، واٹر ریزروائرز اور شہر کے مختلف علاقوں میں پانی کی تقسیم کے نظام پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس وقت شادی کور اور سوڈ ڈیم سے تقریباً 3.7 ملین گیلن یومیہ پانی فراہم کیا جا رہا ہے، تاہم بارشیں نہ ہونے اور سوڈ ڈیم میں پانی کے ذخیرے میں کمی کے باعث آئندہ دنوں میں فراہمی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ ممکنہ قلت سے نمٹنے کے لیے GPA ڈی سیلینیشن پلانٹ اور ٹینکرز کے ذریعے ہنگامی فراہمی کے انتظامات بھی زیرِ غور آئے۔ اجلاس میں گوادر کے لیے مجوزہ 2 ملین گیلن یومیہ (MGD2) ڈی سیلینیشن پلانٹ کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل نے متعلقہ حکام کو منصوبے کی تکنیکی و انتظامی تیاریوں کو تیز کرنے اور اسے عملی شکل دینے کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ گوادر کی مستقبل کی آبی ضروریات پوری کرنے اور پانی کے ممکنہ بحران سے مستقل بنیادوں پر نمٹنے کے لیے سمندری پانی کو قابلِ استعمال بنانا ایک اہم اور قابلِ اعتماد ذریعہ ثابت ہو سکتا ہے۔

بقیہ (20)

جنوب میں واقع ضلع بوگور کے علاقے پونگکور میں پیش آیا، جہاں شدید بارش کے باعث دریائے سیسیورہ کا پانی کان کے اندر داخل ہو گیا۔ حادثے کے وقت مجموعی طور پر 26 کان کن تقریبا 100 میٹر گہری سرنگوں میں کام کر رہے تھے، جن میں سے 11 افراد باہر نکلنے میں کامیاب ہو گئے جبکہ باقی پانی میں پھنس گئے۔ حکام کے مطابق امدادی ٹیمیں دو سرنگوں میں پھنسے افراد تک پہنچنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ تنگ، تاریک اور پھسلن والی سرنگوں کے باعث ریسکیو آپریشن میں مشکلات پیش آ رہی ہیں۔

بقیہ (21)

حاضری، غفلت اور فرائض میں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی تعلیمی اصلاحات اور سرکاری تعلیمی اداروں میں نظم و ضبط کی بہتری کے وژن کے مطابق ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کوہِ سلیمان ڈویژن ڈاکٹر محمد سلیم زرکون نے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اعجاز بگٹی کے ہمراہ اپر ڈیرہ بگٹی کی تحصیل قادر آباد اور پھیلاوغ کے مختلف امتحانی مراکز اور سرکاری تعلیمی اداروں کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران مڈل اسٹینڈرڈ امتحانی مراکز میں امتحانی عمل، نقل کی روک تھام اور سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر امتحانی مراکز میں نقل کی روک تھام اور سیکیورٹی کے لیے کیے گئے انتظامات کو سراہتے ہوئے انہوں نے امیدواروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نقل ایک ناسور بن چکی ہے، جس کا خاتمہ معیاری تعلیمی نظام کے لیے ناگزیر ہے۔ ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن نے گورنمنٹ ہائی اسکول قادر آباد اور گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول قادر آباد کا بھی تفصیلی معائنہ کیا، جہاں تعلیمی ماحول، صفائی ستھرائی، اساتذہ اور طلبہ و طالبات کی حاضری کا جائزہ لیا گیا۔ اسی طرح تحصیل پھیلاوغ کے گورنمنٹ ہائی اسکول لنڈڑا، ہائی اسکول شام امیر خان اور ہائی اسکول مالم کا بھی دورہ کیا گیا، جہاں تعلیمی سرگرمیوں، صفائی، طلبہ کی حاضری اور کلسٹر بجٹ کی تقسیم و استعمال کا معائنہ کیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر محمد سلیم زرکون نے واضح کیا کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں غیر حاضری، غفلت اور فرائض میں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ (22)

تحت ہوں گے، کوشش ہوگی کہ 3 ماہ میں نیا قانون بنا لیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ صوبوں کے قیام سے متعلق سوال پر مراد علی شاہ نے کہا کہ اس معاملے پر صوبائی اسمبلی پہلے ہی فیصلہ کر چکی ہے۔

بقیہ (23)

خضدار نے عوامی شکایات کے فوری اور مؤثر ازالے کی روایت برقرار رکھتے ہوئے نیشنل ڈیٹابیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (NADRA) کے خلاف دائر ایک اہم شکایت کا کامیابی سے حل نکال لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، محلہ مارو کپر، خضدار کی رہائشی مسماۃ حرمت خاتون نے وفاقی محتسب علاقائی دفتر خضدار میں نادرا کے خلاف درخواست دائر کی تھی جس میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ وہ اپنے قومی شناختی کارڈ کی تجدید کے لیے تمام قانونی و دفتری تقاضے — بشمول بھائی کے شناختی کارڈ کی فراہمی اور دو گواہان کی پیشی — مکمل کر چکی ہیں، تاہم سسٹم یا انتظامی رکاوٹوں کے باعث ان کی مقررہ فیس جمع نہیں ہو پا رہی تھی اور ان کی درخواست طویل عرصے سے التوا کا شکار تھی، جس کی وجہ سے انہیں شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ وفاقی محتسب نے سائلہ کی درخواست کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ نادرا حکام کو طلب کیا اور معاملے کی باقاعدہ سماعت عمل میں لائی گئی۔ وفاقی محتسب کی مؤثر مداخلت اور ہدایات کے نتیجے میں نادرا انتظامیہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے رپورٹ پیش کی کہ سائلہ کی درخواست پر تمام مراحل مکمل کر لیے گئے ہیں اور ان کا قومی شناختی کارڈ نادرا رجسٹریشن سینٹر (NRC) سوراب سے تیار کر دیا گیا ہے۔

بقیہ (24)

کر دیا گیا، پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں ڈی آئی خان میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس افسر شہید جبکہ دو افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ اسماعیل خان ڈیال روڈ پر واقعہ تھانہ شورکوٹ کی حدود میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایس ایچ او سرو کئی شہید ہو گئے جبکہ فائرنگ کی زد میں آ کر دو افراد زخمی ہو گئے۔ شہید ایس ایچ او کامران محسود اور زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال منتقل کر دیا گیا، پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔

بقیہ (25)

کمشنر نے لورالائی روڈ، مین بارکھان روڈ، صمند خان گلی اور ماڈل بازار رکھنی میں جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا اور منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ ایڈیشنل کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی کاموں میں تعمیراتی معیار کا خاص خیال رکھا جائے اور منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں میں تاخیر اور ناقص کام کسی صورت قابلِ قبول نہیں ہوگا۔ بعد ازاں ایڈیشنل کمشنر نے ایکسیئن بلڈنگ طارق شیرانی کے ہمراہ پی اینڈ آر آفس میں زیرِ تعمیر پری فیبر یکیٹڈ کوارٹرز کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا اور ٹھیکیدار کو ہدایت کی کہ سرکاری طور پر منظور شدہ ڈیزائن کے مطابق کام جلد مکمل کر کے کوارٹرز متعلقہ محکمے کے حوالے کیے جائیں تاکہ سرکاری افسران کے لیے رہائش کی سہولت فراہم ہو اور انہیں درپیش رہائشی مسائل حل کیے جا سکیں۔ ایڈیشنل کمشنر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق علاقے میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کی ترقیاتی پالیسی کے مطابق، کمشنر کوہِ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی کی ہدایات پر ایڈیشنل کمشنر کوہِ سلیمان ڈویژن عبدالباسط بزدار نے رکھنی پراجیکٹ کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایکسیئن روڈز فضل محمد زرکون، ایکسیئن بلڈنگ طارق شیرانی اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ایڈیشنل کمشنر نے لورالائی روڈ، مین بارکھان روڈ، صمند خان گلی اور ماڈل بازار رکھنی میں جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا اور منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ ایڈیشنل کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی کاموں میں تعمیراتی معیار کا خاص خیال رکھا جائے اور منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں میں تاخیر اور ناقص کام کسی صورت قابلِ قبول نہیں ہوگا۔ بعد ازاں ایڈیشنل کمشنر نے ایکسیئن بلڈنگ طارق شیرانی کے ہمراہ پی اینڈ آر آفس میں زیرِ تعمیر پری فیبر یکیٹڈ کوارٹرز کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا اور ٹھیکیدار کو ہدایت کی کہ سرکاری طور پر منظور شدہ ڈیزائن کے مطابق کام جلد مکمل کر کے کوارٹرز متعلقہ محکمے کے حوالے کیے جائیں تاکہ سرکاری افسران کے لیے رہائش کی سہولت فراہم ہو اور انہیں درپیش رہائشی مسائل حل کیے جا سکیں۔ ایڈیشنل کمشنر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق علاقے میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ (26)

نومبر کو بند رہیں گے۔ نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ یہ فیصلہ خصوصی طور پر ایس ڈبلیو ایس کیمپ کے قرب و جوار میں واقع تعلیمی اداروں کے طلبہ اور اساتذہ کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ 24 اور 25 نومبر کی درمیانی شب جنوبی وزیرستان لوئر کی تحصیل برمل کے علاقے ملک خیل کلی میں دو کواڈ کاپٹر ڈرونز کے ذریعے ایک گھنٹے کے دوران 12 حملے کئے گئے۔ ان حملوں میں مالی نقصان ہوا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، البتہ علاقے میں خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔ 22 نومبر کو وانا کے رستم بازار (مغل خیل ڈیری کے قریب) نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے پولیس کانسٹیبل عبدالسلام دوتانی شہید ہو گئے۔ پاک فوج اور سیکیورٹی فورسز کی جانب سے انٹیلی جنس بنیادوں پر کارروائیاں جاری ہیں۔ نومبر کے وسط میں ہونے والی جھڑپوں اور آپریشنز میں جنوبی وزیرستان اور ملحقہ اضلاع میں درجنوں شدت پسندوں کو ہلاک کیا گیا ہے۔

بقیہ (27)

ذریعے تشدد سے پاک معاشرے کا قیام” کے موضوع پر یونیورسٹی لا کالج کوئٹہ میں سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں ڈاکٹر دوست محمد بڑیچ، چیف کوآرڈینیشن آفیسر بلوچستان سینٹر آف ایکسیلنس، ڈپٹی کوآرڈینیشن آفیسر بلوچستان سینٹر آف ایکسیلنس، ڈاکٹر عصمت اللہ خان، پرنسپل یونیورسٹی لا کالج، ڈاکٹر سلمیٰ نواز اور پی ایچ ڈی اسکالر سائمہ جمالی، طلبہ و طالبات اور سول سوسائٹی ارگنائزیشن کے نمائندوں نے شرکت کی۔ ڈاکٹر دوست محمد بڑیچ نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس سیمینار کا بنیادی مقصد بلوچستان کی خواتین اور نوجوان لڑکیوں کو تعلیم، شعور اور مثبت سماجی سرگرمیوں کے ذریعے بااختیار بنانا، پرتشدد انتہاپسندی کے خلاف آگاہی کو فروغ دینا اور خواتین کے حقوق کے تحفظ کے لیے مؤثر کردار ادا کرنا ہے۔ ڈاکٹر عصمت اللہ خان نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے خواتین کی تعلیم، معاشرتی ترقی اور فیصلہ سازی کے عمل میں ان کی مؤثر شمولیت کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔

بقیہ (28)

نے خطے کے تاریخی و تہذیبی روابط سے مشترکہ فائدہ اٹھانے پر زور دیا۔ تفصیلات کے مطابق نئی دہلی میں منعقدہ وزارتی فورم میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک نے اردو زبان میں اظہارِ خیال کیا، اپنے خطاب کے دوران انہوں نے مرزا غالب اور علامہ اقبال کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ بامعنی بات چیت مختلف نظریات اور ثقافتوں کے درمیان ہی ہوتی ہے اور اگر تمام نظریات ایک جیسے ہوں تو وہ مکالمہ نہیں رہتا، پاکستان گندھارا اور بدھ مت سمیت مختلف قدیم تہذیبوں کا امین ہے اور اس کے تاریخی و تہذیبی روابط فارس اور عرب سے لے کر وسطی ایشیا کے تاریخی شہروں بخارا اور سمرقند تک پھیلے ہوئے ہیں، اس لیے وہ تمام رکن ممالک کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ ان قدیم اور مشترکہ روابط سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ اجلاس سے خطاب میں ڈاکٹر مصدق ملک نے تین نکاتی فارمولا پیش کرتے ہوئے تجویز دی کہ ایس سی او ممالک کے درمیان ثقافتی تعاون کو فروغ دیا جائے، تاریخی ورثے کو محفوظ بنایا جائے اور تہذیبی آثار کو موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے خطرات سے بچانے کے لیے مشترکہ اقدامات کیے جائیں، ان مقاصد کے حصول کے لیے وفاقی وزیر نے ثقافتی ورثے کے تحفظ سے متعلق ایس سی او نیٹ ورک اور ایک ڈیجیٹل لائبریری قائم کرنے کی تجاویز بھی پیش کیں تاکہ رکن ممالک تاریخی و ثقافتی معلومات اور تحفظ کے طریقوں کا تبادلہ کر سکیں۔ بتایا گیا ہے کہ فورم کے موقع پر وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک اور بھارتی وزیر گجندر سنگھ شیخاوت کے درمیان نئی دہلی کے پرانے قلعے میں ایک غیر رسمی ملاقات بھی ہوئی، جس میں دونوں وزرا کافی دیر تک باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو کرتے رہے، اس کے علاوہ وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی نے آذربائیجان کے وزیر ثقافت ڈاکٹر عادل کریمی، کرغزستان کے وزیر مملکت برائے اطلاعات، تاجکستان کی وزیر ثقافت مطلوبہ خان اور نیپال کے وزیر ثقافت کھڑک راج پاؤڈل سے بھی الگ الگ ملاقاتیں کیں، جبکہ ڈاکٹر مہدی ایمانی کی قیادت میں ایرانی وفد نے بھی ان سے ملاقات کر کے باہمی تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ (29)

کے ماحولیاتی ادارے نے تصدیق کی ہے کہ عالمی درجہ حرارت میں اضافہ 1.5 ڈگری سینٹی گریڈ کی حد سے تجاوز کرنے کی جانب بڑھ رہا ہے جبکہ دنیا کے تمام ممالک نے ایک دہائی سے زائد عرصہ قبل اس حد کو عبور نہ کرنے کی کوشش پر اتفاق کیا تھا۔ ماہرین کے مطابق درجہ حرارت میں اس حد سے زیادہ اضافہ ہونے کی صورت میں شدید موسمیاتی واقعات اور ان کے تباہ کن اثرات میں مزید شدت آنے کا خدشہ ہے۔ کانفرنس کی صدارت کرنے والے ترکیہ کے وزیر ماحولیات مرات کوروم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان کے خیال میں ایسا مسودہ پیش کیا گیا ہے جس پر تمام فریق اتفاق کر سکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ معاہدے کی منظوری کے لیے اجلاس آج دوبارہ طلب کیا جائے گا۔ مرات کوروم کے مطابق نئے معاہدے میں فوسل فیول سے متعلق تحفظات اور موسمیاتی تبدیلیوں سے مطابقت پیدا کرنے کے لیے ترقی پذیر ممالک کو مالی معاونت فراہم کرنے کے معاملات کو بھی حل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس سے قبل معاہدے کے ابتدائی مسودے کو بعض ممالک کی جانب سے شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا تھا کیونکہ اس میں فوسل فیول کے استعمال کو ختم کرنے سے متعلق کوئی حوالہ شامل نہیں تھا۔ نئے مسودے میں سابقہ تجاویز کو مزید بہتر بنایا گیا ہے تاکہ مختلف ممالک کے تحفظات دور کرتے ہوئے مشترکہ لائحہ عمل طے کیا جا سکے۔ نئے معاہدے کی تیاری میں آسٹریلیا اور ترکیہ نے اہم کردار ادا کیا جبکہ دنیا کے امیر، غریب، بڑے اور چھوٹے ممالک کے تقریبا 200 وفود کے ساتھ تفصیلی مشاورت کی گئی۔ آسٹریلیا مذاکرات کی قیادت کر رہا ہے جبکہ ترکیہ کانفرنس کی میزبانی اور صدارت کے فرائض انجام دے رہا ہے۔ معاہدے کے مسودے پر اعتراضات جمع کرانے کے لیے وفود کو اتوار کا تک کا وقت دیا گیا تھا۔ آسٹریلیا اور ترکیہ کے سامنے سب سے بڑا چیلنج ایسے معاہدے پر اتفاق رائے پیدا کرنا تھا جو موسمیاتی تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ممالک کی ضروریات اور فوسل فیول کی پیداوار یا استعمال پر انحصار کرنے والی معیشتوں کے مفادات میں توازن قائم کر سکے۔

بقیہ (30)

نظام نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے میزائل کو ہدف تک پہنچنے سے پہلے ہی ناکارہ بنا دیا۔ میزائل حملے کے خطرے کے پیشِ نظر مکہ مکرمہ میں ہنگامی وارننگ کیلئے سائرن بجائے گئے، جبکہ شہری دفاع کی جانب سے حفاظتی الرٹ بھی جاری کیا گیا، خطرہ ٹلنے کے بعد الرٹ ختم کر دیا گیا اور شہریوں کو صورتحال سے آگاہ کیا گیا۔ اتحادی افواج کے ترجمان نے بتایا کہ اس سے قبل حوثی ملیشیا کی جانب سے سعودی دارالحکومت ریاض کی طرف بھیجا گیا ڈرون بھی فضائی دفاعی نظام نے فضا میں تباہ کر دیا تھا، دونوں واقعات کے حوالے سے سعودی حکام نے دفاعی نظام کی بروقت کارروائی کی تفصیلات فراہم کی ہیں۔ دوسری جانب سعودی شہری دفاع نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ سکیورٹی اور دفاعی کارروائیوں سے متعلق غیر مصدقہ معلومات یا حساس تفصیلات سوشل میڈیا پر شیئر کرنے سے گریز کریں۔ حکام نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ سرکاری ہدایات پر عمل کریں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں متعلقہ اداروں کی جانب سے جاری کردہ اطلاعات کو ہی مستند سمجھیں۔ دوسری جانب ترکی کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان کا کہنا ہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان کسی ممکنہ معاہدے کے اثرات صرف آبنائے ہرمز کے کھلنے تک محدود نہیں ہوں گے۔ انھوں نے کہا کہ یہ ممکنہ معاہدہ آبنائے ہرمز سے آگے عالمی معیشت کو سہولت فراہم کرنے میں ایک اہم عنصر ثابت ہوگا۔ فیدان نے سعودی قیادت میں قائم عسکری اتحاد اور یمن کے حوثیوں کے درمیان جھڑپوں کے بارے میں بھی کہا کہ انقرہ کی ترجیح سعودی عرب کا دفاع ہے، تاہم انھوں نے یہ بھی واضح کیا کہ ترک حکومت نے ابھی تک یمن میں فوج بھیجنے کا فیصلہ نہیں کیا۔ ترکی، سعودی عرب اور پاکستان مکہ دفاعی اتحاد کا حصہ ہیں۔

بقیہ (31)

پائپ لائنیں منقطع کی جا چکی ہیں، تاہم باقی علاقوں کے لیے جامع سروے کی ضرورت ہے۔ عدالت کو بتایا گیا کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ کی رپورٹ کے مطابق 295 ٹیوب ویلوں میں سے صرف 68 کے پاس این او سی موجود ہے جبکہ 227 ٹیوب ویل بغیر این او سی کام کر رہے ہیں۔ عدالت نے قرار دیا کہ مذکورہ رپورٹ کوئٹہ شہر اور گردونواح میں قائم ٹیوب ویلوں کی مجموعی تعداد اور ان کی قانونی حیثیت سے متعلق مکمل معلومات فراہم نہیں کرتی، لہٰذا اسے غیر حتمی قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔ عدالت نے سیکرٹری پی ایچ ای کی سربراہی میں غیر قانونی ٹیوب ویلوں سے متعلق تشکیل دی گئی کمیٹی کی رپورٹ اور 5 نومبر 2026 کے اجلاس کے منٹس کو بھی غیر تسلی بخش قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا اور سیکرٹری پی ایچ ای کو ہدایت کی کہ ایک مؤثر ٹیم تشکیل دے کر کوئٹہ شہر اور گردونواح میں تمام ٹیوب ویلوں کا ازسرنو جامع سروے کیا جائے اور غیر قانونی ٹیوب ویلوں کی مکمل تفصیلات پیش کی جائیں۔ عدالت نے سرکاری ٹیوب ویلوں پر مبینہ غیر قانونی قبضوں اور ان میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی سے متعلق درخواست بھی ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ اور ویسٹ کو بھجواتے ہوئے معاملے کی انکوائری اور آئندہ سماعت پر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ دورانِ سماعت بی واسا کے حکام نے بتایا کہ خرخسہ ڈیم کے اطراف نو ٹیوب ویل فعال ہیں، جن سے ہزارہ ٹاؤن کے مشرقی اور مغربی علاقوں کو متبادل دنوں میں پانی فراہم کیا جا رہا ہے، جبکہ سجاول آباد کے چار ٹیوب ویلوں سے پانی ہزارہ ٹاؤن قبرستان کے تین لاکھ گیلن گنجائش والے ذخیرے سمیت دیگر آبی ذخائر تک پہنچانے کے انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ حکام کے مطابق اختر آباد ڈیم کے قریب پانچ ٹیوب ویل بجلی، پائپ لائنوں اور دیگر ضروری تعمیراتی کاموں کی عدم تکمیل کے باعث تاحال فعال نہیں ہو سکے۔ درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ ہزارہ ٹاؤن کے سات بلاکس کو پانی فراہم کیا جا رہا ہے، تاہم فراہمی غیر باقاعدہ اور انتہائی محدود ہے۔ عدالت نے بی واسا کے متعلقہ انجینئر کو ہدایت کی کہ پانی کی ترسیل کے لیے پرانی اور خستہ حال پائپ لائنوں کی فوری مرمت اور تبدیلی سمیت ضروری کام بلاتاخیر مکمل کیے جائیں اور اس ضمن میں آئندہ سماعت پر پیش رفت رپورٹ جمع کرائی جائے۔ عدالت نے سیکرٹری پی ایچ ای کو کوئٹہ شہر اور گردونواح میں پانی کی فراہمی کے مستقبل کے حوالے سے جامع منصوبہ بندی پر مبنی رپورٹ بھی پیش کرنے کا حکم دیا۔ عدالت نے حکم کی نقل ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کے دفتر کو بھجوانے کی ہدایت کرتے ہوئے کیس کی مزید سماعت 23 دسمبر 2026 تک ملتوی کر دی۔

بقیہ (32)

کے شعبے میں تعاون کے معاہدوں پر دستخط ہوئے، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار، ترک وزیر توانائی، وفاقی وزیر پیٹرولیم اور گورنر سندھ تقریب میں شریک ہوئے۔ پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن اور ترکیہ کی ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے درمیان شیئر ہولڈرز کا معاہدہ طے پا گیا، پشین بلوچستان میں اہم معدنیات اینٹیمونی کی ترقی کیلئے معاہدے پر دستخط ہو گئے۔ ماری منرلز اور ترکیہ کی ایم ٹی اے آئی سی کے درمیان مشترکہ منصوبے کا معاہدہ طے پا گیا۔ چاغی بلوچستان میں تانبے، سونے اور دیگر معدنی ذخائر کی تلاش و ترقی ہوگی۔ جیولوجیکل سروے پاکستان، ترکیہ کے ایم ٹی اے اور ایم ٹی اے آئی سی میں سہ فریقی مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہو گئے، تکنیکی تبادلے اور معدنی وسائل کی ترقی میں استعداد کار بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان معدنیات کے شعبے میں تعاون مزید مضبوط ہوگی۔ تقریب سے خطاب میں نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات تاریخی بنیادوں پر قائم ہیں، تاہم اب وقت ہے کہ اس دوستی کو عملی اقتصادی منصوبوں اور عوام کے لئے ترقی کے مواقع میں تبدیل کیا جائے۔ اسحاق ڈار نے بتایا کہ 87 میٹر طویل اورچ رئیس جدید سیسمک، صوتی اور سمندر کی تہہ کا سروے کرنے والے آلات سے لیس ہے۔ یہ جہاز صوتی لہروں کے ذریعے سمندر کی تہہ میں موجود چٹانوں کی ساخت کا جائزہ لے گا اور حاصل ہونے والے ڈیٹا کی مدد سے زیرِ سمندر ارضیاتی ساخت کی سہ جہتی تصاویر تیار کی جائیں گی۔ اس تحقیق سے مستقبل میں تیل و گیس کی تلاش اور کھدائی کے امکانات کا تعین کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے بتایا کہ ترک حکام کے مطابق سروے میں تقریبا 5 سے 6 ماہ لگ سکتے ہیں۔ اسحاق ڈار نے امید ظاہر کی کہ یہ مشن پاکستان کے لیے تیل و گیس کے ذخائر کی دریافت کی خوش خبری لائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سمندر میں توانائی کے ذخائر کی تلاش ایک پیچیدہ اور مہنگا عمل ہے اور سیسمک سروے سے ذخائر ملنے کی ضمانت نہیں ہوتی، تاہم یہ مستقبل کی تلاش کے لیے بنیادی معلومات فراہم کرتا ہے۔ نائب وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستانی ماہرینِ ارضیات اور انجینئرز اپنے ترک ہم منصبوں کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ دونوں ملکوں کی جامعات اور تحقیقی اداروں کے درمیان سمندری ارضیات اور سمندر میں توانائی کی تلاش سے متعلق انجینئرنگ کے شعبوں میں اشتراک کے امکانات بھی موجود ہیں۔ انہوں نے ترک سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ حکومت اہم منصوبوں میں ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی اور اداروں کے درمیان رابطے کو بہتر بنایا جائے گا تاکہ منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر نہ ہو۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ سمندری سرگرمیوں میں بحری تحفظ اور ماحولیاتی معیار کا مکمل خیال رکھا جائے، کیونکہ سمندر معاشی اثاثہ ہونے کے ساتھ قدرتی امانت بھی ہے۔ ان کے مطابق پاکستان اور ترکیہ کا یہ مشترکہ مشن سائنسی معلومات میں اضافے، قومی صلاحیتوں کی ترقی اور دونوں ملکوں کے درمیان تعاون کے نئے راستے کھولے گا۔ تقریب سے خطاب میں الپرسلان بیرکتار نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان شعبہ توانائی میں تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں، پاکستان اور ترکیہ کی توانائی تعلقات میں نئے دور کا آغاز ہو رہا ہے۔ پاکستان کے ساتھ توانائی کے شعبے میں تعاون کو مزید فروغ دیں گے۔ الپرسلان بیرکتار نے کہا کہ پاکستان ترکیہ مشترکہ تاریخ، اقدار، بھائی چارے کے مضبوط رشتوں میں بندھے ہیں، توانائی کے شعبے میں تعاون دونوں ممالک کے مستقبل کو نئی سمت دیگا۔

بقیہ (33)

اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے۔ یورپی یونین کے زیرِ اہتمام یورپی پارلیمنٹ برسلز میں منعقد ہونے والے تیسرے شومان سکیورٹی اینڈ ڈیفنس فورم میں پاکستان نے اعلیٰ سطح پر شرکت کرتے ہوئے عالمی امن و سلامتی، موسمیاتی خطرات اور خطے کے دیرینہ تنازعات کے پرامن حل پر اپنا مقف پیش کیا ہے۔ 17 اور 18 نومبر کو ہونے والے اس دو روزہ فورم میں پچاسی سے زائد شراکت دار ممالک، یورپی یونین، اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی اداروں کے نمائندوں نے شریک ہو کر بدلتے ہوئے عالمی نظام اور سکیورٹی چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا۔ وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے یورپی یونین کی خارجہ امور اور سلامتی پالیسی کی اعلیٰ نمائندہ کایا کالاس کی خصوصی دعوت پر فورم میں شرکت کی، جہاں یورپی پارلیمنٹ آمد پر ان کا ریڈ کارپٹ استقبال کیا گیا۔ فورم کے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع نے بتایا کہ گزشتہ سات دہائیوں کے دوران پاکستان کے تقریبا دو لاکھ سینتیس ہزار فوجی اور دیگر اہلکار اقوام متحدہ کے اڑتالیس امن مشنز میں خدمات انجام دے چکے ہیں، جبکہ ایک سو تراسی پاکستانی اہلکار عالمی امن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں۔ خواجہ محمد آصف نے کہا کہ اقوام متحدہ کے امن مشنز کو درپیش مالی مشکلات اور وسائل کی کمی عالمی سلامتی کے لیے چیلنج بن سکتی ہے، اور اہلکار فراہم کرنے والے ممالک کو پالیسی سازی میں مؤثر نمائندگی ملنی چاہیے۔ انہوں نے عالمی سلامتی کے تصور کو وسیع کرتے ہوئے کہا کہ سلامتی صرف فوجی طاقت تک محدود نہیں بلکہ موسمیاتی تبدیلی، غذائی عدم تحفظ اور معاشی کمزوریاں بھی عدم استحکام کو جنم دے سکتی ہیں، اور پاکستان موسمیاتی خطرات سے شدید متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔ وزیرِ دفاع نے دیرینہ تنازعات کو بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا اور یورپی پارلیمنٹ میں چیئرمین کشمیر کونسل ای یو علی رضا سید سے ملاقات کر کے مسئلہ کشمیر کے لیے ان کی کاوشوں کو سراہا۔ دور برسلز کے دوران یورپی حکام سے ملاقاتوں، سفارتی رابطوں اور انتظامات میں بیلجیم، لکسمبرگ اور یورپی یونین کے لیے پاکستانی سفیر رحیم حیات قریشی اور سفارتی ٹیم نے اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ (34)

رساں ادارے کے مطابق رواں ہفتے برطانیہ نے مقبوضہ مغربی کنارے میں یہودی بستیوں کی تعمیر اور توسیع میں ملوث 8 اسرائیلی کمپنیوں کے علاوہ غزہ میں انسانی امداد کی ترسیل میں رکاوٹ ڈالنے والے اسرائیلی گروپ پر پابندیاں عائد کی تھیں۔ دوسری جانب آسٹریلیا نے بھی مقبوضہ مغربی کنارے میں غیر قانونی آبادکاری اور فلسطینیوں کے خلاف تشدد میں ملوث 3 اسرائیلی افراد اور 4 تنظیموں پر پابندیاں عائد کرنے کا اعلان کیا تھا۔ جاری مشترکہ اعلامیے میں پاکستان، کویت، اردن، متحدہ عرب امارات، انڈونیشیا، ترکیہ، الجزائر، سعودی عرب، صومالیہ، عمان، فلسطین، قطر، لیبیا، مالدیپ، مصر اور نائجر کے وزرائے خارجہ نے برطانیہ اور آسٹریلیا کی جانب سے مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں غیر قانونی اسرائیلی آبادکاری کی سرگرمیوں پر پابندیاں عائد کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا، جن میں یہودی بستیوں کی تعمیر میں ملوث کمپنیوں کو بھی پابندیوں کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ بیان میں برطانیہ کی جانب سے ایسے اسرائیلی گروپ پر پابندیاں عائد کرنے کے فیصلے کا بھی خیر مقدم کیا گیا جو غزہ کی پٹی میں انسانی امداد کی ترسیل میں رکاوٹ ڈالنے میں ملوث پایا گیا ہے۔ وزرائے خارجہ نے مشترکہ بیان میں کہا کہ وہ ذمہ داران کا احتساب یقینی بنانے کے لیے تمام کوششوں کی حمایت کرتے ہیں۔ ان میں مناسب بین الاقوامی اقدامات اور غیر قانونی آبادکاری میں ملوث اداروں اور افراد پر پابندیاں عائد کرنا بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ای ون آبادکاری منصوبے کے علاوہ الحاق اور یہودی بستیوں کے پھیلا کی پالیسیوں کی حمایت، ان پر عمل درآمد یا انہیں ممکن بنانے والے عناصر کو بھی پابندیوں کا سامنا کرنا چاہیے۔

بقیہ (35)

کی صلاحیت بڑھا رہی ہیں اور علاقائی تنازعات سے فائدہ اٹھا کر اپنا اثر و رسوخ پھیلا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف مؤثر عالمی حکمت عملی کے لئے دوٹوک موقف، عدم برداشت اور بین الاقوامی تعاون ناگزیر ہے، افغانستان میں موجود دہشت گرد گروہ نہ صرف اس ملک بلکہ اس کے پڑوسی ممالک کی سلامتی کے لیے بھی سنگین خطرہ ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ داعش خراسان (آئی ایس) کے سرحد پار حملوں کے لیے اپنی صلاحیت اور سرگرمیاں بڑھا رہی ہے، سن لی نے طالبان حکومت پر زور دیا کہ وہ دہشتگردی کے خلاف اپنے وعدوں کی پاسداری کرے اور افغانستان میں موجود تمام دہشتگرد گروہوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کرے، جن میں سلامتی کونسل کی قرارداد 1267 کے تحت پابندیوں کی فہرست میں شامل افراد اور تنظیمیں بھی شامل ہیں۔ چینی مندوب نے کہا کہ افغانستان کو دوبارہ دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہ بننے سے روکنے کیلئے موثر اقدامات ناگزیر ہیں، دہشتگردی کی بنیادی وجوہات کے خاتمے کے لئے عالمی برادری کو افغانستان کی معیشت کی بحالی اور عوام کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کرنی چاہیئے۔ انہوں نے وسطی ایشیائی ممالک، علاقائی تنظیموں، خصوصا شنگھائی تعاون تنظیم اور افغانستان کے درمیان تعاون بڑھانے پر بھی زور دیا تاکہ سرحد پار دہشتگردی کے خطرات کا مشترکہ طور پر مقابلہ کیا جا سکے۔ سن لی نے خبردار کیا کہ دہشت گرد تنظیمیں اپنے مقاصد کے لئے انٹرنیٹ، مصنوعی ذہانت، ڈرونز اور دیگر جدید ٹیکنالوجی کا بڑھتا ہوا استعمال کر رہی ہیں۔ ان ذرائع کو لوگوں کو تشدد پر اکسانے، نئے ارکان بھرتی کرنے، مالی وسائل جمع کرنے اور حملوں کی منصوبہ بندی کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ اور عالمی برادری پر زور دیا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی نگرانی، خطرات کے جائزے اور مؤثر ضابطہ کار کو مضبوط بنایا جائے، ترقی پذیر ممالک کو بھی ٹیکنالوجی، آلات، فنی معاونت، تربیت اور خفیہ معلومات کے تبادلے کے ذریعے دہشتگردی کے خلاف اپنی صلاحیتیں بہتر بنانے میں مدد دی جانی چاہیئے۔

بقیہ (36)

سے فرٹیلائزر کمپلیکس قائم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ دو ارب روپے کی ابتدائی لاگت سے بلوچستان میں رجسٹرڈ بلوچستان انشورنس کمپنی لمیٹڈ قائم کی جائے گی۔ اس کمپنی کے قیام سے صوبے کے سرکاری اداروں اور مقامی شہریوں کو انشورنس کی بہتر اور معیاری سہولیات مقامی سطح پر دستیاب ہوں گی۔ اس اقدام سے صوبے میں مالیاتی خدمات کے شعبے کو وسعت دینے اور سرمایہ کاری کے نئے امکانات پیدا کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت انشورنس کمپنی کا قیام صوبے میں مالیاتی خدمات کے فروغ اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔ حکومت بلوچستان نجی شعبے کے اشتراک سے ایسے منصوبوں پر کام کر رہی ہے جن کے ذریعے صوبے کی معاشی استعداد سے بھرپور استفادہ کیا جا سکے اور عوام کو بہتر سہولیات فراہم ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں نجی شعبے کی شراکت داری کو فروغ دے کر معاشی سرگرمیوں میں وسعت اور پائیدار ترقی کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔ اجلاس میں ضلع ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی میں لو بی ٹی یو گیس کو بروئے کار لاتے ہوئے فرٹیلائزر کمپلیکس کے قیام پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اس منصوبے سے مقامی قدرتی وسائل کے مؤثر استعمال کے ساتھ صنعتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا اور مقامی آبادی کے لیے روزگار کے وسیع مواقع پیدا ہوں گے۔ فرٹیلائزر کمپلیکس کے قیام سے علاقے میں تجارتی سرگرمیوں میں اضافے اور متعلقہ شعبوں میں معاشی مواقع پیدا ہونے کی بھی توقع ہے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور ان وسائل کو مقامی سطح پر صنعتی ترقی، سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے استعمال کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی کوشش ہے کہ قدرتی وسائل سے حاصل ہونے والے معاشی فوائد میں مقامی آبادی کو بھی بھرپور حصہ ملے اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے راستے کھلیں۔ سوئی میں فرٹیلائزر کمپلیکس کا قیام اسی سوچ کے تحت ایک اہم پیش رفت ہے، جس سے علاقے میں صنعتی اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں معاشی ترقی کے لیے ایسے منصوبوں کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے جن میں سرکاری اور نجی شعبہ مشترکہ طور پر سرمایہ کاری کرے۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے دستیاب وسائل، نجی شعبے کی مہارت اور سرمایہ کاری کی صلاحیت کو یکجا کر کے ترقیاتی منصوبوں کو عملی شکل دی جا سکتی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منظور شدہ منصوبوں پر پیش رفت کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جائے تاکہ ان کے ثمرات جلد عوام تک پہنچ سکیں۔ اجلاس میں صوبائی وزیر ترقیات و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ت ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان، سیکرٹری قانون اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ (37)

بحران سے نکلنے میں وقت لگے گا، عوام کے کندھوں پر معاشی بوجھ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ آنے والے حالات میں عوام کیسے گزارا کریں گے، موجودہ حالات میں فارووڈ پلاننگ کیا کر سکتے ہیں، افسوس کے ساتھ ہمارے سیاستدانوں نے عوام کے اصل مسائل پر بات کرنا چھوڑ دیا ہے، پیپلز پارٹی ہمیشہ عوام کی فلاح بہبود کے لیے کام کرتی رہتی ہے، چھوٹے زمینداروں کی مدد کی جا رہی ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ زراعت کے شعبے میں 90 فیصد چھوٹے زمینداروں کا کردار ہے، مہنگائی بڑھ رہی ہے، حالات مشکل ہوتے جا رہے ہیں، میں نے 2 دفعہ شہباز شریف کو وزیر اعظم بنوایا، انہیں ابھی تک معاشی مسائل کی طرف توجہ دینے کا موقع ہی نہیں دیا گیا، جانتا ہوں کہ وہ فخر کرتے ہیں کہ انہوں نے ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا، جب بھی وہ کوشش کرتے ہیں تو کوئی نہ کوئی وزیر اٹھ کر اپنا ایجنڈا اسناد دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران جنگ کی وجہ سے عوام کو مہنگائی کا سامنا ہے، میں نے اپنی زندگی میں اس سے زیادہ مشکل وقت نہیں دیکھا، ہمارے سامنے اب تک خطے میں امن کا کوئی معاہدہ نظر نہیں ا؟یا، اس جنگ کے خاتمے تک عوام کو مشکلات کا سامنا رہیگا، ایسے حالات میں عوام کو ریلیف دلانے کیلیے کیا کیا جا سکتا ہے، پوری دنیا میں عوام کو ریلیف دینے کیلیے منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ افسوس کہ پاکستان میں عوامی مسائل پر توجہ دینے کی روایت ختم ہوگئی ہے، پیپلز پارٹی کا ا؟ج بھی فوکس عوام کو ریلیف دینے پر ہے، بینظیر ہاری کارڈ کاشت کاروں اور چھوٹے زمینداروں کو ریلیف دینے کیلیے بنایا گیا، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ چھوٹے کاشت کاروں کی مدد کی ہے، چھوٹے کاشت کار زرعی شعبے کا نوے فیصد حصہ رکھتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کاشت کاروں کی بینظیر ہاری کارڈ سے مدد کی جا رہی ہے، جو حالات ہیں مشکلات مزید بڑھیں گی، کھاد کا ملنا مشکل ہو جائیگا، کاشت کاروں کو 4 ہزار روپے فی ایکڑ مالی امداد دی جا رہی ہے، پیپلز پارٹی زرعی شعبے کی مشکل وقت میں امداد کیلیے کوشاں ہے، تھرپارکر اور عمرکوٹ کوا؟فت زدہ قرار دینے کا بھی خیر مقدم کرتا ہوں، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کیلیے متاثرہ خاندانوں کو 8 ہزار دینے کا بھی خیر مقدم کرتا ہوں، پیپلز پارٹی کا یہی طریقہ ہے کہ معاشی بحران میں عوام کی مدد کی جائے۔ بحران سے نکلنے میں وقت لگے گا، عوام کے کندھوں پر معاشی بوجھ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ آنے والے حالات میں عوام کیسے گزارا کریں گے، موجودہ حالات میں فارووڈ پلاننگ کیا کر سکتے ہیں،

روزنامہ
Daily
ASKAR INTERNATIONAL
QUETTA
MEMBER
A.P.N.S
عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

امریکی ایئرپورٹ پر طیارہ رن وے سے آگے نکل گیا، پروازیں معطل

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا میں تھینکس گیونگ کی تعطیلات سے پہلے فضائی سفر کا رش بڑھنے کے دوران میامی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ایک کارگو طیارے کے رن وے سے آگے نکل جانے کے باعث پروازوں کا آپریشن متاثر ہوگیا۔ امریکی فیڈرل ایوی ایشن ایڈمنسٹریشن نے واقعے کے بعد میامی جانے والی پروازوں کو عارضی طور پر روک دیا، جبکہ ایئرپورٹ کے بیشتر رن وے بھی بند کردیے گئے۔ بی بی سی کے مطابق یہ واقعہ گزشتہ شام پیش آیا، جب فیڈ ایکس کا ایک کارگو طیارہ لینڈنگ کے دوران رن وے سے آگے نکل گیا۔ طیارہ امریکی ریاست ٹینیسی کے شہر میمفس سے میامی پہنچا تھا۔ حکام کے مطابق

ڈی ایچ او لورالائی ڈاکٹر محمد فہیم خان کا آر ایچ سی کچھ عمکزئی کا دورہ، انتظامات کا جائزہ

ہسپتال میں صفائی کی ناقص صورتحال اور عملے کی غیر حاضری پر ڈی ایچ او کا سخت اظہار برہمی

لورالائی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے صحت کے وژن اور سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لورالائی ڈاکٹر محمد فہیم خان نے رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) کچھ عمکزئی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کرتے ہوئے طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، عملے کی حاضری اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا دورے کے دوران ہسپتال میں صفائی کی ناقص صورتحال اور بعض عملے کی غیر حاضری پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے سخت برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری فرائض میں غفلت، ڈیوٹی سے غیر حاضری اور عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی میں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ تمام طبی و معاون عملے کی بروقت حاضری یقینی بنائی جائے اور غیر حاضر اہلکاروں کے خلاف محکمانہ ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی اس موقع پر ڈاکٹر محمد فہیم خان نے ہسپتال میں زیرِ علاج مریضوں کا معائنہ بھی کیا اوران سے فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں

پی ٹی آئی کی مشترکہ پارلیمانی پارٹی اجلاس میں تلخ جملوں کا تبادلہ

اسلام آباد (اے این این) پی ٹی آئی کی مشترکہ پارلیمانی پارٹی اجلاس میں تلخ جملوں کا تبادلہ، اندرونی اختلافات سامنے آگئے ہیں، بانی سے ملاقات کرنے والوں کو منظورِ نظر کہنے پر اراکین نے اعتراض کیا، چار رکنی پارلیمانی کمیٹی کے قیام پر بھی اختلاف ہوا، نئے صوبوں کی حمایت اور سیاسی کمیٹی میں سینیٹ کی نمائندگی نہ ہونے پر تحفظات کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں بیرسٹر علی ظفر اور سلمان اکرم راجا کے درمیان تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا، سیاسی کمیٹی میں قومی اسمبلی کے پارلیمانی لیڈر کو شامل کرنے پر ارکان نے سوال اٹھایا کہ سینیٹ کے پارلیمانی لیڈر کو کیوں شامل نہیں کیا گیا۔ سلمان اکرم راجا نے جواب دیا کہ

میرا چھوٹا بھائی عمر16 سال ہے چار ماہ قبل گھر سے نکلا ہے' سعید احمد

خدانخواستہ اگر کسی مسلح تنظیم سے تعلق رہا یا ان کے سرگرمیوں میں ملوث رہا تو ہمارا خاندان سے کوئی تعلق نہیں ہے

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ کے رہائشی محمد سعید احمد نے کہا ہے کہ میرا چھوٹا بھائی جن کا عمر16 سال ہے چار ماہ قبل گھر سے نکلا ہے تاحال واپس نہیں آیا ہے اس کو تلاش کیا لیکن کچھ معلوم نہیں اعلیٰ حکام نوٹس لیکر اس کی بازیابی کے لیے اقدامات کریں' یہ بات انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ میرا چھوٹا بھائی احمد ولی ولد عبدالنبی چار ماہ قبل گھر سے نکلا تاحال واپس نہیں آیا اس کو تلاش کرنے کی بہت کوشش کی کچھ معلوم نہیں ہوسکا خدانخواستہ اگر کسی مسلح تنظیم سے تعلق رہا یا ان کے سرگرمیوں میں ملوث رہا تو ہمارا خاندان سے کوئی تعلق نہیں ہے انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ اس حوالے ہم نے بہت کوشش کی لیکن کوئی رابطہ نہیں ہوا اور نہ ہی معلوم ہوسکا کہ وہ کہاں پر ہے۔ اس حوالے ہم نے بہت کوشش کی لیکن کوئی رابطہ نہیں ہوا اور نہ ہی معلوم ہوسکا کہ وہ کہاں پر ہے۔ کوئٹہ کے رہائشی محمد سعید احمد نے کہا ہے کہ میرا چھوٹا بھائی جن کا عمر16 سال ہے چار ماہ قبل گھر سے نکلا ہے تاحال واپس نہیں آیا ہے اس کو تلاش کیا لیکن کچھ معلوم نہیں اعلیٰ حکام نوٹس لیکر اس کی بازیابی کے لیے اقدامات کریں' یہ بات انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی'

WELCOME
TO THE UNIVERSITY OF TURBAT
TRADITION, INNOVATION, EXCELLENCE
HONORABLE CHIEF
MINISTER OF BALOCHISTAN
MIR. SARFRAZ BUGTI
PROF. DR. GUL HASAN

تربت، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی یونیورسٹی آف تربت میں نوجوانوں سے کھلے مکالمے کی نشست میں شریک ہیں

موسمیاتی تبدیلی کے اثرات، حکومت نے ہنگامی اقدامات شروع کر دیے ہیں، مشیر ماحولیات

ہم نے صوبے بھر میں 'گرین بلوچستان' مہم کے تحت بڑے پیمانے پر شجرکاری، آلودگی کنٹرول اور ماحولیاتی تعلیم کو فروغ دینے کا منصوبہ بنایا ہے

نسیم الرحمان خان ملاخیل، گرین بلوچستان مہم کے تحت شجرکاری، ضلعی ماحولیاتی کمیٹیوں کے قیام اور کلائمیٹ فنانسنگ میں جائز حصے کا مطالبہ

کوئٹہ (یواین اے) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان موسمیاتی تبدیلی کے سنگین اثرات کی زد میں ہے، بارشوں کی کمی کے باعث پانی کی قلت اور زرعی زمینوں کی بربادی ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے۔ اس صورتحال کے پیش نظر حکومت بلوچستان نے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کا آغاز کر دیا ہیوزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے مطابق: "بلوچستان ماحولیاتی لحاظ سے ایک حساس صوبہ ہے، ہمیں مستقبل کے خطرات کو روکنے کے لیے آج اقدامات کرنے ہوں گے۔ شجرکاری، پانی کے ذخائر کی حفاظت اور صاف توانائی کو فروغ دینا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ صوبائی مشیر ماحولیات نسیم الرحمٰن ملاخی نے کہا کہ بلوچستان میں کلائمیٹ چینج کے اثرات روز بروز بڑھ رہے ہیں۔ ہم نے صوبے بھر میں 'گرین بلوچستان' مہم کے تحت بڑے پیمانے پر شجرکاری، آلودگی کنٹرول اور ماحولیاتی تعلیم کو فروغ دینے کا منصوبہ بنایا ہے۔" نسیم الرحمٰن ملاخیل نے مزید بتایا کہ ماحولیاتی تحفظ

تحصیل کچلاغ کانفرنس 27 نومبر کو منعقد ہوگی، کارکن بھرپور تیاری کرے، ملک نادر کاکڑ

کچلاغ تحصیل کا اجلاس، سید شراف آغا، کبیر افغان ودیگر صوبائی وضلعی رہنماں کی شرکت، جلسہ کی بھرپور تیاری کی ہدایت

کوئٹہ (یواین اے) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ تحصیل کچلاغ کمیٹی کا اجلاس پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں تحصیل سیکرٹری ملک نادر کاکڑ کے زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی 27 نومبر تحصیل کچلاغ کانفرنس اور 2 دسمبر کو خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 53ویں برسی کے جلسہ عام کی تیاریوں کا حتمی جائزہ لیا گیا ہے۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر وضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز جمال مندوخیل، بشیر کاکڑ ایڈووکیٹ، اقبال بڑے زئی، نعمت کاکڑ، ضلع کوئٹہ کے سینئر معاون سیکرٹری نصیر احمد کاکڑ اور دیگر ضلع ایگزیکٹیوز وضلع کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ پارٹی رہنماں نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تحصیل کچلاغ کانفرنس 27 نومبر بروز جمعہ کو ضلع ایگزیکٹیوز گلاب خان سلیمانخیل کے مہمان خانہ میں منعقد ہوگی۔ جس کی تمام تر تیاری مکمل کر لی گئی ہے اور مندوبین ومبصرین کو کانفرنس میں بروقت شرکت کی ہدایت کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچلاغ تحصیل کامیاب

عراق میں داعش کی رکنیت کے الزام میں آٹھ فرانسیسی شہریوں کو عمر قید کی سزا

بغداد (اے این این) عراق کی ایک عدالت نے داعش سے تعلق اور اس کی رکنیت کے الزام میں آٹھ فرانسیسی شہریوں کو عمر قید کی سزا سنا دی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جمعرات کو سنائے گئے فیصلے میں دو دیگر فرانسیسی شہریوں کو 15، 15 سال قید کی سزائیں دی گئیں۔ ان تمام افراد پر شدت پسند تنظیم داعش کا رکن ہونے کا الزام تھا۔ عراقی عدالت مجموعی طور پر 20 فرانسیسی شہریوں کے مقدمات کی سماعت کر رہی ہے، تاہم باقی 10 ملزمان کے خلاف فیصلہ بعد کی تاریخ تک موخر کر دیا گیا ہے۔ یہ مقدمات ان غیر ملکی جنگجوں سے متعلق ہیں جن پر عراق اور شام میں داعش کی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔

مسلم لیگ (ن) ضلع ہرنائی کا سرد علاقوں کو گرم زون میں شامل کرنے کا نوٹیفکیشن مسترد

تحصیل شاہرگ میں درجہ حرارت منفی 10 ڈگری تک گرتا ہے، سردیوں کی چھٹیوں کی بحالی کا مطالبہ، بیان

ہرنائی (یواین اے) مسلم لیگ ن ضلع ہرنائی نے محکمہ تعلیم بلوچستان کی جانب سے ضلع ہرنائی کے سرد علاقوں کو گرم علاقوں میں شامل کرنے کا نوٹیفکیشن مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع ہرنائی کی دو تحصیلیں ہیں، ہرنائی اور شاہرگ۔ تحصیل ہرنائی کا شمار گرم جبکہ تحصیل شاہرگ کا شمار سرد ترین علاقوں میں ہوتا ہے، جہاں سردیوں میں درجہ حرارت منفی 10 ڈگری سینٹی گریڈ تک گر جاتا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ محکمہ تعلیم بلوچستان نے نوٹیفکیشن جاری کر کے ضلع کے سرد علاقوں میں اسکولوں کی سردیوں کی چھٹیاں ختم کر کے انہیں گرم علاقوں میں شمار کیا ہے، جس کی وجہ سے تحصیل شاہرگ سمیت ضلع ہرنائی کے مختلف علاقوں کے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ بیان کے مطابق سردی کی شدت کی وجہ سے ان علاقوں کے عوام اکثر نقل مکانی کرتے ہیں۔ سردیوں کی چھٹیاں ختم ہونے سے اسکول تو کھلے ہوں گے، لیکن حکومت کی جانب سے وہاں نہ تو بچے ہوں گے اور نہ ہی اساتذہ، کیونکہ ان علاقوں میں شدید سردی ہوتی ہے۔ مسلم لیگ ن ضلع ہرنائی نے وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ، صوبائی

ڈپٹی اسپیکر بلوچستان عزالہ گولہ کا صحبت پور کا دورہ، مختلف ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح

ڈیرہ اللہ یار (اے این این) ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی اور پاکستان پیپلز پارٹی خواتین ونگ بلوچستان کی صدر میڈم عزالہ گولہ نے ضلع صحبت پور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف ترقیاتی منصوبوں کی افتتاحی تقریبات میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے بابِ صحبت پور کے مرکزی گیٹ کا فیتہ کاٹ کر افتتاح کیا، جبکہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال صحبت پور میں گائنی وارڈ کا سنگ بنیاد رکھا اور کیسکو گرڈ اسٹیشن کے حفاظتی بند کا بھی افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریبات میں پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر محمد یعقوب کھوسہ، سردار حیدر علی خان کھوسہ، ضلعی کابینہ کے ارکان، پارٹی عہدیداران اور خواتین

مولانا فضل الرحمان کی کال پر دالبندین میں پاک ایران شاہراہ ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند

جے یو آئی چاغی کے نائب امیر حافظ حسین احمد کی سربراہی میں مشرقی بائی پاس پر احتجاج، گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں

دالبندین (یو این اے) جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی کال پر ضلع چاغی میں جے یو آئی کے ضلعی نائب امیر حافظ حسین احمد کی سربراہی میں کارکنوں نے دالبندین مشرقی بائی پاس کے مقام پر پاک ایران شاہراہ کو ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند کر دیا۔ شاہراہ کی بندش کے باعث پاک ایران روٹ پر چلنے والی گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں، جبکہ جے یو آئی کے کارکنوں کی بڑی تعداد موقع پر موجود رہی۔ جے یو آئی چاغی کے ترجمان کے مطابق شاہراہ کو مولانا فضل الرحمان کی کال پر بلاک کیا گیا ہے۔ جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی کال پر ضلع چاغی میں جے یو آئی کے ضلعی نائب امیر حافظ حسین احمد کی سربراہی میں کارکنوں نے دالبندین مشرقی بائی پاس کے مقام پر پاک ایران شاہراہ کو ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند کر دیا۔ شاہراہ کی بندش کے باعث پاک ایران روٹ پر چلنے والی گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں، جبکہ جے یو آئی کے کارکنوں کی بڑی تعداد موقع پر موجود رہی۔ جے یو آئی چاغی کے ترجمان کے مطابق شاہراہ کو مولانا فضل الرحمان

گوادر، صوبائی سیکریٹری تعلیم لعل جان جعفر اسکول کی طالبات سے ملاقات اور تعلیمی امور پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں

تربت، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزراء، چیف سیکرٹری اور حکام یونیورسٹی آف تربت میں نوجوانوں سے کھلے مکالمے کی نشست کے آغاز میں قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

ڈپٹی کمشنر برشور کا ضلع بھر میں درختوں کی کٹائی اور غیر قانونی شکار پر فوری پابندی کا حکم

پابندی کی خلاف ورزی پر بلوچستان فارسٹ ایکٹ 2022 کے تحت سخت قانونی کارروائی ہوگی، خالد شمس

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے کہا ہے کہ جنگلات اور نایاب جنگلی حیات ہمارا قیمتی قومی اثاثہ ہیں، جن کا تحفظ ماحولیاتی توازن برقرار رکھنے اور آنے والی نسلوں کے محفوظ مستقبل کے لیے ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اسی مقصد کے تحت ضلع بھر میں درختوں کی بے دریغ کٹائی اور جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار پر فوری طور پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے، ڈپٹی کمشنر خالد شمس نے واضح کیا کہ یہ حکم نامہ فوری نافذ العمل ہو چکا ہے اور پابندی کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف "بلوچستان فارسٹ ایکٹ 2022" اور دیگر متعلقہ قوانین کے تحت سخت ترین قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جبکہ کسی بھی شخص کا لاعلمی کا عذر ہرگز قابلِ قبول نہیں ہوگا۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ جنگلات، پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں کو پابندی پر سو فیصد عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے ضلع کے ذمہ دار شہریوں سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ ڈویژنل فارسٹ آفیسر (DFO) یا اسسٹنٹ کمشنر برشور کے دفتر کو دیں تاکہ بروقت

ایم کیوایم وفد کی مردان ہاؤس میں شاہی سید سے ملاقات، انتظامی یونٹس کے قیام پر اتفاق

اسلام آباد (اے این این) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیوایم) کے وفد نے مردان ہاس میں صدر عوامی نیشنل پارٹی سندھ شاہی سید سے ملاقات کی ہے۔ ترجمان ایم کیوایم کے مطابق وفد کی قیادت مرکزی رہنما مصطفیٰ کمال نے کی، جبکہ وفد میں انیس قائمخانی، فرقان اطیب، نیک محمد اور شاکر علی بھی شامل تھے۔ ملاقات میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال اور انتظامی یونٹس کے قیام سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق دونوں رہنماں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان کو مضبوط بنانے کے لیے انتظامی اصلاحات وقت کی ضرورت ہیں۔ ملاقات میں یہ اتفاق بھی کیا گیا کہ چھوٹے انتظامی یونٹس کا قیام پورے ملک میں بہتر انتظامی نظام کے لیے

پی آئی اے کو سعودی ایئر لائن کے طیارے استعمال کرنے کی خصوصی اجازت

کراچی (جی این ایم) پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی (سی اے اے) نے قومی ایئر لائن پی آئی اے کو سعودی ایئر لائن کے طیارے چارٹر بنیادوں پر استعمال کرنے کی اجازت دے دی، پی آئی اے سعودی عرب کیلئے مسافروں کی آمدورفت کیلئے سعودی ایوی ایشن کمپنی کے طیارے استعمال کر سکے گی۔ رپورٹ کے مطابق پی آئی اے کو یہ اجازت 23 نومبر 2026 سے 15 روز کیلئے دی گئی ہے، سعودی ایئر لائن کے چارٹر طیارے پی آئی اے کے مسافروں کو جدہ، مدینہ اور سعودی عرب کے دیگر ایئرپورٹ سے پاکستان اور پاکستان سے سعودی عرب لے کر آئیں گے، چارٹر طیارے سعودی ایئر لائن کے اپنے کال سائن SVA کے تحت پرواز کریں

کوئٹہ، صوبائی مشیر کھیل وامور نوجوانان مینا مجید بلوچ اپنے دفتر میں سیکرٹری کے ساتھ دفتری امور پر تبادلہ خیال کر رہی ہیں

گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل میں عربی حروف اور لفظ سازی سے متعلق تعلیمی سرگرمی کا انعقاد

طلبہ کو حروف کی درست شناخت، تلفظ اور بامعنی الفاظ بنانے کی عملی مشق کرائی گئی، سرگرمی پر مبنی تدریس کو سراہا گیا

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل میں طلبہ کی دینی، لسانی اور تعلیمی استعداد کو بہتر بنانے کے لیے عربی حروف اور لفظ سازی کے عنوان سے ایک دلچسپ اور بامقصد تعلیمی سرگرمی کا انعقاد کیا گیا۔ سرگرمی کا مقصد طلبہ کو عربی حروف تہجی سے روشناس کرانا، حروف کی درست شناخت، تلفظ اور باہمی اتصال سے بامعنی الفاظ بنانے کی عملی تربیت دینا تھا۔ اس سرگرمی کو اسکول کے فوکل پرسن حیدر علی، محمد اکبر اور عبداللطیف نے بھرپور محنت اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ طلبہ کو سکھایا۔ سرگرمی کے دوران طلبہ کو بتایا گیا کہ عربی حروف اپنی مخصوص آوازوں، شکلوں اور تحریری ساخت کی وجہ سے منفرد حیثیت رکھتے ہیں۔ بعض حروف لفظ کے آغاز، درمیان اور آخر میں اپنی شکل تبدیل کر لیتے ہیں، اس لیے ان کی مختلف شکلوں کو سمجھنا بھی ضروری ہے۔ اساتذہ نے بلیک بورڈ، چارٹس، رنگین تعلیمی مواد اور عملی مشقوں کی مدد سے طلبہ کو الف، ب، ت، ث، ج، ح، خ سمیت دیگر حروف کی پہچان اور درست ادائیگی سکھائی۔ طلبہ کو ہر حرف کی آواز دہرانے اور اس کا دوسرے حروف سے فرق سمجھنے

شیخ حسینہ کی وطن واپسی اور حوالگی کی درخواست دو الگ الگ معاملات ہیں، بھارت

نئی دہلی (جی این ایم) بھارت نے کہا ہے کہ سابق بنگلہ دیشی وزیراعظم شیخ حسینہ کی رضا کارانہ وطن واپسی اور ڈھاکا کی جانب سے ان کی حوالگی کی درخواست دو الگ معاملات ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق بھارتی وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے نئی دہلی میں معمول کی بریفنگ کے دوران کہا کہ بھارت بنگلہ دیش کی جانب سے شیخ حسینہ کی حوالگی کی درخواست کا اپنے طے شدہ طریقہ کار کے مطابق جائزہ لے رہا ہے۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ کسی شہری کا سفری دستاویز کے ذریعے رضا کارانہ طور پر اپنے ملک واپس جانے کا معاملہ حوالگی کی درخواست سے الگ ہے۔ ترجمان نے اس حوالے سے مزید تفصیلات بتانے سے گریز کیا۔

ڈپٹی کمشنر برشور خالد شمس کی کھلی کچہری، عوامی مسائل کے ترجیحی حل کی ہدایت

کھلی کچہریوں میں تمام متعلقہ محکموں کے ضلعی سربراہان کی حاضری لازمی قرار دی گئی ہے: خالد شمس

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ریٹائرڈ) خالد شمس نے کہا ہے کہ حکومتِ بلوچستان کی پالیسیوں اور گڈ گورننس کے وژن کے عین مطابق ضلع بھر میں عوامی شکایات کے فوری ازالے اور شہریوں کو ان کی دہلیز پر سرکاری خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ باقاعدگی سے جاری رہیگا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے منعقدہ کھلی کچہری میں آفسران اور سائلین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ ان کھلی کچہریوں کے انعقاد کا بنیادی مقصد ضلعی انتظامیہ اور عوام کے مابین براہِ راست رابطے کو مضبوط بنانا اور علاقائی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے، انہوں نے واضح کیا کہ کھلی کچہریوں میں تمام متعلقہ لائن ڈیپارٹمنٹس بشمول تعلیم، صحت، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، آبپاشی، زراعت، جنگلات، بلدیات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ضلعی سربراہان کی موقع پر حاضری کو لازمی قرار دیا گیا ہے تاکہ شہریوں کی اجتماعی وانفرادی شکایات پر فوری احکامات جاری کیے جا سکیں۔ فلائٹ لیفٹیننٹ (ریٹائرڈ) خالد شمس نے مزید کہا کہ

شمالی کوریا ایٹمی ہتھیاروں سے کبھی دستبردار نہیں ہوگا، کم جونگ ان

پیانگ یانگ (جی این ایم) شمالی کوریا کے رہنما کم جونگ ان نے ایٹمی ہتھیاروں اور وار ہیڈز کی غیر معمولی نمائش کر کے ایک بار پھر دنیا کی توجہ اپنی جانب مبذول کروا لی۔ شمالی کوریا کے سرکاری میڈیا کی رپورٹ کے مطابق کم جونگ ان نے ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ مذاکرات کی پیشکش کو قبول کرنے سے انکار کرنے کے بعد ایٹمی ہتھیاروں کی نمائش کی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ کم جونگ ان نے ایٹمی ہتھیاروں کے تحقیقی ادارے اور ایسے کارخانوں کا دورہ کیا جہاں ایٹمی بموں میں استعمال ہونے والا مواد تیار کیا جاتا ہے۔ اس دورے کی جو تصاویر جاری کی گئی ہیں، ان میں شمالی کوریا کے رہنما کو قطار میں رکھے متعدد جوہری وار ہیڈز کا معائنہ کرتے دیکھا جا سکتا

ڈپٹی کمشنر سبی الیاس کبزئی کی زیرِ صدارت کیسکو بھرتی انٹرویوز وسیکیورٹی انتظامات کا جائزہ اجلاس

انٹرویوز 28 نومبر سے 3 دسمبر تک جرگہ ہال سبی میں ہوں گے، 2727 امیدواروں نے درخواستیں دیں

سیوی (یو این اے) ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیرِ صدارت کیسکو کی خالی آسامیوں پر بھرتی کے سلسلے میں انٹرویوز کے انتظامات اور سیکیورٹی کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر سیوی لہڑی میر بہادر خان بنگلزئی ایس ڈی پی او سٹی سرکل عبداللطیف جاموٹ ایکسین کیسکو سیوی میر ظفر علی چھلگری، ونگ کمانڈر تلی کرنل عبدالمنان نونگ کمانڈر لہڑی کرنل رفاقت علی ملکلڈی ایس پی اسپیشل برانچ پیر بخش سیلاچی دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندوں سمیت دیگر متعلقہ آفیسران نے شرکت کی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کیسکو کی خالی آسامیوں کے لیے انٹرویو 28 نومبر سے 3 دسمبر تک جاری رہیں گے، جن کے لیے تمام تر انتظامات جرگہ ہال سیوی میں کیے جائیں گے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر میجر (ر) الیاس کبزئی نے متعلقہ آفیسران کو ہدایت کی کہ انٹرویوز کے انعقاد سے قبل تمام انتظامات بروقت اور مکمل کیے جائیں، جبکہ جن آفیسران کو جو ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں وہ انہیں احسن طریقے سے انجام دیں انہوں نے واضح کیا کہ بھرتیوں کا تمام عمل میرٹ اور شفافیت کی بنیاد

امریکہ میں پاکستانی سفیر کی شکاگو میں کاروباری افراد سے ملاقات

اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری پر تبادلہ خیال، دوطرفہ تعلقات کے مستقبل میں نوجوان نسل کے کردار کو اہم قرار دیا

شکاگو (جی این ایم) امریکہ میں پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے امریکا کے شہر شکاگو میں طلبہ، ماہرین تعلیم، نوجوان رہنماؤں اور کاروباری شخصیات سے ملاقاتیں کرکے پاک امریکا تعلقات، اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ شکاگو یونیورسٹی میں طلبہ کے زیرِ اہتمام پہلے پاکستان سمٹ کے موقع پر سفیر رضوان سعید شیخ نے خصوصی نشست میں پاکستان کی خارجہ پالیسی، پاک امریکا تعلقات اور ابھرتے ہوئے معاشی مواقع پر گفتگو کی۔ انہوں نے دوطرفہ تعلقات کے مستقبل میں نوجوان نسل کے کردار کو اہم قرار دیا۔ امریکی کانگریس کے رکن جوناتھن جیکسن بھی سمٹ میں شریک ہوئے اور پاکستان و امریکا کے دیرینہ دوستانہ تعلقات کا تذکرہ کیا۔ سفیر رضوان سعید شیخ نے 22 اور 23 نومبر کو شکاگو کے دوروزہ دورے کے دوران کاروباری رہنماؤں سے ملاقاتیں کیں، جن میں ٹیکنالوجی اور توانائی کے شعبوں میں سرمایہ کاری اور تعاون کے امکانات پر غور کیا گیا، جبکہ پاکستانی امریکی کمیونٹی کے رہنماں سے امریکی سیاسی اور سماجی قیادت کے ساتھ روابط بڑھانے پر بھی تبادلہ خیال

ڈیرہ مراد جمالی میں کیسکو کا نادہندگان اور بجلی چوری کے خلاف آپریشن، متعدد کنکشن منقطع، جرمانے عائد

ایکسئین عبدالحمید بگٹی کی نگرانی میں مین بازار ودیگر علاقوں میں بلوں اور میٹر ریڈنگ کی جانچ، بقایاجات کی فوری ادائیگی پر زور

ڈیرہ مراد جمالی (یواین اے) کیسکو نصیرآباد کی جانب سے نادہندگان اور بجلی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف گرینڈ آپریشن، متعدد صارفین کے بجلی کنکشن عدم ادائیگی پر منقطع جبکہ بجلی چوری اور غیر قانونی طریقے سے بجلی استعمال کرنے والے متعدد افراد پر جرمانے بھی عائد کر دیے گئے ایکسئین کیسکو آپریشن نصیرآباد عبدالحمید بگٹی نے ایس ڈی او کیسکو ڈیرہ مراد جمالی اسد رند ایل ایس عبدالکریم جاگرانی اور دیگر متعلقہ عملے کے ہمراہ ڈیرہ مراد جمالی کے مین بازار سمیت مختلف علاقوں میں نادہندگان اور بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف جاری کارروائیوں کی نگرانی کی اس موقع پر کیسکو ٹیم نے مختلف دکانوں اور کاروباری مراکز کا دورہ کرکے بجلی کے بلوں کی جانچ پڑتال کی اور صارفین کے ذمہ واجب الادا بقایاجات کی تفصیلات کا جائزہ لیا جبکہ بجلی کے میٹروں کی ریڈنگ بھی چیک کی گئی تاکہ اصل بجلی کے استعمال اور بلوں میں درج یونٹس کا موازنہ کیا جا سکے کارروائی کے دوران بجلی کے بلوں کی عدم ادائیگی اور واجبات کی بروقت ادائیگی نہ کرنے والے متعدد صارفین کے بجلی کنکشن منقطع کر دیے

سونے کی قیمت میں ایک روزہ وقفے کے بعد دوبارہ اضافہ

کراچی (اے این این) عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سونے اور چاندی کی قیمتوں میں دوبارہ اضافہ ہوگیا ہے۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 47 ڈالر کے اضافے سے 3 ہزار 561 ڈالر کی سطح پر آ گئی۔ عالمی مارکیٹ اضافے کے سبب مقامی صرافہ مارکیٹ میں بھی فی تولہ سونے کی قیمت 4 ہزار 700 روپے کے اضافے سے 3 لاکھ 78 ہزار 636 روپے اور فی دس گرام سونے کی قیمت 4 ہزار 030 روپے کے اضافے سے 3 لاکھ 24 ہزار 619 روپے کی سطح پر آ گئی۔ اسی طرح، فی تولہ چاندی کی قیمت 166 روپے کے اضافے سے 4 ہزار 629 روپے اور فی دس گرام چاندی کی قیمت 142 روپے کے اضافے سے

نجکاری پروگرام کے تحت 9 بجلی تقسیم کار کمپنیوں اور 3 بڑے ایئرپورٹس پر کام جاری ہے، مشیر وزیراعظم

حکومت کا کردار کاروبار کرنا نہیں ہے بلکہ نجی شعبے کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا ہے، چیئرمین نجکاری کمیشن محمد علی

کراچی (اے این این) وزیراعظم کے مشیر و چیئرمین نجکاری کمیشن محمد علی نے کہا ہے کہ نجکاری پروگرام کے تحت 17 ٹرانزیکشنز پر کام جاری ہے، جس میں 9 بجلی تقسیم کار کمپنیاں اور 3 بڑے ایئرپورٹس بھی شامل ہیں۔ کراچی میں سی ایف اے انویسٹمنٹ فورم سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم کی مشیر نے کہا کہ فیسکو، گیپکو اور آئیسکو کی نجکاری کے لیے بولی 2027 کی پہلی سہ ماہی میں متوقع ہے جبکہ اسلام آباد ایئرپورٹ کی آؤٹ سورسنگ کے لیے آر ایف پی آئندہ سال کی پہلی سہ ماہی میں جاری کرنے کا ہدف ہے۔ انہوں نے کہا کہ نجی سرمایہ کاری کا فروغ پاکستان کی معاشی ترقی اور خوشحالی کے لیے ناگزیر ہے، حکومت کا کردار کاروبار کرنا نہیں ہے بلکہ نجی شعبے کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا ہے، پی آئی اے اور فرسٹ ویمن بینک کی کامیاب نجکاری پیچیدہ ٹرانزیکشنز کی تکمیل میں اہم پیشرفت ہے، حیدرآباد سکھر موٹروے کے دونوں حصوں میں تقریباً 700 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری متوقع ہے، 25 سالہ کنسیشن کے تحت نجی شعبے کو موقع فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھانے کے لیے شفاف طریقہ

سیکیورٹی فورسز کا کامیاب آپریشن، خارجی کمانڈر ساتھیوں سمیت ہلاک

باڑہ (اے این این) باڑہ میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشن میں خارجی کمانڈر خمیم ساتھیوں سمیت ہلاک ہوگیا۔ خارجی خمیم نے باچا خان انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حملے کی دھمکی آمیز ویڈیو پوسٹ کی تھی، مطلوب خارجی خمیم دہشتگردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث تھا۔ فورسز کی کارروائی میں خارجی خمیم عرف راف خیبری کے 3 ساتھی بھی ہلاک ہوگئے۔ سیکیورٹی فورسز کی علاقے میں امن وامان برقرار رکھنے کیلئے کارروائیاں جاری ہیں، حکام نے دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک فتنہ الخوارج کیخلاف کارروائیاں جاری رکھنے کا عزم کا اعادہ کیا ہے۔ قرار رکھنے کیلئے کارروائیاں جاری ہیں، حکام نے دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک فتنہ الخوارج کیخلاف

کوئٹہ، سردار حسن موسیٰ گرلز ڈگری کالج میں فوڈ گالا کے افتتاح کے موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، کالج کی پرنسپل صائمہ مقبول کے ہمراہ اسٹالز کا دورہ کر رہی ہیں

QUETTA PRESS CLUB
کوئٹہ پریس کلب
پریس کانفرنس
QUETTA PRESS CLUB (REGD)

کوئٹہ، اپوزئی نوجوانان ایکشن کمیٹی ژوب کے رہنماؤں عظیم مندوخیل، نور خان مندوخیل، نادر خان، جلیل خان، جعفر خان، اکبر خان، ولی خان اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کراچی کے داخلی اور خارجی راستوں پر جے یو آئی کارکنان کا دھرنا

کراچی (اے این این) جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی کال پر جے یو آئی کے کارکنان نے کراچی کے داخلی اور خارجی راستوں کو دھرنا دے کر بند کر دیا۔ جے یو آئی کے کارکنان نے پارٹی قائد کی کال پر کراچی کے داخلی و خارجی راستوں پر دھرنے دیتے ہوئے حب ریور روڈ، سہراب گوٹھ، گھگر پھاٹک پر احتجاج شروع کر دیا۔ جے یو آئی کارکنان کے احتجاج کی وجہ سے شاہراہوں پر بدترین ٹریفک جام اور عوام کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ اس کے علاوہ جمعیت علمائے اسلام کے کارکنان بڑی تعداد میں گھگر پھاٹک پر جمع ہوئے اور دھرنا دے دیا۔ جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی کال پر جے یو آئی کے کارکنان نے کراچی کے داخلی اور خارجی راستوں کو دھرنا دے کر بند کر دیا۔ جے یو آئی کے کارکنان نے پارٹی قائد کی کال پر کراچی

ڈسٹرکٹ مینیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر فاروق مری کا بنیادی مراکز صحت شینلز اور بغاو کا دورہ

او پی ڈی، ادویات، زچہ وبچہ سہولیات اور عملے کی حاضری کا معائنہ، غیر حاضری پر تنبیہ

زیارت (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی کی ہدایات کی روشنی میں پی پی ایچ آئی (PPHI) کے ڈسٹرکٹ مینیجر ڈاکٹر فاروق مری نے بنیادی مراکز صحت (BHU) شینلز اور بغاو کا دورہ کیا، جہاں طبی سہولیات اور مراکز کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ دورے کے دوران او پی ڈی (OPD) کے تمام ریکارڈ، انفیکشن کی روک تھام اور کنٹرول (IPC) کے انتظامات، صفائی ومرمت، ضروری ادویات کی دستیابی، حاملہ خواتین کو قبل از پیدائش (ANC) اور بعد از پیدائش (PNC) فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، عملے کی حاضری اور موجودگی سمیت دیگر تمام ضروری امور کا تفصیلی معائنہ کیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر فاروق مری نے عملے کو غیر حاضری پر سختی سے تنبیہ کرتے ہوئے واضح ہدایات جاری کیں کہ طبی امور سے متعلق تمام طے شدہ ضابطوں اور پروٹوکولز پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے عملے کو پابندی؟ وقت، نظم وضبط برقرار رکھنے اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی نہ کرنے کی بھی ہدایت کی۔ HU۔ شینلز اور بغاو کا دورہ کیا، جہاں طبی سہولیات اور مراکز کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ دورے کے دوران او پی ڈی (OPD) کے تمام ریکارڈ، انفیکشن کی روک تھام اور کنٹرول (IPC) کے انتظامات، صفائی ومرمت، ضروری ادویات کی دستیابی، حاملہ خواتین کو قبل از پیدائش

کراچی کے تمام بی آر ٹی سسٹمز کو مشترکہ کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کے تحت لانے کا منصوبہ

اسمارٹ فیئر کلیکشن اور روٹس کی انٹیگریشن پر بھی کام کیا جارہا ہے، سینئر وزیر شرجیل میمن

کراچی (اے این این) کراچی کے تمام بی آر ٹی سسٹمز کو ایک مشترکہ کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کے تحت لانے کی منصوبہ بندی شروع کر دی گئی ہے، سینئر وزیر شرجیل میمن نے کہا کہ اسمارٹ فیئر کلیکشن اور روٹس کی انٹیگریشن پر بھی کام کیا جا رہا ہے۔ سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن سے غیر ملکی وفد کی ملاقات ہوئی جس میں ٹرانسپورٹ کے شعبے میں تکنیکی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سیکریٹری ٹرانسپورٹ اسد ضامن، سی ای او ٹرانس کراچی زبیر احمد چنہ، ایم ڈی ایس ایم ٹی اے شعیب احمد ملک اور ریڈ لائن و ییلو لائن منصوبوں کے حکام شریک ہوئے۔ وفد نے ٹرانسپورٹ منصوبوں میں سافٹ ویئر اور ہارڈ ویئر سلوشنز، ڈیٹا سینٹرز اور مربوط نظام کے حوالے سے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کو تفصیلی بریفنگ دی۔ ملاقات میں تھرڈ جنریشن بی آر ٹی نظام اور مربوط پبلک ٹرانسپورٹ نیٹ ورکس کے لیے جدید ترین تکنیکی حل پر گفتگو کی گئی۔ شرجیل میمن کا کہنا تھا کہ سندھ حکومت تمام بی آر ٹی سسٹمز کو ایک مربوط آپریشنل نظام اور مشترکہ کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کے تحت لانے پر کام کر رہی ہے، جدید ٹیکنالوجی

یوکرین جنگ میں مزید کشیدگی سے گریز کیا جائے: ٹرمپ اور نیٹو سربراہ کا روس کو انتباہ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور نیٹو کے سیکرٹری جنرل مارک روٹے نے روس پر زور دیا ہے کہ وہ یوکرین میں جنگ کو مزید وسعت دینے والے اقدامات سے باز رہے۔ بی بی سی رپورٹ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے ٹرمپ کی فلوریڈا میں واقع رہائش گاہ پر نجی ملاقات کی، جس میں یوکرین جنگ، یورپی سلامتی اور دیگر بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے بعد جاری مشترکہ بیان میں جنگ کے خاتمے کے لیے جلد از جلد پرامن حل کی ضرورت پر زور دیا گیا، تاہم ممکنہ مذاکرات یا سفارتی پیش رفت کی تفصیلات سامنے نہیں لائی گئیں۔ یہ ملاقات ایسے وقت میں ہوئی ہے جب روس اور یوکرین کے درمیان جنگ کے خاتمے کے لیے سفارتی کوششیں جاری ہیں اور متعدد

گوادر میں پولیو مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر 35 ہزار 664 بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور کی زیرِ صدارت ضلعی پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی کا اجلاس

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی خصوصی ہدایات پر 12 تا 15 دسمبر 2026 کی انسدادِ پولیو مہم کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی (DPEC) کا اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور کی زیرِ صدارت منعقد ہوا، جس میں محکمہ صحت اور متعلقہ اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی اجلاس میں گزشتہ کارکردگی، بچوں کے ہدف، ٹیموں کی تشکیل، مائیکرو پلاننگ اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ آئندہ مہم کے دوران ضلع گوادر میں پانچ سال سے کم عمر کے 35 ہزار 664 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے 207 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، جن میں 166 موبائل، 29 فکسڈ اور 12 ٹرانزٹ ٹیمیں شامل ہیں، جبکہ نگرانی کے لیے 20 یوسی انچارجز اور 38 ایریا انچارجز تعینات کیے گئے ہیں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر عبدالشکور نے ہدایت کی کہ مہم سے قبل مائیکرو پلانز، فیلڈ ٹیموں کی تربیت، مؤثر نگرانی اور حساس علاقوں میں سیکیورٹی سمیت تمام انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے تمام متعلقہ اداروں کو باہمی رابطے اور ذمہ داریوں کی مؤثر ادائیگی کے ذریعے مہم کو کامیاب بنانے پر زور دیا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر یاسر طاہر، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر حفیظ بلوچ، ڈبلیو ایچ او کے نمائندے ڈاکٹر جہانزیب خان درانی ڈاکٹر غلام مجتبیٰ ڈویژنل سپورٹ پولیو آفیسر

بقیہ 01

ورن لیگ کے کئی وزرا سے وزارتیں واپس لینے اور متعدد نئے ارکان اسمبلی کو وزارتیں دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ حکومتی حلقے رد و بدل کی وجہ وزرا کی کارکردگی بتا رہے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ذرائع کا کہنا ہے کہ اس میں پارٹیوں کے اندرونی دبا اور بعض دیگر عوامل بھی شامل ہیں۔ پیپلز پارٹی اور ن لیگ کے بعض ذرائع کے مطابق کچھ ارکان اسمبلی حکومت اور اپنی جماعتوں کی قیادت پر کابینہ میں تبدیلی کے لئے دباؤ ڈال رہے ہیں۔ ان ارکان موقف ہے کہ موجودہ وزرا اپنی آئینی مدت کا تقریبا نصف حصہ مکمل کر چکے ہیں اس لیے اب دوسرے ارکان کو بھی حکومتی ذمہ داریاں ملنی چاہئیں۔ حکومتی ذرائع کے مطابق صادق عمرانی کو کابینہ سے الگ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ سیاسی حلقے اسے حالیہ تنازعات اوران کے خلاف سامنے آنے والی بعض شکایات کے تناظر میں دیکھ رہے ہیں۔ صادق عمرانی پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر ترین ارکان میں شمار ہوتے ہیں اور پچھلی چار دہائیوں سے پارٹی سے وابستہ ہیں۔ ذرائع کے مطابق انہیں اور ان کے خاندان کے افراد کو محکمہ اینٹی کرپشن اور مختلف اداروں کی جانب سے نوٹس بھی موصول ہوئے ہیں۔ صادق عمرانی نے رابطہ کرنے پر کہا کہ وہ اس معاملے پر تبصرہ نہیں کرنا چاہتے۔ ان سے کابینہ میں تبدیلی سے متعلق کوئی مشاورت کی گئی اور نہ ہی ان کے پاس اس متعلق کوئی معلومات ہیں۔ حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ ن لیگ کی جانب سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی اور وزیر ریونیو عاصم کرد گیلو سے وزارتیں واپس لینے کا گرین سگنل دیا گیا تھا لیکن اب اس عمل میں تاخیر ن لیگ کی جانب سے ہو رہی ہے۔ متوقع کابینہ ردوبدل کے پیش نظر بعض وزرا اپنی پوزیشن محفوظ بنانے کی کوششوں میں مصروف ہیں جبکہ وزارتوں کے خواہاں ارکان اسمبلی اسلام آباد میں پارٹی اور اتحادی قیادت سے رابطوں میں سرگرم ہیں۔ راحیلہ درانی پارٹی کے مشکل دور میں ساتھ دینے کی وجہ سے مرکزی قیادت کے قریب سمجھی جاتی ہیں۔ ذرائع کے مطابق اس سے پہلے بھی انہیں ہٹانے کی دو کوششیں ناکام ہو چکی ہیں اور وہ اس وقت اپنی وزارت بچانے کے لیے سرگرم ہیں۔ لیگی ذرائع کا کہنا ہے کہ شریف خاندان کی ایک بااثر خاتون بھی راحیلہ درانی کو ہٹانے کے حق میں نہیں۔ نئے ناموں کے بارے میں ذرائع نے بتایا کہ پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے پارلیمانی سیکرٹری اسفند یار کاکڑ کو لوکل گورنمنٹ کا قلمدان دینے پر غور کیا جا رہا ہے۔ ن لیگ کی برکت علی رند کو منصوبہ بندی و ترقیات کا محکمہ سونپنے پر غور ہو رہا ہے جو اس وقت پیپلز پارٹی کے ظہور بلیدی کے پاس ہے۔ ظہور بلیدی کو آبپاشی کا محکمہ دینے پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔ جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر مولانا ہدایت الرحمان، جو گوادر سے حق دو تحریک کے ٹکٹ پر رکن اسمبلی منتخب ہوئے، انہیں محکمہ ماہی گیری دیے جانے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ ن لیگ کے نوابزادہ زرین مگسی کو محکمہ تعلیم دیے جانے پر غور ہو رہا ہے۔ ان کا تعلق جھل مگسی کے بااثر نواب خاندان سے ہے اور وہ لسبیلہ سے تعلق رکھنے والے سابق وزیراعلیٰ اور وفاقی وزیر تجارت جام کمال کے داماد ہیں۔ محکمہ ریونیو کے لئے ن لیگ کے زرک خان مندوخیل اور حاجی محمد خان لہڑی میں سے کسی ایک کا نام زیرغور ہے۔ ذرائع کے مطابق اس معاملے پر لابنگ بھی جاری ہے۔ ن لیگ سے تعلق رکھنے والے گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل اپنے داماد اور کوئٹہ سے رکن اسمبلی زرک مندوخیل کو جبکہ سابق وزیراعلیٰ جام کمال اپنے داماد زرین مگسی کو کابینہ میں شامل کرانا چاہتے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بلوچستان کابینہ میں تبدیلیاں گزشتہ دو تین دنوں میں متوقع تھیں لیکن ان میں مزید تاخیر ہو گئی ہے۔ تاہم اب یہ تبدیلیاں اس ہفتے کے آخر تک ہو سکتی ہیں۔ ان کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پہلے پیپلز پارٹی کی صوبائی پارلیمانی پارٹی اور قیادت سے مشاورت کی ہے۔ اس کے بعد انہوں نے حالیہ دنوں میں اسلام آباد میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سمیت ن لیگ کی مرکزی قیادت سے بات چیت کی جس کے نتیجے میں اتحادی جماعتوں کے درمیان کابینہ میں ردوبدل پر اتفاق ہوا۔ حکومتی ذرائع کے مطابق ن لیگ کی قیادت نے وزیراعلیٰ کو بتایا کہ پارٹی اپنے وزرا اور مشیروں کے بارے میں فیصلہ خود کرے گی۔ واضح رہے اس وقت بلوچستان کابینہ میں 13 وزرا، پانچ مشیر اور 16 پارلیمانی سیکرٹریز کام کر رہے ہیں۔ ان میں چھ وزرا، تین مشیروں اور سات پارلیمانی سیکرٹریز کا تعلق پیپلز پارٹی سے ہے جبکہ پانچ وزرا، دو مشیروں اور چھ پارلیمانی سیکرٹریز کا تعلق ن لیگ سے ہے۔ بلوچستان عوامی پارٹی کے دو وزیر بھی کابینہ کا حصہ ہیں۔ بلوچستان عوامی پارٹی، عوامی نیشنل پارٹی اور جماعت اسلامی بھی حکومتی اتحاد میں شامل ہیں، تاہم ان تینوں جماعتوں کے پاس پارلیمانی سیکرٹری کا صرف ایک ایک عہدہ ہے۔

بقیہ 02

گے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان میں کامیاب کارروائیوں کے دوران 12 بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بے گناہ شہریوں کی جانیں لینے والی دہشتگردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے۔ جمعرات کو پی ایم آفس میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیابیاں قابل فخر ہیں، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ شہدا اور غازیوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، بلوچستان کی امن وترقی کے دشمنوں کو ہر صورت ناکام بنائیں گے۔

بقیہ 03

حوالہ دیا کہ دونوں ملک ہر حال میں مل کر آگے بڑھتے رہیں گے۔ پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) نے دونوں ملکوں کو مضبوط شراکت داری میں جوڑا ہے، جس کے پہلے مرحلے میں پاکستان کو توانائی کی قلت پر قابو پانے اور نقل وحمل کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے میں مدد ملی، دوسرے مرحلے میں صنعتی تعاون، زراعت کی جدید کاری اور ٹیکنالوجی کے فروغ پر توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خلائی شعبے میں پاک چین تعاون ان ترجیحات کو مزید تقویت دے سکتا ہے، سیٹلائٹ ٹیکنالوجی کے ذریعے ٹرانسپورٹ راہداریوں کی نگرانی، سیلاب کے خطرات کا جائزہ، زرعی منصوبہ بندی اور قدرتی آفات سے نمٹنے کی صلاحیت بہتر بنائی جا سکتی ہے۔ وفاقی وزیر نے پاکستان کے خلائی سفر کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس کا آغاز 7 جون 1962 کو سونمیانی سے رہبر-ون راکٹ کے کامیاب تجربے سے ہوا جس کے بعد پاکستان نے خلائی سائنس کے شعبے میں مختلف مراحل طے کیے۔ 2011 میں پاک سیٹ 1-آر، 2018 میں پی آر ایس ایس 1- اور پاک ٹیس 1-اے جبکہ 2024 میں پاک سیٹ-ایم ایم ون کی کامیاب لانچنگ اس سفر کے اہم سنگ میل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2024 میں پاکستان کے انسٹی ٹیوٹ آف سپیس ٹیکنالوجی اور چین کی شنگھائی جیاؤ ٹونگ یونیورسٹی کے اشتراک سے تیار کردہ آئی کیوب قمر چین کے چانگ ای 6-مشن کے ذریعے چاند کے مدار تک پہنچا جس سے پاکستانی طلبہ اور انجینئرز کو خلائی تحقیق میں عملی تجربہ حاصل کرنے کا موقع ملا۔ پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ فروری 2025 میں انسانی خلائی پرواز سے متعلق طے پانے والا معاہدہ پاکستان کے لیے اہم موقع فراہم کرتا ہے، پاکستانی جامعات کو چینی شراکت داروں کے ساتھ مل کر سائنسی تجربات، جدید آلات اور تحقیقاتی منصوبوں پر کام کرنے کا موقع ملے گا، جو نوجوان سائنس دانوں اور انجینئرز کی صلاحیتوں کو فروغ دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے 2035 تک چاند پر اترنے کا ہدف مقرر کیا ہے جبکہ چین کے چانگ ای 8-مشن میں پاکستانی روور کی مجوزہ شمولیت اس سمت میں ایک عملی پیش رفت ہے۔ اس منصوبے کے تحت آلات کی تیاری، چاند کے سخت ماحول میں ان کی جانچ اور اس سے حاصل ہونے والے تجربات پاکستانی ٹیموں کو مستقبل کے خلائی مشنز کے لیے تیار کریں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ خلائی ٹیکنالوجی کے فوائد صرف تحقیق تک محدود نہیں بلکہ اس کے ذریعے مون سون سیلاب کے دوران متاثرہ دیہات، زیر آب علاقوں اور امدادی ٹیموں کے لیے قابل استعمال راستوں کی نشاندہی ممکن ہے، ریڈار ٹیکنالوجی بادلوں کی موجودگی میں بھی سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی نقشہ سازی میں مدد فراہم کر سکتی ہے جبکہ سیٹلائٹ معلومات کو زمینی ڈیٹا کے ساتھ یکجا کر کے امدادی کارروائیوں اور زرعی نقصانات کے جائزے کو مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خلائی تحقیق اڑان پاکستان کے وژن کے تحت جدید ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، آٹومیشن، جدید میٹریلز اور الیکٹرانکس کے شعبوں میں ترقی کے نئے امکانات پیدا کرسکتی ہے، مشترکہ تحقیق، جدید تجربہ گاہوں تک رسائی اور پاکستانی کمپنیوں کی خلائی منصوبوں میں شمولیت سے مقامی صنعتی صلاحیت میں اضافہ اور برآمدی مواقع پیدا ہوں گے۔ وفاقی وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان کو خلائی ایجنسی، جامعات، صنعتی اداروں اور صوبائی حکومتوں کی مشترکہ منصوبہ بندی کے ذریعے ہر خلائی مشن کے قابل عمل نتائج اور ان سے استفادے کے طریقہ کار کو یقینی بنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ محمد ذیشان علی کی خلائی مشن میں شرکت سے پاکستان کے نوجوانوں کو یہ پیغام ملا ہے کہ سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں نئے خواب دیکھنے کا موقع ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ نوجوانوں کو معیاری تعلیم، جدید تجربہ گاہوں اور تحقیق کے مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ وہ مستقبل میں خلائی آلات کی تیاری، سائنسی تحقیق اور پاکستان کے اپنے خلائی مشنز میں اہم کردار ادا کر سکیں۔ وفاقی وزیر نے علامہ اقبال کے شعر [illegible] ہیں، پرواز ہے کام تیرا [illegible] کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ [illegible] 24-مشن کو پاکستان کی نئی نسل کے لیے خلائی سائنس کے میدان میں آگے بڑھنے اور مستقبل کے اہداف حاصل کرنے کی تحریک بننا چاہیے۔

بقیہ 04

سکتا۔ پاکستان نے اس بحران کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کی کوشش کی ہے اور امریکا، روس اور چین سمیت بڑی عالمی طاقتوں کی جانب سے سراہا گیا ہے۔ انہوں نے خطے میں امن واستحکام کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو اجاگر کیا اور بڑی طاقتوں کے درمیان روابط کا خیر مقدم کرتے ہوئے جلد مثبت نتیجے کی امید ظاہر کی۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ پاکستان کی توانائی ضروریات پوری کرنے میں روس ایک اہم شراکت دار بن سکتا ہے، پاکستان سول جوہری توانائی کی ترقی میں ممکنہ تعاون کے لیے روس کے ساتھ رابطے میں ہے، چین کے ساتھ پاکستان کا جوہری تعاون عالمی حفاظتی معیارات پر مبنی ہے، پاکستان اپنے جوہری پروگرام میں حفاظت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتا۔

بقیہ 05

قوم کے لیے باعث فخر ہیں اور پوری قوم ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان دشمن عناصر بیرونی سرپرستی کے باوجود اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ بدامنی پھیلانے والے دہشتگردوں کا صفایا کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 06

کے استعمال سے نہیں بلکہ مکالمے اور آئینی اصولوں کی پاسداری سے ہی دیا جا سکتا ہے، حکومت یہ حقیقت تسلیم کرے کہ گرفتاریوں اور دباؤ کے ذریعے جمعیت علماء اسلام کی سیاسی و جمہوری جدوجہد کو ختم نہیں کیا جا سکتا۔ [illegible] مولانا عبدالغفور حیدری سمیت تمام گرفتار رہنماؤں اور کارکنوں کو بلا تاخیر رہا کیا جائے، سیاسی انتقامی کارروائیوں اور گھروں پر چھاپوں کا سلسلہ فوری بند کیا جائے، جمعیت علماء اسلام [illegible] اپنے آئینی اور جمہوری حقوق کے تحفظ کے لیے ہر قانونی اور جمہوری فورم پر آواز بلند کرتی رہے گی۔

بقیہ 07

انتظامات، بین الادارہ جاتی رابطوں اور مختلف انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران نے اجلاس کو ضروری معلومات فراہم کیں اور باہمی تعاون اور مؤثر حکمت عملی کے ذریعے درپیش مسائل کے حل سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سعید الرحمٰن نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اس مقصد کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان رابطوں کو مزید مضبوط بنایا جائے۔ سیکیورٹی امور میں کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ عوامی مفاد سے متعلق معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ امن وامان کے قیام اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے تمام اداروں کا مشترکہ کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں اور جاری کردہ ہدایات پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 08

جائے۔ نوجوانوں کا کہنا ہے کہ کوئٹہ میں پہلے ہی کاروباری سرگرمیاں محدود اور روزگار کے مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں، جس کے باعث بڑی تعداد میں نوجوان بے روزگاری اور معاشی مشکلات کا شکار ہے۔ ایسے حالات میں ٹریفک پولیس کی جانب سے آئے روز چالان کیے جانے سے نوجوانوں اور ان کے والدین کی پریشانیوں میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ نوجوان موٹر سائیکل پر اسکول، کالج، یونیورسٹی، گھر کا سودا سلف لینے یا کسی مریض کو اسپتال پہنچانے کے لیے نکلتے ہیں تو شہر کے مختلف مقامات پر قائم ٹریفک پولیس کے ناکوں پر انہیں روک کر چالان کیا جاتا ہے۔ بعض نوجوانوں کی عمر 19 سال سے کم ہونے کے باعث ان کے شناختی کارڈ اور ڈرائیونگ لائسنس بھی تاحال نہیں بن سکے، جبکہ کئی نوجوانوں کے موبائل فون بھی لائسنس یا چالان کی کارروائی کے دوران تحویل میں لے لیے جاتے ہیں، جس سے انہیں مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ نوجوانوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹریفک قوانین پر عمل درآمد ضرور کرایا جائے، تاہم طلبہ، کم عمر نوجوانوں اور غریب طبقے کے ساتھ قانون کے مطابق مناسب رعایت اور آگاہی کا رویہ اختیار کیا جائے۔ ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ وہ ٹریفک اہلکاروں کو عوام بالخصوص طلبہ اور نوجوانوں کے ساتھ مناسب رویہ اختیار کرنے کی ہدایات جاری کریں، تاکہ پہلے سے معاشی اور ذہنی پریشانیوں میں مبتلا نوجوانوں کی مشکلات میں مزید اضافہ نہ ہو۔ کوئٹہ کے نوجوانوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ اور متعلقہ ٹریفک حکام سے اس معاملے کا فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 09

کا دوسالہ بیٹا حفیظ اللہ شامل ہے۔ اسپتال ذرائع کا کہنا ہے کہ تمام زخمیوں کی حالت خطرے سے باہر ہے۔

بقیہ 10

اندازے کے مطابق 27 گاڑیاں، جن میں کاریں اور موٹر سائیکلیں شامل ہیں، جل کر تباہ ہوگئیں۔ ریسکیو کارروائیوں کے لیے 39 ایمبولینسیں جائے حادثہ پر روانہ کردی گئیں۔ حکام نے نامعلوم لاشوں کی شناخت کے لئے ڈی این اے نمونے لینے کا کام شروع کردیا ہے۔ عینی شاہدین کے مطابق آگ اتنی تیزی سے پھیلی کہ متعدد افراد کو گاڑیوں سے باہر نکلنے کا موقع ہی نہ مل سکا۔ دوسری جانب وزیراعظم شہباز شریف نے قاہرہ میں ٹینکر دھماکے کے نتیجے میں بڑی تعداد میں ہلاکتوں پر اظہارِ افسوس کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ پاکستان غم کی اس گھڑی میں مصر کے ساتھ مضبوطی سے اظہار یکجہتی کرتا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ قاہرہ میں ٹینکر دھماکے کے نتیجے میں ہونے والے قیمتی جانوں کے المناک ضیاع پر انہیں گہرا رنج ہے۔ پاکستان کی حکومت اور عوام کی جانب سے صدر عبدالفتاح السیسی، مصری حکومت، سوگوار خاندانوں اور مصر کے برادر عوام سے دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہوں۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کی اور کہا کہ پاکستان غم کی اس گھڑی میں برادر ملک مصر کے ساتھ کھڑا ہے۔ دریں اثنا ایکس پر جاری بیان میں نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ قاہرہ کے قریب ایندھن بردار ٹینکر میں لگنے والی آگ کے نتیجے میں ہونے والے المناک جانی ضیاع پر گہرا دکھ ہے۔ میں سوگوار خاندانوں، مصری حکومت اور عوام سے دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہوں۔ اسحاق ڈار نے اس حادثے میں مرنے والوں کے لیے دعائیہ کلمات کہے اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے بھی دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس مشکل وقت میں مصر کے ساتھ یکجہتی کے طور پر کھڑا ہے۔

بقیہ 11

ہوئے اقتصادی مواقع کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ دوطرفہ تعلقات کے مستقبل کی تشکیل میں نوجوان نسل کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ امریکی کانگریس [illegible] اور پاکستان کے سفیر سے ملاقات کی۔ [illegible] دونوں ملکوں کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کا بھی ذکر کیا۔ سفیر رضوان سعید شیخ نے شکاگو کے دو روزہ دورے کے دوران اہم کاروباری شخصیات سے بھی ملاقاتیں کیں جن میں ٹیکنالوجی اور توانائی کے شعبوں میں سرمایہ کاری اور باہمی تعاون کے مواقع کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے پاکستانی نژاد امریکی کمیونٹی کے رہنماؤں سے بھی ملاقات کی اور امریکی سیاسی و سماجی قیادت کے ساتھ روابط مزید مستحکم کرنے کے امور پر گفتگو بھی کی۔ ریاست الینوائے کے [illegible] کی جانب سے دیے گئے ظہرانے میں پاکستان کے ساتھ سسٹر سٹی شراکت داری قائم کرنے کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا، جس کا مقصد اقتصادی تعاون اور عوامی سطح پر روابط کو فروغ دینا ہے۔ شکاگو یونیورسٹی میں [illegible] پاکستانی ثقافت [illegible] دورہ اقتصادی، تعلیمی اور ثقافتی شعبوں میں پاکستان اور امریکہ کے درمیان تعاون کے [illegible] کا عکاس ہے۔

بقیہ 12

کہا کہ گزشتہ 20 روز کے دوران پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں [illegible] ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 5 فیصد کمی کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم [illegible] عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے [illegible] پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں [illegible] پاکستان پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں مزید کمی کر کے عوام کو ریلیف فراہم کریں گی۔ ملک شہزاد اعوان نے کہا کہ وفاقی حکومت [illegible] ٹرانسپورٹ سیکٹر پر عائد ود ہولڈنگ ٹیکس اور دیگر ٹیکسوں میں فوری ریلیف فراہم [illegible] دسمبر اور اگست کی ملک گیر ٹرانسپورٹ ہڑتالوں کے دوران وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے کیے گئے وعدوں پر عمل درآمد کیا جائے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ وزیراعظم اور وفاقی و صوبائی حکومتیں ٹرانسپورٹرز کو درپیش مسائل پر فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کریں گی، کیونکہ پاکستان کی معیشت، صنعت و تجارت میں ٹرانسپورٹ سیکٹر کا کردار انتہائی اہم ہے۔

بقیہ 13

تحقیقات شروع کردی ہیں۔ پشین ہی کے علاقے کلی خدائیداد زئی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے بائیس سالہ نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کا نشانہ بننے والے شخص کی شناخت [illegible] کے نام سے ہوئی، جبکہ فائرنگ کے بعد ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس نے لاش کو ضروری کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کرکے واقعہ کی مزید تحقیقات شروع کردی ہیں۔

بقیہ 14

کے خلاف غیر متزلزل عزم کا مظہر ہے۔ ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ 20 سے 23 نومبر کے دوران بلوچستان کے مختلف علاقوں میں کی گئی کارروائیوں میں فتنہ الہندوستان سے وابستہ 12 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا، جبکہ ان کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر بروقت اور مؤثر کارروائیاں دہشت گرد نیٹ ورکس کے خلاف سیکیورٹی اداروں کی مسلسل کوششوں کی عکاس ہیں۔ شاہد رند نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں اور پیشہ ورانہ خدمات قابل تحسین ہیں۔ بلوچستان میں امن وامان کے قیام، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ریاستی ادارے بھرپور عزم کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیاں اس امر کا اظہار ہیں کہ پاکستان اپنے عوام کے تحفظ اور قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ دہشت گردی کے نیٹ ورکس اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف مؤثر کارروائیاں امن کے قیام کے لیے ناگزیر ہیں۔ معاون وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف سیکیورٹی اداروں کی نہیں بلکہ پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ قوم اپنی سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے اور بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون اور مربوط حکمت عملی ضروری ہے۔ شاہد رند نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان میں امن واستحکام کے لیے جاری کوششیں تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گی اور دہشت گرد عناصر کو عوام کے امن، ترقی اور خوشحالی کی راہ میں رکاوٹ بننے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 15

کی رفتار، معیار اور مجموعی پیش رفت کا جائزہ لیا ہے۔ اس موقع ایس ڈی او صادق بگٹی، صدام خان اور انجینئر ظفر مری بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران متعلقہ افسران نے جاری منصوبوں کے مختلف مراحل، تعمیراتی سرگرمیوں اور اب تک ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے انہیں بریفنگ دی۔ ایکسین سی اینڈ ڈبلیو انجینئر محبت مری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ضلع کی تعمیر وترقی کے لیے جاری منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل ہماری اولین ترجیح ہے۔ تمام ترقیاتی کاموں میں تعمیراتی معیار، شفافیت اور مقررہ تکنیکی معیاروں کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ عوامی فنڈز کا درست استعمال ہو اور ان منصوبوں کے ثمرات براہِ راست عوام تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران اور ٹھیکیداروں کو ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور تمام کام مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں، تاکہ ضلع کوہلو میں ترقیاتی عمل کو مزید مؤثر اور تیز رفتار بنایا جا سکے۔

بقیہ 16

کارکنان نے پُرامن اور آئینی جدوجہد کا راستہ اختیار کر رکھا ہے۔ جمعیت علماء اسلام کے زیر اہتمام سرگودھا میں ہونے والی کانفرنس سے قبل گزشتہ کئی ہفتوں سے گرفتاریوں، راستوں کی بندش، کنٹینرز کی تنصیب اور دیگر رکاوٹوں کا سلسلہ جاری ہے، آج مرکزی قائدین مولانا عبدالغفور حیدری، مولانا امجد خان اور دیگر رہنماؤں کی گرفتاری بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ اس تمام صورتحال کے باوجود جمعیت علماء اسلام کے کارکنان آئینی و قانونی حدود میں رہتے ہوئے اپنی تحریک پُرامن انداز میں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ خدشہ ہے کہ کانفرنس کو کسی صورت منعقد نہ ہونے کے لیے انتظامیہ کی جانب سے مزید گرفتاریوں، راستوں کی بندش، رکاوٹوں اور بھاری نفری کی تعیناتی کے ذریعے شرکاء کی آمدورفت متاثر کرنے کی کوشش کی جائے گی، تاہم جمعیت علماء اسلام کی قیادت اور کارکنان نے پُرامن اور آئینی جدوجہد کا راستہ اختیار کر رکھا ہے۔

بقیہ 17

شرکت کی۔ اجلاس کے دوران باہمی مشاورت اور اتفاق رائے سے نئی کابینہ تشکیل دی گئی۔ نومنتخب کابینہ کے مطابق ایڈووکیٹ میر عاقل خان بادینی صدر، عبدالمالک بلوچ نائب صدر، سراج احمد مینگل جنرل سیکرٹری، احمد نواز مینگل فنانس سیکرٹری، محبوب علی مینگل جوائنٹ سیکرٹری اور اشفاق احمد مینگل انفارمیشن سیکرٹری منتخب ہوگئے۔ اجلاس میں ایڈووکیٹ میر لیاقت مینگل، پیر محمد مینگل، خلیل احمد قمبرانی، محمد ابراہیم بڑیچ، عبدالمالک بلوچ، صدام مینگل، مرتضیٰ بلوچ، عدنان بادینی، محمد الیاس مینگل سمیت وکلا کی بڑی تعداد اور سینئر ممبران موجود تھے۔ اس موقع پر نومنتخب صدر ایڈووکیٹ میر عاقل خان بادینی نے تمام وکلا برادری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے ساتھیوں کے اعتماد پر پورا اترنے اور بار ایسوسی ایشن کی بہتری کے لیے بھرپور کردار ادا کرنے کی کوشش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بار، بینچ اور عدالتی اسٹاف ایک دوسرے کے لیے لازم و ملزوم ہیں، تینوں کے درمیان باہمی تعاون، رابطے اور ہم آہنگی کو فروغ دے کر وکلا برادری کو درپیش مسائل کے حل، عدالتی نظام کی بہتری اور انصاف کی فراہمی کے لیے مشترکہ کردار ادا کیا جائے گا۔ نومنتخب صدر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وکلا کے حقوق کے تحفظ، پیشہ ورانہ مسائل کے حل اور بار ایسوسی ایشن کو مزید فعال بنانے کے لیے تمام ساتھیوں کو ساتھ لے کر چلیں گے۔

بقیہ 18

او اور پولیو پروگرام کے نمائندوں اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں آئندہ انسداد پولیو مہم کی تیاریوں، پولیو ٹیموں کی تشکیل، مائیکرو پلاننگ، بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے انتظامات، سیکیورٹی، مانیٹرنگ اور مہم کے دوران درپیش ممکنہ چیلنجز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے مہم کو کامیاب بنانے کے لیے اپنے محکموں کی تیاریوں اور انتظامات سے متعلق ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عبدالحمید زہری نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور موذی مرض ہے، جو بچوں کی صحت اور مستقبل کو متاثر کر سکتا ہے، تاہم بروقت ویکسینیشن کے ذریعے اس سے بچا ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہم محض ایک محکمانہ سرگرمی نہیں بلکہ بچوں کے محفوظ مستقبل اور آنے والی نسلوں کی صحت کے تحفظ کے لیے ایک اہم قومی ذمہ داری ہے، جس کی کامیابی تمام متعلقہ اداروں، محکمہ صحت، ضلعی انتظامیہ، سیکیورٹی اداروں اور معاشرے کے مشترکہ تعاون سے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پانچ سال تک کی عمر کے ہر بچے تک پولیو ٹیموں کی رسائی یقینی بنائی جائے اور کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔

بقیہ 19

میں سات جبکہ دالبندین میں آٹھ ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا، اسی طرح سبی اور نوکنڈی میں کم سے کم درجہ حرارت گیارہ، ساحلی شہر گوادر میں پندرہ جبکہ جیوانی اور تربت میں سولہ ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 20

باز کا تعلق برادر ملک پاکستان سے ہے۔ چینی مندوب نے کہا کہ یہ مشن پاکستان اور چین کے دو طرفہ تعلقات میں ایک اور اہم سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے، یہ مشن باہمی دوستی کو ایک نئی بلندی پر لے جا چکا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ مشن خلائی تحقیق کے شعبے میں ترقی پذیر ممالک کے درمیان باہمی تعاون کی ایک نمایاں مثال بھی ہے۔ چینی مندوب نے کہا کہ چین اور پاکستان دونوں آؤٹر اسپیس یا بیرونی خلا کے چیمپئن بن چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مزید پیشرفت کے طور پر چین پاکستان کے ساتھ مل کر کام کرنے کو تیار ہے۔

بقیہ 21

مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان ہونے والی اس ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ سیاسی حلقوں کی جانب سے آصف علی زرداری کے اس دورے کو موجودہ ملکی صورتحال کے تناظر میں انتہائی اہم قرار دیا جا رہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ صدر مملکت خاص طور پر اس اہم ملاقات کیلئے لاہور پہنچیں گے، جبکہ ہفتے کی دوپہر ان کی ایک اور اہم سیاسی شخصیت سے ملاقات کا بھی امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ دوسری جانب ایوان صدر کے حکام کا کہنا ہے کہ صدر آصف علی زرداری کا یہ مجوزہ دو روزہ دورہ ذاتی نوعیت کا ہے۔

بقیہ 22

ضلعی و تحصیل رہنماں نے جمعیت علما اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل و رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری، جے یو آئی پنجاب کے امیر مولانا امجد خان اور جمعیت طلبا اسلام کے مرکزی صدر ملک محمد اویس کی گرفتاریوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پرامن سیاسی جدوجہد کرنے والی جماعت کی قیادت کو گرفتاریوں اور دبا کے ذریعے مرعوب نہیں کیا جا سکتا۔ اپنے مشترکہ بیان میں رہنماں نے کہا کہ ملک میں پرامن سیاسی جدوجہد، حق وسچ کی آواز بلند کرنا اور عوام کو درپیش مسائل سمیت ملکی وقومی معاملات سے آگاہ کرنا اگر جرم تصور کیا جانے لگا ہے تو جمعیت علما اسلام اپنے اصولی مقف اور جدوجہد سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جیل کی دیواریں قیادت کو پابند سلاسل تو کر سکتی ہیں، لیکن ان کے نظریات، مقف اور عوامی آواز کو خاموش نہیں کر سکتیں، انہوں نے مزید کہا کہ سیاسی و جمہوری جدوجہد کرنے والے رہنماں کی گرفتاری جمہوری اقدار اور سیاسی آزادیوں کے لیے ایک تشویشناک عمل ہے۔ مولانا عبدالغفور حیدری، مولانا امجد خان، ملک محمد اویس سمیت جمعیت علما اسلام کی دیگر صوبائی قیادت اور کارکنوں کی گرفتاریوں سے سیاسی کشیدگی میں اضافہ ہوگا، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ جے یو آئی رہنماں کا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت مولانا فضل الرحمان اور جمعیت علما اسلام کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اور عوامی پذیرائی سے بوکھلاہٹ کا شکار دکھائی دیتی ہے، یہی وجہ ہے کہ سیاسی آوازوں کو دبانے کے لیے گرفتاریوں کا سہارا لیا جا رہا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جمعیت علما اسلام ایک نظریاتی اور جمہوری جماعت ہے، جو اپنے آئینی، جمہوری اور پرامن سیاسی حقوق کے حصول کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی بیان کے آخر میں انہوں نے مطالبہ کیا کہ گرفتار مرکزی و صوبائی قائدین اور کارکنوں کو فوری طور پر رہا کیا جائے اور سیاسی اختلافات کو گرفتاریوں کے بجائے جمہوری مکالمے اور آئینی طریقہ کار کے ذریعے حل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام کی قیادت اور کارکن ایسے اقدامات سے خوفزدہ نہیں ہوں گے اور اپنے اصولی مقف پر ثابت قدم رہیں گے۔

بقیہ 23

ہیں۔ ایک بیان میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گرد نیٹ ورکس کے خلاف بروقت اور کامیاب کارروائیاں قومی سلامتی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی اداروں کی مسلسل کوششوں کی عکاس ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں اور پیشہ ورانہ خدمات قابل تحسین ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کا خاتمہ ریاست کا پختہ عزم ہے۔ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم کے ذریعے صوبے میں امن، استحکام اور ترقی کے سفر کو متاثر نہیں کر سکتے۔ ریاستی ادارے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں جاری رکھیں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آپریشن عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف جاری اقدامات قومی سلامتی اور عوام کے تحفظ کے لیے ریاست کے غیر متزلزل عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ اس جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ پوری قوم متحد ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے میں پائیدار امن کے قیام، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ بلوچستان کے عوام کے تحفظ اور پرامن مستقبل پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 24

اختیار کیا کہ ملزمہ کو تین سال کی تاخیر سے مقدمہ میں گرفتار کیا گیا، ملزمہ بے گناہ ہے ضمانت پر رہائی دی جائے۔ تفتیشی افسر نے بتایا کہ ملزمہ فلک جاوید جناح ہاؤس حملہ کیس میں ملوث ہے، جناح ہاؤس حملے کا تھانہ سرور روڈ میں مقدمہ نمبر 96/23 درج ہے، مقدمہ میں پی ٹی آئی رہنماؤں پر کارکنان کو جلاؤ گھیراؤ پر اکسانے کا الزام ہے۔ تفتیشی افسر کے مطابق پی ٹی آئی رہنماؤں نے سازش کے تحت جناح ہاؤس پر حملہ کیا، مقدمہ میں بغاوت سمیت دیگر سنگین جرائم کی دفعات شامل ہیں۔

بقیہ 25

سماعت جسٹس عمیر مجید ملک نے استفسار کیا کہ حلقہ بندیوں کا معاملہ آپ نے حل نہیں کیا؟ قاضی عادل عزیز نے کہا کہ ایک وارڈ میں صرف 2 ووٹرز ہیں، اس کا الیکشن کیسے ہوگا؟ جسٹس عمیر مجید ملک نے کہا کہ 2015 کے قانون کے مطابق آپ نے حلقہ بندیاں کرنی ہیں۔ وکیل الیکشن کمیشن نے کہا کہ ہم نے تفصیلی آرڈر پاس کر دیا ہے، وجوہات بھی دی ہیں۔ جسٹس عمیر مجید ملک نے کہا کہ آپ کچھ پروسیڈنگز کرتے تو کوئی اپیل فائل کرتا، وکیل الیکشن کمیشن نے جواب دیا کہ ہم نے پروسیڈنگز کی ہیں، 6 دفعہ یہ ایکسرسائز کر چکے ہیں۔ جسٹس عمیر مجید ملک نے کہا کہ ہمیں ابھی یہ پتا نہیں پارلیمنٹ اس پر کیا کرتی ہے، آپ نے مطمئن کرنا ہے کہ حلقہ بندیوں کا پراسس مکمل ہو گیا تھا، اس سے پہلے بھی ہمارے پاس کئی درخواستیں آئی ہیں، درخواست گزار کہتے ہیں ہمیں یہ پتا نہیں ہم کون سی وارڈ میں ہیں۔ جسٹس عمیر مجید ملک نے ریمارکس دیئے کہ 14 اکتوبر کا آپ کا آرڈر آیا ہے کہ حلقہ بندیاں مکمل ہوگئی ہیں، وکیل الیکشن کمیشن نے مقف اختیار کیا کہ جو قانون موجود ہے اس کے مطابق ہم نے حلقہ بندیاں کی ہیں۔ عدالت نے الیکشن کمیشن سے تفصیلی جواب طلب کرتے ہوئے سماعت دو ہفتوں کے لئے ملتوی کردی۔

بقیہ 26

حضرت مولانا مولانا امجد خان سمیت دیگر مرکزی صوبائی اور ضلعی قائدین کی گرفتاریوں، سرگودھا کے جلسے میں رکاوٹیں ڈالنے اور مختلف مقامات پر مدارس، مساجد اور علما کرام کو غیر آئینی و غیر قانونی طریقوں سے ہراساں کرنے کے مسلسل سلسلے کے خلاف تمام اضلاع کے امرا، نظما، علما و زعما، ذمہ داران اور کارکنان فوری طور پر میدانِ عمل میں نکلیں اور بین الاضلاعی و بین الصوبائی قومی شاہراہوں پر پرامن احتجاجی دھرنے دے کر ہر قسم ٹریفک کی آمدورفت معطل کریں۔ تمام جماعتی ذمہ داران احتجاج کو منظم، مثر اور مکمل طور پر پرامن بنانے کے لیے فوری اقدامات کریں، کسی قسم کی اشتعال انگیزی، تصادم یا غیر قانونی اقدام سے مکمل گریز کیا جائے، جبکہ شاہراہوں پر مریضوں، ایمبولینسوں کو سفر کرنے والوں کو ہر صورت راستہ فراہم کیا جائے تاکہ عوام کو غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ تمام اضلاع کے ذمہ داران مرکزی اور صوبائی جماعتی فیصلے پر فوری عمل درآمد یقینی بنائیں۔

بقیہ 27

غلام قطب الدین چشتی صابری کی سربراہی میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی۔ وفد میں پیر غلام جلال الدین چشتی، پیر غلام فرید الدین چشتی اور پیر نصیر الدین چشتی بھی شامل تھے۔ ملاقات کے دوران ملکی مجموعی سیاسی صورتحال، جنوبی پنجاب کی ترقی اور پاکپتن کے مقامی وعوامی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر آستانہ عالیہ پانی پت کے مشائخ عظام نے شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید بینظیر بھٹو کی عوامی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔ چاروں پیر صاحبان نے اپنے مریدین، خلفا اور عقیدت مندوں کے ہمراہ پاکستان پیپلز پارٹی کے قافلے میں شامل ہونے کا باضابطہ اعلان کیا۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے نئے شامل ہونے والے تمام مہمانوں کو پارٹی پرچم کے رنگوں کے مفلر پہنا کر خوش آمدید کہا۔ گفتگو کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ پاکپتن کی ان قدآور روحانی شخصیات کی شمولیت سے علاقے میں پارٹی کو نئی توانائی ملے گی اور عوامی خدمت کا سفر مزید تیز ہوگا۔ ملاقات میں پاکستان پیپلز پارٹی جنوبی پنجاب کے مرکزی رہنما اور مقامی عہدیداران بھی موجود تھے، جنہوں نے نئے شامل ہونے والے رہنماؤں کو مبارکباد پیش کی اور اس پیش رفت کو آئندہ انتخابات کے حوالے سے پاکپتن کی سیاست میں ایک بڑی تبدیلی قرار دیا۔

بقیہ 28

واقعات کا اندیشہ برقرار رہتا ہے۔ ماہیگیر حلقوں نے بتایا کہ گڈانی میں پہلے ہی بنیادی سہولیات نا ہونے کے برابر ہیں، جس سے روزگار اور محنت کا ذریعہ شدید متاثر ہو رہا ہے۔ انہوں نے وفاقی وصوبائی حکومت، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر جام کمال خان عالیانی اور نواب آف لسبیلہ میر علی حسن زہری سمیت دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گڈانی میں جیٹی کی بحالی اور تعمیراتی کام فوری طور پر شروع کرنے کے احکامات جاری کیے جائیں تاکہ ماہیگیروں کی کشتیوں اور روزگار کو محفوظ بنایا جا سکے۔

بقیہ 29

سیشن جج منڈی بہاؤالدین کے 8 ستمبر 2025 کے حکم کو چیلنج کیا تھا، جس میں مرکزی ملزم ارسلان عرف چوچی شاہ کی گرفتاری تک قتل کیس کی کارروائی غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کر دی گئی تھی۔ مقدمے کے مطابق مدعی نجم شہزاد نے ایف آئی آر میں موقف اختیار کیا تھا کہ مرکزی ملزم ارسلان عرف چوچی شاہ نے محمد عارف پر فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں وہ زخمی ہونے کے بعد جاں بحق ہوگیا، جبکہ اسی واقعے میں درخواست گزار محمد عرفان پر روزینہ فاروق کو فائرنگ کر کے زخمی کرنے کا الزام عائد کیا گیا تھا، واقعے کا مقدمہ 2 ستمبر 2023 کو تھانہ سول لائنز منڈی بہاؤالدین میں درج کیا گیا تھا۔ ٹرائل کے دوران مرکزی ملزم سمیت بعض ملزمان عدالت میں پیش نہ ہوئے، جس پر انہیں اشتہاری قرار دے دیا گیا۔

بقیہ 30

ویلیو چین بہتر بنانے، شعبے کی ترقی اور برآمدات میں اضافے کے لیے جائزہ اجلاس ہوا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان میں قیمتی پتھروں کی کان کنی، ویلیو ایڈیشن اور برآمدات کے حوالے سے وسیع استعداد موجود ہے، حکومت اس شعبے کی ترقی کے لیے ترجیحی بنیادوں پر بھرپور اقدامات کر رہی ہے، قیمتی پتھروں کی شناخت اور سرٹیفکیشن کے لیے بین الاقوامی معیار کی لیبارٹریز کا قیام یقینی بنایا جائے۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ قیمتی پتھروں کی پراسیسنگ کے لیے پاکستانی ماسٹر ٹرینرز کو سری لنکا اور تھائی لینڈ تربیت کے لیے بھیجا جائے، سیکرٹری خارجہ متعلقہ ممالک میں پاکستانی سفیروں کو اس حوالے سے مکمل تعاون فراہم کرنے کی ہدایت کریں۔ یہ بھی پڑھیں: ہر دوائی کی تصدیق ممکن، وزیراعظم نے ''محفوظ دوا'' ایپلی کیشن کا اجرا کر دیا شہباز شریف نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو قیمتی پتھروں کے ذخائر کی دولت سے مالا مال کیا ہے، تاہم کان کنی کے فرسودہ طریقہ کار کے باعث اس بیش قیمت دولت کا ضیاع ہو رہا ہے۔

بقیہ 31

رانیہ اظہر کے قتل کے مقدمے میں پولیس نے مقتولہ کے والد اور بھائی کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق رانیہ نے کچھ عرصہ قبل پسند کی شادی کی تھی، جس پر اس کے گھر والے ناراض تھے، تاہم جرگے میں اہل خانہ نے اسے معاف کر دیا تھا۔ تفصیل کے مطابق کھوڑہ میں رانیہ اظہر اپنے والدین کے گھر آئی ہوئی تھی، جہاں مبینہ طور پر اس کے بھائی نے چھری کے وار کر کے اسے شدید زخمی کر دیا۔ رانیہ کو علاج کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا، تاہم وہ دوران علاج دم توڑ گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق مقتولہ نے کچھ عرصہ قبل پسند کی شادی کی تھی، جس پر اس کے اہل خانہ ناخوش تھے۔ بعدازاں جرگے میں گھر والوں نے رانیہ کو معاف بھی کر دیا تھا۔ پولیس نے مقتولہ کے شوہر کی مدعیت میں اس کے سسر اور سالے کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کر لیا ہے۔ ایف آئی آر میں الزام عائد کیا گیا ہے کہ مقتولہ کے بھائی نے چھری کے وار کر کے اسے قتل کیا، جبکہ سسر نے قتل کا جرم چھپانے کی کوشش کی۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ مقدمے میں نامزد مقتولہ کے والد اور بھائی کو گرفتار کرلیا گیا ہے، جبکہ رانیہ اظہر کی تدفین بھی کردی گئی ہے۔

بقیہ 32

سکول آزادشہر سمیت ضلع کے مختلف اسکولز کا دورہ کیا، جماعت ہشتم کے جاری امتحانات اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے امتحانی مراکز میں نقل کی روک تھام کے لیے سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے واضح کیا کہ امتحانات میں کسی قسم کی نقل برداشت نہیں کی جائے گی۔ امتحانی انتظامات، طلبہ وطالبات کی حاضری، امتحانی عملے کی کارکردگی اور امتحانی ماحول کا جائزہ بھی لیا۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ امتحانات کے دوران نقل کی روک تھام، میرٹ اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور کسی بھی قسم کی بے ضابطگی کی اجازت نہ دی جائے۔

بقیہ 33

نے کہا ہے کہ قومی حکومت کی تجویز کو مسترد کرتے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ حکومت سے کوئی ڈیل نہیں ہوگی، مفاہمت اور قومی مکالمے کی ضرورت پہلے سے زیادہ ہے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ تحریک انصاف نئے صوبوں کی مخالف نہیں، حکومتی ڈرافٹ آنے تک نئے صوبوں اور 28 ویں ترمیم پر بات نہیں ہوگی، کوئی بھی فیصلہ حکومتی ڈرافٹ دیکھ کر ہی کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ 26 نومبر کے واقعے کی عدالتی تحقیقات ہونی چاہئیں، امن کے قیام کے لیے نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کیا جائے۔

بقیہ 34

کے ماحولیاتی ادارے نے تصدیق کی ہے کہ عالمی درجہ حرارت میں اضافہ 1.5 ڈگری سینٹی گریڈ کی حد سے تجاوز کرنے کی جانب بڑھ رہا ہے جبکہ دنیا کے تمام ممالک نے ایک دہائی سے زائد عرصہ قبل اس حد کو عبور نہ کرنے کی کوشش پر اتفاق کیا تھا۔ ماہرین کے مطابق درجہ حرارت میں اس حد سے زیادہ اضافہ ہونے کی صورت میں شدید موسمیاتی واقعات اوران کے تباہ کن اثرات میں مزید شدت آنے کا خدشہ ہے۔ کانفرنس کی صدارت کرنے والے ترکیہ کے وزیر ماحولیات مرات کوروم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان کے خیال میں ایسا مسودہ پیش کیا گیا ہے جس پر تمام فریق اتفاق کر سکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ معاہدے کی منظوری کے لیے اجلاس آج دوبارہ طلب کیا جائے گا۔ مرات کوروم کے مطابق نئے معاہدے میں فوسل فیول سے متعلق تحفظات اور موسمیاتی تبدیلیوں سے مطابقت پیدا کرنے کے لیے ترقی پذیر ممالک کو مالی معاونت فراہم کرنے کے معاملات کو بھی حل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس سے قبل معاہدے کے ابتدائی مسودے کو بعض ممالک کی جانب سے شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا تھا کیونکہ اس میں فوسل فیول کے استعمال کو ختم کرنے سے متعلق کوئی حوالہ شامل نہیں تھا۔ نئے مسودے میں سابقہ تجاویز کو مزید بہتر بنایا گیا ہے تاکہ مختلف ممالک کے تحفظات دور کرتے ہوئے مشترکہ لائحہ عمل طے کیا جا سکے۔ نئے معاہدے کی تیاری میں آسٹریلیا اور ترکیہ نے اہم کردار ادا کیا جبکہ دنیا کے امیر، غریب، بڑے اور چھوٹے ممالک کے تقریبا 200 وفود کے ساتھ تفصیلی مشاورت کی گئی۔ آسٹریلیا مذاکرات کی قیادت کر رہا ہے جبکہ ترکیہ کانفرنس کی میزبانی اور صدارت کے فرائض انجام دے رہا ہے۔ معاہدے کے مسودے پر اعتراضات جمع کرانے کے لیے وفود کو اتوار تک کا وقت دیا گیا تھا۔ آسٹریلیا اور ترکیہ کے سامنے سب سے بڑا چیلنج ایسے معاہدے پر اتفاق رائے پیدا کرنا تھا جو موسمیاتی تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ممالک کی ضروریات اور فوسل فیول کی پیداوار یا استعمال پر انحصار کرنے والی معیشتوں کے مفادات میں توازن قائم کر سکے۔

بقیہ 35

کے شعبے میں تعاون کے معاہدوں پر دستخط ہوئے، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، ترک وزیر توانائی، وفاقی وزیر پیٹرولیم اور گورنر سندھ تقریب میں شریک ہوئے۔ پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن اور ترکیہ کی ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے درمیان شیئر ہولڈرز کا معاہدہ طے پا گیا، پشین بلوچستان میں اہم معدنیات اینٹیمونی کی ترقی کیلئے معاہدے پر دستخط ہوگئے۔ ماری منرلز اور ترکیہ کی ایم ٹی اے آئی سی کے درمیان مشترکہ منصوبے کا معاہدہ طے پا گیا۔ چاغی بلوچستان میں تانبے، سونے اور دیگر معدنی ذخائر کی تلاش وترقی ہوگی۔ جیولوجیکل سروے پاکستان، ترکیہ کے ایم ٹی اے اور ایم ٹی اے آئی سی میں سہ فریقی مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوگئے، تکنیکی تبادلے اور معدنی وسائل کی ترقی میں استعداد کار بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان معدنیات کے شعبے میں تعاون مزید مضبوط ہوگی۔ تقریب سے خطاب میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات تاریخی بنیادوں پر قائم ہیں، تاہم اب وقت ہے کہ اس دوستی کو عملی اقتصادی منصوبوں اور عوام کے لئے ترقی کے مواقع میں تبدیل کیا جائے۔ اسحاق ڈار نے بتایا کہ 87 میٹر طویل اورچ ریس جدید سیسمک، صوتی اور سمندر کی تہہ کا سروے کرنے والے آلات سے لیس ہے۔ یہ جہاز صوتی لہروں کے ذریعے سمندر کی تہہ میں موجود چٹانوں کی ساخت کا جائزہ لے گا اور حاصل ہونے والے ڈیٹا کی مدد سے زیر سمندر ارضیاتی ساخت کی سہ جہتی تصاویر تیار کی جائیں گی۔ اس تحقیق سے مستقبل میں تیل وگیس کی تلاش اور کھدائی کے امکانات کا تعین کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے بتایا کہ ترک حکام کے مطابق سروے میں تقریبا 5 سے 6 ماہ لگ سکتے ہیں۔ اسحاق ڈار نے امید ظاہر کی کہ یہ مشن پاکستان کے لیے تیل وگیس کے ذخائر کی دریافت کی خوش خبری لائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سمندر میں توانائی کے ذخائر کی تلاش ایک پیچیدہ اور مہنگا عمل ہے اور سیسمک سروے سے ذخائر ملنے کی ضمانت نہیں ہوتی، تاہم یہ مستقبل کی تلاش کے لیے بنیادی معلومات فراہم کرتا ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستانی ماہرین ارضیات اور انجینئر زاپنے ترک ہم منصبوں کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ دونوں ملکوں کی جامعات اور تحقیقی اداروں کے درمیان سمندری ارضیات اور سمندر میں توانائی کی تلاش سے متعلق انجینئرنگ کے شعبوں میں اشتراک کے امکانات بھی موجود ہیں۔ انہوں نے ترک سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ حکومت اہم منصوبوں میں ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی اور اداروں کے درمیان رابطے کو بہتر بنایا جائے گا تاکہ منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر نہ ہو۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ سمندری سرگرمیوں میں بحری تحفظ اور ماحولیاتی معیار کا مکمل خیال رکھا جائے، کیونکہ سمندر معاشی اثاثہ ہونے کے ساتھ قدرتی امانت بھی ہے۔ ان کے مطابق پاکستان اور ترکیہ کا یہ مشترکہ مشن سائنسی معلومات میں اضافے، قومی صلاحیتوں کی ترقی اور دونوں ملکوں کے درمیان تعاون کے نئے راستے کھولے گا۔ تقریب سے خطاب میں الپرسلان بیرکتار نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان شعبہ توانائی میں تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں، پاکستان اور ترکیہ کیتوانائی تعلقات میں نیدور کا آغاز ہو رہا ہے۔ پاکستان کے ساتھ توانائی کے شعبے میں تعاون کو مزید فروغ دیں گے۔ الپرسلان بیرکتار نے کہا کہ پاکستان ترکیہ مشترکہ تاریخ، اقدار، چھائی چارے کے مضبوط رشتوں میں بندھے ہیں، توانائی کے شعبے میں تعاون دونوں ممالک کے مستقبل کو نئی سمت دیگا۔

بقیہ 36

پائپ لائنیں منقطع کی جا چکی ہیں، تاہم باقی علاقوں کے لیے جامع سروے کی ضرورت ہے۔ عدالت کو بتایا گیا کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ کی رپورٹ کے مطابق 295 ٹیوب ویلوں میں سے صرف 68 کے پاس این او سی موجود ہے جبکہ 227 ٹیوب ویل بغیر این او سی کام کر رہے ہیں۔ عدالت نے قرار دیا کہ مذکورہ رپورٹ کوئٹہ شہر اور گردونواح میں قائم ٹیوب ویلوں کی مجموعی تعداد اوران کی قانونی حیثیت سے متعلق مکمل معلومات فراہم نہیں کرتی، لہٰذا اسے غیر حتمی قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔ عدالت نے سیکرٹری پی ایچ ای کی سربراہی میں غیر قانونی ٹیوب ویلوں سے متعلق تشکیل دی گئی کمیٹی کی رپورٹ اور 5 نومبر 2026 کے اجلاس کے منٹس کو بھی غیر تسلی بخش قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا اور سیکرٹری پی ایچ ای کو ہدایت کی کہ ایک مؤثر ٹیم تشکیل دے کر کوئٹہ شہر اور گردونواح میں تمام ٹیوب ویلوں کا از سر نو جامع سروے کیا جائے اور غیر قانونی ٹیوب ویلوں کی مکمل تفصیلات پیش کی جائیں۔ عدالت نے سرکاری ٹیوب ویلوں پر مبینہ غیر قانونی قبضوں اوران میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی سے متعلق درخواست بھی ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ و ویسٹ کو بھجواتے ہوئے معاملے کی انکوائری اور آئندہ سماعت پر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ دوران سماعت بی واسا کے حکام نے بتایا کہ خرخسہ ڈیم کے اطراف نو ٹیوب ویل فعال ہیں، جن سے ہزارہ ٹاؤن کے مشرقی اور مغربی علاقوں کو متبادل دنوں میں پانی فراہم کیا جا رہا ہے، جبکہ سجاول آباد کے چار ٹیوب ویلوں سے پانی ہزارہ ٹاؤن قبرستان کے تین لاکھ گیلن گنجائش والے ذخیرے سمیت دیگر آبی ذخائر تک پہنچانے کے انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ حکام کے مطابق اختر آباد ڈیم کے قریب پانچ ٹیوب ویل بجلی، پائپ لائنوں اور دیگر ضروری تعمیراتی کاموں کی عدم تکمیل کے باعث تاحال فعال نہیں ہو سکے۔ درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ ہزارہ ٹاؤن کے سات بلاکس کو پانی فراہم کیا جا رہا ہے، تاہم فراہمی غیر باقاعدہ اور انتہائی محدود ہے۔ عدالت نے بی واسا کے متعلقہ انجینئر کو ہدایت کی کہ پانی کی ترسیل کے لیے پرانی اور خستہ حال پائپ لائنوں کی فوری مرمت اور تبدیلی سمیت ضروری کام بلاتاخیر مکمل کیے جائیں اوراس ضمن میں آئندہ سماعت پر پیش رفت رپورٹ جمع کرائی جائے۔ عدالت نے سیکرٹری پی ایچ ای کو کوئٹہ شہر اور گردونواح میں پانی کی فراہمی کے مستقبل کے حوالے سے جامع منصوبہ بندی پر مبنی رپورٹ بھی پیش کرنے کا حکم دیا۔ عدالت نے حکم کی نقل ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کے دفتر کو بھجوانے کی ہدایت کرتے ہوئے کیس کی مزید سماعت 23 دسمبر 2026 تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 37

کے شعبے میں تعاون کے معاہدوں پر دستخط ہوئے، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، ترک وزیر توانائی، وفاقی وزیر پیٹرولیم اور گورنر سندھ تقریب میں شریک ہوئے۔ پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن اور ترکیہ کی ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے درمیان شیئر ہولڈرز کا معاہدہ طے پا گیا، پشین بلوچستان میں اہم معدنیات اینٹیمونی کی ترقی کیلئے معاہدے پر دستخط ہوگئے۔ ماری منرلز اور ترکیہ کی ایم ٹی اے آئی سی کے درمیان مشترکہ منصوبے کا معاہدہ طے پا گیا۔ چاغی بلوچستان میں تانبے، سونے اور دیگر معدنی ذخائر کی تلاش وترقی ہوگی۔ جیولوجیکل سروے پاکستان، ترکیہ کے ایم ٹی اے اور ایم ٹی اے آئی سی میں سہ فریقی مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوگئے، تکنیکی تبادلے اور معدنی وسائل کی ترقی میں استعداد کار بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان معدنیات کے شعبے میں تعاون مزید مضبوط ہوگی۔ تقریب سے خطاب میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات تاریخی بنیادوں پر قائم ہیں، تاہم اب وقت ہے کہ اس دوستی کو عملی اقتصادی منصوبوں اور عوام کے لئے ترقی کے مواقع میں تبدیل کیا جائے۔ اسحاق ڈار نے بتایا کہ 87 میٹر طویل اورچ ریس جدید سیسمک، صوتی اور سمندر کی تہہ کا سروے کرنے والے آلات سے لیس ہے۔ یہ جہاز صوتی لہروں کے ذریعے سمندر کی تہہ میں موجود چٹانوں کی ساخت کا جائزہ لے گا اور حاصل ہونے والے ڈیٹا کی مدد سے زیر سمندر ارضیاتی ساخت کی سہ جہتی تصاویر تیار کی جائیں گی۔ اس تحقیق سے مستقبل میں تیل وگیس کی تلاش اور کھدائی کے امکانات کا تعین کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے بتایا کہ ترک حکام کے مطابق سروے میں تقریبا 5 سے 6 ماہ لگ سکتے ہیں۔ اسحاق ڈار نے امید ظاہر کی کہ یہ مشن پاکستان کے لیے تیل وگیس کے ذخائر کی دریافت کی خوش خبری لائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سمندر میں توانائی کے ذخائر کی تلاش ایک پیچیدہ اور مہنگا عمل ہے اور سیسمک سروے سے ذخائر ملنے کی ضمانت نہیں ہوتی، تاہم یہ مستقبل کی تلاش کے لیے بنیادی معلومات فراہم کرتا ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستانی ماہرین ارضیات اور انجینئر زاپنے ترک ہم منصبوں کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ دونوں ملکوں کی جامعات اور تحقیقی اداروں کے درمیان سمندری ارضیات اور سمندر میں توانائی کی تلاش سے متعلق انجینئرنگ کے شعبوں میں اشتراک کے امکانات بھی موجود ہیں۔ انہوں نے ترک سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ حکومت اہم منصوبوں میں ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی اور اداروں کے درمیان رابطے کو بہتر بنایا جائے گا تاکہ منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر نہ ہو۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ سمندری سرگرمیوں میں بحری تحفظ اور ماحولیاتی معیار کا مکمل خیال رکھا جائے، کیونکہ سمندر معاشی اثاثہ ہونے کے ساتھ قدرتی امانت بھی ہے۔ ان کے مطابق پاکستان اور ترکیہ کا یہ مشترکہ مشن سائنسی معلومات میں اضافے، قومی صلاحیتوں کی ترقی اور دونوں ملکوں کے درمیان تعاون کے نئے راستے کھولے گا۔ تقریب سے خطاب میں الپرسلان بیرکتار نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان شعبہ توانائی میں تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں، پاکستان اور ترکیہ کیتوانائی تعلقات میں نیدور کا آغاز ہو رہا ہے۔ پاکستان کے ساتھ توانائی کے شعبے میں تعاون کو مزید فروغ دیں گے۔ الپرسلان بیرکتار نے کہا کہ پاکستان ترکیہ مشترکہ تاریخ، اقدار، چھائی چارے کے مضبوط رشتوں میں بندھے ہیں، توانائی کے شعبے میں تعاون دونوں ممالک کے مستقبل کو نئی سمت دیگا۔

بقیہ 38

سے فرٹیلائزر کمپلیکس قائم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ دو ارب روپے کی ابتدائی لاگت سے بلوچستان میں رجسٹرڈ بلوچستان انشورنس کمپنی لمیٹڈ قائم کی جائے گی۔ اس کمپنی کے قیام سے صوبے کے سرکاری اداروں اور مقامی شہریوں کو انشورنس کی بہتر اور معیاری سہولیات مقامی سطح پر دستیاب ہوں گی۔ اس اقدام سے صوبے میں مالیاتی خدمات کے شعبے کو وسعت دینے اور سرمایہ کاری کے نئے امکانات پیدا کرنے میں بھی مدد ملے گی۔

بلوچستان میں امن و ترقی کے دشمنوں کو ہر صورت ناکام بنائیں گے، وزیراعظم

بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردی کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیابیاں قابل فخر ہیں، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے

وزیراعظم نے کہا کہ شہدا اور غازیوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں، شہباز شریف کا بلوچستان میں 12 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان میں کامیاب کارروائیوں کے دوران 12 بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے۔ جمعرات کو پی ایم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردی کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیابیاں قابل فخر ہیں، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ شہدا اور غازیوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، بلوچستان میں امن و ترقی کے دشمنوں کو ہر صورت ناکام بنائیں

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان پبلک سروس کمیشن میں اصلاحات سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مصر، پیٹرولیم مصنوعات سے بھری گاڑی کو خوفناک حادثہ، 31 افراد جاں بحق، 21 زخمی

قاہرہ، اسلام آباد (جی این ایم) مصر کے شہر جیزہ کے علاقے الوراق میں رنگ روڈ پر پیٹرولیم مصنوعات سے بھری گاڑی الٹنے کے بعد آگ بھڑک اٹھی، جس کے نتیجے میں کم از کم 31 افراد جاں بحق اور 21 زخمی ہو گئے۔ حکام کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات سے بھری گاڑی الٹنے کے بعد لگنے والی آگ نے متعدد گاڑیوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، ابتدائی

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 7 پر)

ضلع بارکھان میں ڈی سی سی اور ڈی آئی سی سی کے اجلاس

ضلع میں امن و امان، سیکیورٹی اور بین الادارہ جاتی رابطوں کو مضبوط بنانے کی ہدایت: سعید الرحمٰن

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) اور ڈسٹرکٹ انٹیلیجنس کوآرڈینیشن کمیٹی (DICC) کے الگ الگ اجلاس منعقد ہوئے، جن میں ضلعی انتظامیہ، پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاسوں میں ضلع بارکھان کی مجموعی صورتحال، امن و امان، سیکورٹی

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ کے نوجوان ٹریفک پولیس کے روزانہ چالانوں سے پریشان

وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف جسٹس ہائی کورٹ اور ایس پی ٹریفک سے فوری نوٹس لینے کی اپیل

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ کے نوجوانوں اور طلبہ نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی، چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جناب جسٹس کامران خان ملاخیل اور ایس پی ٹریفک جناب دوستین دشتی سے اپیل کی ہے کہ شہر میں ٹریفک پولیس کی جانب سے جگہ جگہ ناکے لگا کر نوجوانوں اور طلبہ کے روزانہ کی بنیاد پر چالان کرنے کے معاملے کا نوٹس لیا

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 7 پر)

دکی میں پریشر ککر پھٹنے سے خاتون اور بچے سمیت 3 افراد زخمی

زخمیوں کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا، تمام افراد کی حالت خطرے سے باہر، اسپتال ذرائع

دکی (یو این اے) دکی کے علاقے شادوزئی محلے میں ایک گھر میں پریشر ککر پھٹنے کے واقعے میں خاتون اور دو سالہ بچے سمیت تین افراد زخمی ہو گئے۔ اسپتال ذرائع کے مطابق واقعے کے بعد زخمیوں کو فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ زخمیوں کا تعلق شادوزئی قبیلے سے بتایا جاتا ہے جن میں زین اللہ ولد عبدالرحمان، ان کی اہلیہ اور ان

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 7 پر)

بلوچستان کابینہ میں تبدیلیوں کا فیصلہ، کئی وزرا کو ہٹائے جانے، کچھ کے قلمدان بدلنے کا امکان

اتحادی جماعتوں کے درمیان مشاورت جاری ہے، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی کابینہ میں تبدیلیوں کی تصدق

پیپلز پارٹی اور ن لیگ کے بعض ذرائع کے مطابق کچھ ارکان اسمبلی حکومت اور اپنی جماعتوں کی قیادت پر کابینہ میں تبدیلی کے لئے دباؤ ڈال رہے ہیں، ذرائع

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان میں پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کی اتحادی حکومت نے صوبائی کابینہ میں رد و بدل پر اتفاق کیا ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق یہ تبدیلیاں رواں ہفتے کے آخر تک متوقع ہیں۔ کئی وزرا کو ہٹانے اور نئے چہروں کو سامنے لانے کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ موجودہ وزرا اپنی وزارتیں بچانے کے لئے سرگرم ہوگئے۔ صوبائی وزیر خزانہ اور مسلم لیگ ن کے رہنما میر شعیب نوشیروانی نے غیر ملکی خبر رساں ادارے سے بات کرتے ہوئے تصدیق کی کہ کابینہ میں تبدیلیوں کا امکان ہے اور اس سلسلے میں اتحادی جماعتوں کے درمیان مشاورت جاری ہے۔ بلوچستان حکومت کے ایک عہدیدار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر صادق عمرانی اکا

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 7 پر)

امریکا میں پاکستان کے سفیر کی شکاگو یونیورسٹی میں پاکستان سمٹ میں شرکت

واشنگٹن (یو این اے) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے شکاگو یونیورسٹی میں طلبہ کی جانب سے پہلی مرتبہ منعقدہ پاکستان سمٹ کے موقع پر خصوصی نشست میں طلبہ، ماہرینِ تعلیم اور ابھرتی ہوئی قیادت سے تبادلہ خیال کیا۔ سفارت خانے سے جاری بیان کے مطابق اس موقع پر سفیر نے پاکستان کی خارجہ پالیسی، پاک امریکا تعلقات اور ابھرتے

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزراء، مشیران و اراکین اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں

دوران ملازمت وفات پانے والے کیسکو کے 7 ملازمین کے بچوں میں بھرتی کے آرڈرز تقسیم

سی ای او کیسکو انجینئر میر مجیب الرحمٰن مری کی زیر صدارت ایمپلائز سن کوٹہ تقرریوں کی تقریب منعقد

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر میر مجیب الرحمٰن مری کی زیر صدارت ایمپلائز سن کوٹہ کے تحت دوران سروس وفات پانے والے کیسکو ملازمین کے بچوں کو ملازمت دینے کی تقریب کیسکو ہیڈ کوارٹر میں منعقد ہوئی۔ جس میں چیف انجینئر (کسٹمر سروسز) سید مطاہر حسین شاہ مشہدی، چیف انجینئر (او اینڈ ایم) محمد نظام اچکزئی سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مجیب الرحمٰن مری اور دیگر افسران نے کمپنی کے 7 مرحوم ملازمین کے بچوں میں مختلف عہدوں پر بھرتی کے آرڈرز تقسیم کیے۔ نئے بھرتی ہونے والے ملازمین کے والدین دوران ملازمت حادثاتی اور طبعی اموات کے باعث وفات پا گئے تھے جنکے بچوں کو کیسکو میں ملازمت کے تقرر نامے دیئے گئے۔

پشین، نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، 22 سالہ نوجوان جاں بحق

مقتول کی شناخت جمشید خان کے نام سے ہوئی ہے، واقعے کی تحقیقات شروع کر دی گئیں، پولیس

پشین (یو این اے) پشین کے علاقے کلی خدائیداد زئی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے بائیس سالہ نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق مقتول کی شناخت جمشید خان کے نام سے ہوئی ہے، جبکہ فائرنگ کے بعد ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس نے لاش کو ضروری کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کر کے واقعے کی مزید

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 7 پر)

پیٹرولیم قیمتوں میں کمی، گڈز ٹرانسپورٹ کا کرایوں میں 5 فیصد کمی کا اعلان

امید ہے وزیراعظم پیٹرولیم نرخوں میں مزید کمی کر کے عوام کو ریلیف فراہم کریں گے، صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد

کراچی (جی این ایم) ملک میں پیٹرولیم قیمتوں میں کمی کے بعد گڈز ٹرانسپورٹ نے بھی کرایوں میں کمی کا اعلان کر دیا۔ صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد ملک شہزاد اعوان نے حکومت کے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے پاکستان بھر میں گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 5 فیصد کمی کا اعلان کر دیا۔ ملک شہزاد اعوان نے

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 7 پر)

نوشکی، سبی، پنجگور اور کیچ میں 12 دہشت گرد ہلاک کیے گئے: شاہد رند

دہشت گردی کے خلاف جنگ پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری، امن و استحکام پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا

کوئٹہ، (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے نوشکی، سبی، پنجگور اور کیچ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ چار اضلاع میں مختلف آپریشنز کے دوران 12 دہشت گردوں کا خاتمہ سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، مؤثر حکمت عملی اور دہشت گردی

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 7 پر)

ایکسین سی اینڈ ڈبلیو انجینئر محبت مری کا کوہلو میں زیرِ تعمیر سڑکوں اور ترقیاتی منصوبوں کا دورہ

ترقیاتی منصوبوں کی مقررہ مدت اور اعلیٰ معیار کے مطابق تکمیل اولین ترجیح ہے: انجینئر محبت مری

کوہلو (خ ن) ایگزیکٹو انجینئر سی اینڈ ڈبلیو انجینئر محبت مری نے وزیراعلیٰ بلوچستان کی وژن کے مطابق دور دراز علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں ضلع کوہلو میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے صوبائی حکومت و پی ایس ڈی پی کے تحت زیرِ تعمیر سڑکوں اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا اور کام

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 7 پر)

سرگودھا کانفرنس سے قبل جے یو آئی رہنماؤں کی گرفتاریوں کے باوجود پرامن جدوجہد جاری

مولانا عبدالغفور حیدری اور مولانا امجد خان کی گرفتاری، انتظامیہ کی جانب سے مزید رکاوٹوں کا خدشہ

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے زیر اہتمام سرگودھا میں ہونے والی کانفرنس سے قبل گزشتہ کئی ہفتوں سے گرفتاریوں، راستوں کی بندش، کنٹینرز کی تنصیب اور دیگر رکاوٹوں کا سلسلہ جاری ہے، آج مرکزی قائدین مولانا عبدالغفور حیدری، مولانا امجد خان اور دیگر رہنماؤں کی گرفتاری بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ اس تمام صورتحال کے باوجود جمعیت علماء اسلام کے کارکنان آئینی و قانونی حدود میں رہتے ہوئے اپنی تحریک پُرامن انداز میں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ خدشہ ہے کہ کانفرنس کو کسی صورت منعقد نہ ہونے کے لیے انتظامیہ کی جانب سے مزید گرفتاریوں، راستوں کی بندش، رکاوٹوں اور بھاری نفری کی تعیناتی کے ذریعے شرکاء کی آمدورفت متاثر کرنے کی کوشش کی جائے گی، تاہم جمعیت علماء اسلام کی قیادت اور

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، پبلک ہیلتھ سکول کوئٹہ کے زیراہتمام علامہ اقبال ڈے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے ریڈیو پاکستان کوئٹہ اسٹیشن ڈائریکٹر صدیقہ خان ملائی، پرنسپل ہیلتھ سکول ڈاکٹر صفیہ مینگل، ارسلان فیاض، ڈاکٹر نجمہ غفار، سیماب رفیق اور دیگر خطاب کر رہی ہیں

پاک چائنہ تزویراتی شراکت داری خلائی تعاون کے نئے دور میں داخل ہو چکی ہے: احسن اقبال

پاکستان اور چین کی دوستی کو نسل در نسل ہمالیہ سے بلند قرار دیا جاتا رہا ہے اور اب یہی دوستی خلاء کی وسعتوں تک پہنچ رہی ہے

محمد ذیشان علی کی شینژو 24- مشن میں شرکت باہمی اعتماد اور تعاون کی مظہر ہے، وفاقی وزیر ترقی و منصوبہ بندی

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کی ہمہ موسمی تزویراتی شراکت داری اب خلائی تعاون کے نئے دور میں داخل ہو چکی ہے، پاکستان کے پہلے خلاباز محمد ذیشان علی کی چین کے خلائی سٹیشن تیانگونگ پر شینژو 24- مشن میں شرکت دونوں ممالک کے درمیان دہائیوں پر محیط باہمی اعتماد اور سائنسی و تکنیکی تعاون کی مظہر ہے۔ چائنا ڈیلی میں شائع ہونے والے مضمون میں وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اور چین کی دوستی کو نسل در نسل ہمالیہ سے بلند قرار دیا جاتا رہا ہے اور اب یہی دوستی خلاؤں کی وسعتوں تک پہنچ رہی ہے۔ انہوں نے اپریل 2015 میں پاکستانی پارلیمنٹ سے خطاب کے دوران چینی صدر شی جن پنگ کے اس بیان کا

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

چین و پاکستان بیرونی خلا کے چیمپئن بن گئے، اقوامِ متحدہ میں چینی مندوب کی مبارکباد

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ میں چینی مندوب فو کونگ نے پاکستانی خلا باز کو شین ژو 24- مشن میں شمولیت پر دلی مبارکباد پیش کر دی۔ اپنے بیان میں چینی مندوب فو کونگ نے کہا ہے کہ انسانی خلائی پروگرام میں یہ چین اور کسی بھی غیر ملکی خلا باز کی پہلی مشترکہ خلائی پرواز ہے، خوشی ہے کہ چین کے اسپیس اسٹیشن میں داخل ہونے والے کسی بھی پہلے غیر ملکی خلا

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 7 پر)

بلاول سے پاکپتن شریف کی اہم روحانی شخصیات کی ملاقات، پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان

ملاقات میں ملکی مجموعی سیاسی صورتحال، جنوبی پنجاب کی ترقی اور پاکپتن کے مقامی و عوامی مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا

ملتان (جی این ایم) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے پاکپتن شریف کی اہم روحانی شخصیات نے ملتان میں خصوصی ملاقات کی، جس کے بعد انہوں نے اپنے ہزاروں مریدین اور عقیدت مندوں سمیت پیپلز پارٹی میں باضابطہ شمولیت کا اعلان کر دیا۔ تفصیل کے مطابق، آستانہ عالیہ پاک پتن شریف کی معروف روحانی شخصیت پیر

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 7 پر)

اسلام آباد بلدیاتی انتخابات کا انعقاد روکنے کے حکم امتناع میں 2 ہفتے کی توسیع

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات روکنے کے حکم امتناع میں 2 ہفتے کی توسیع کر دی، عدالتی حکم کے بعد الیکشن کمیشن نے بلدیاتی انتخابات کا شیڈول بھی معطل کر دیا۔ ہائیکورٹ میں وفاقی دارالحکومت کے بلدیاتی انتخابات روکنے کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ جسٹس عمیر مجید ملک نے کیس کی سماعت کرتے ہوئے حکم امتناع میں توسیع کر دی، الیکشن کمیشن کے وکیل نے عدالت کو آگاہ کیا کہ عدالتی حکم امتناع کے بعد الیکشن کمیشن نے اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات کا شیڈول معطل کر دیا ہے۔ دوران

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2 پر)

جے یو آئی بلوچستان کی جانب سے گرفتاریوں اور حکومتی اقدامات کے خلاف فوری احتجاجی دھرنوں کا اعلان

کارکنان بین الاضلاعی و بین الصوبائی قومی شاہراہوں پر پرامن دھرنے دے کر ٹریفک معطل کریں، ترجمان دلاور خان

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی ترجمان دلاور خان کاکڑ نے اپنے ہنگامی بیان میں کہا ہے کہ مرکزی جماعتی فیصلے اور صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کی ہدایت کے مطابق وفاقی اور پنجاب حکومت کی جانب سے جمعیت علما اسلام کے کارکنوں کی گرفتاریوں، قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن کو حصار میں لینے، مرکزی سیکرٹری جنرل

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2 پر)

نوشکی بار ایسوسی ایشن کے انتخابات مکمل، ایڈووکیٹ میر عاقل خان بادینی بلا مقابلہ صدر منتخب

عبدالمالک بلوچ نائب صدر اور سراج احمد مینگل جنرل سیکرٹری منتخب، بار اور بینچ کے باہمی تعاون سے وکلا مسائل حل کریں گے، نومنتخب صدر

نوشکی (یو این اے) نوشکی بار ایسوسی ایشن کے انتخابات کا مرحلہ مکمل ہو گئے جس کے دوران سینئر وکلا کی باہمی مشاورت اور اتفاقِ رائے سے ایڈووکیٹ میر عاقل خان بادینی کو بلا مقابلہ صدر منتخب کر لیا گیا، جبکہ دیگر عہدیداران کا بھی بلا مقابلہ انتخاب عمل میں لایا گیا۔ اس سلسلے میں نوشکی بار ایسوسی ایشن کا ایک اہم اجلاس بار روم میں منعقد ہوا، جس میں وکلا نے

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر کوہلو عبدالحمید زہری کی زیرِ صدارت انسدادِ پولیو مہم کی تیاریوں کا جائزہ اجلاس

پانچ سال تک کی عمر کے ہر بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانا قومی ذمہ داری ہے، کوئی بچہ محروم نہ رہے، ڈپٹی کمشنر کی ہدایات

کوہلو (یو این اے) ڈپٹی کمشنر کوہلو عبدالحمید زہری کی زیرِ صدارت انسدادِ پولیو مہم کی تیاریوں، انتظامات اور مؤثر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شیر زمان مری، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر اصغر مری، سپرنٹنڈنٹ آف پولیس طیب اقبال، اسسٹنٹ کمشنر سمیع الحق کاکڑ، ڈبلیو ایچ

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک اور شمالی علاقوں میں سرد رہنے کا امکان

سب سے کم درجہ حرارت قلات میں تین اور کوئٹہ میں چار ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ، محکمہ موسمیات

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک جبکہ شمالی اضلاع میں سرد رہنے کا امکان ہے، جہاں گزشتہ روز سب سے کم درجہ حرارت قلات میں تین جبکہ کوئٹہ میں چار ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق زیارت اور چمن میں کم سے کم درجہ حرارت چھ، ژوب اور خضدار میں سات جبکہ دالبندین میں آٹھ ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا، اسی طرح سبی اور نوکنڈی میں کم سے کم درجہ حرارت گیارہ، ساحلی شہر گوادر میں پندرہ جبکہ جیوانی اور تربت میں سولہ ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ اضلاع میں سرد رہنے کا امکان ہے، جہاں گزشتہ روز سب سے کم درجہ حرارت قلات میں تین جبکہ کوئٹہ میں چار ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق زیارت اور چمن میں کم سے کم درجہ حرارت چھ، ژوب اور خضدار

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

امریکا ایران تنازع کے جلد خاتمے کی ضرورت ہے: اویس لغاری

امید ہے بڑی طاقتوں کے درمیان روابط کے نتیجے میں جلد مثبت پیش رفت ہوگی، پاکستان اپنے جوہری پروگرام میں حفاظت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتا

پاکستان سول جوہری توانائی میں ممکنہ تعاون کے لئے روس کے ساتھ رابطے میں ہے، وفاقی وزیر کا انٹرویو

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے توانائی اویس لغاری نے امریکا ایران جاری تنازع کے جلد خاتمے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی معاشی استحکام اور توانائی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے اس بحران کا فوری حل ناگزیر ہے، امید ہے بڑی طاقتوں کے درمیان روابط کے نتیجے میں جلد مثبت پیش رفت ہوگی۔ روسی نشریاتی ادارے کو دیئے گئے انٹرویو میں اویس لغاری نے کہا کہ امریکا ایران تنازع نے دنیا بھر میں معاشی دباؤ پیدا کیا ہے، جس سے غربت میں اضافہ ہوا اور معاشی بحالی کے عمل میں مصروف ممالک متاثر ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ توانائی تک بلا رکاوٹ رسائی ترقی یافتہ اور ترقی پذیر دونوں طرح کے ممالک کیلئے ضروری ہے، اور ایندھن کی فراہمی کی بحالی میں مزید تاخیر کا متحمل نہیں ہوا جا

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 7 پر)

صدر زرداری آج لاہور پہنچیں گے، چودھری شجاعت سے ملاقات طے

اسلام آباد (جی این ایم) ملکی سیاسی منظرنامے میں ایک اہم پیش رفت، صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے آج (جمعہ کو) ہنگامی طور پر لاہور پہنچنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق صدر آصف علی زرداری اپنے دوروزہ دورہ لاہور کے دوران آج شام پاکستان مسلم لیگ (ق) کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین سے اہم ملاقات کریں گے۔ ذرائع ایوانِ صدر کے

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی اور مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی تبادلہ خیال کر رہی ہیں

جناح ہاؤس حملہ کیس، فلک جاوید کی ضمانت کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

لاہور (جی این ایم) لاہور میں جناح ہاؤس حملہ کیس میں سوشل میڈیا ایکٹوسٹ فلک جاوید درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی، عدالت نے فلک جاوید کی ضمانت کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ فلک جاوید کے وکیل ضمانت پر دلائل کیلئے پیش ہوئے، فلک جاوید کے وکیل اظہر سلہری ایڈووکیٹ نے ضمانت پر دلائل مکمل کیئے، سرکاری وکیل نے ضمانت پر اپنے دلائل مکمل کر لئے، پراسیکیوشن نے ملزمہ کی حد تک مقدمہ کا ریکارڈ پیش کیا۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے جج منظر علی گل نے سماعت کی۔ سوشل میڈیا ایکٹوسٹ فلک جاوید نے جیل سے ضمانت کی درخواست دائر کی، ملزمہ کے وکیل نے موقف

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2 پر)

مولانا حیدری اور جے یو آئی قائدین کی گرفتاریوں پر جے یو آئی ضلع اوستہ محمد کا اظہارِ مذمت

دباؤ اور گرفتاریوں کے ذریعے پرامن سیاسی جدوجہد کو نہیں روکا جا سکتا، تمام گرفتار رہنماؤں اور کارکنوں کو فوری رہا کیا جائے

گنداخہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع اوستا محمد کے امیر صوفی خاوند بخش چنہ، جنرل سیکرٹری میر نعیم خان عمرانی، سرپرست مولانا عبد القیوم حیدری، تحصیل امیر مولانا مہر اللہ جتک، تحصیل جنرل سیکرٹری گل جان مستوئی، ضلعی ڈپٹی جنرل سیکرٹری بشیر احمد چنہ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا امان اللہ حقانی، جوائنٹ سیکرٹری مولانا غلام نبی جاگیرانی سمیت دیگر

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2 پر)

دہشتگردوں کیخلاف کامیاب کارروائیاں سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کا ثبوت ہیں: وزیراعلیٰ

بلوچستان میں بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نوشکی، سبی، پنجگور اور کیچ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں دہشت گرد عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، مستعدی اور دہشت گردی کے خلاف غیر متزلزل عزم کا ثبوت

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی ایسٹ اور ویسٹ اضلاع کے ضلعی کوآرڈینیشن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سیاسی انتقامی کارروائیوں اور گھروں پر چھاپوں کا سلسلہ بند کیا جائے: مولانا واسع

منتخب نمائندوں اور سیاسی کارکنوں کو ریاستی طاقت کے ذریعے خوفزدہ کرنا کسی صورت قابلِ قبول نہیں، آغا محمود شاہ

سیاسی قیادت کو گرفتار کر کے اختلافِ رائے کی آواز دبانا عدم برداشت اور جمہوری اقدار سے انحراف ہے، رہنماؤں کا بیان

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور صوبائی جنرل سیکرٹری آغا محمود شاہ نے رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری، امیر جمعیت علما اسلام پنجاب مولانا امجد خان اور مرکزی صدر جے ٹی آئی ملک اویس سمیت دیگر رہنماؤں اور کارکنوں کی پنجاب پولیس کے ہاتھوں گرفتاریوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی قیادت کو گرفتار کر کے اختلافِ رائے کی آواز دبانے کی کوشش حکمرانوں کی سیاسی کمزوری، عدم برداشت اور جمہوری اقدار سے انحراف کا واضح ثبوت ہے، منتخب نمائندوں اور سیاسی کارکنوں کو ریاستی طاقت کے ذریعے خوفزدہ کرنا کسی صورت قابلِ قبول نہیں، جمہوریت میں سیاسی اختلاف کا جواب گرفتاریوں، دھمکیوں اور طاقت

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 7 پر)

اسسٹنٹ کمشنر کوہلو سمیع الحق کا مختلف اسکولوں کا دورہ، جماعت ہشتم کے امتحانات کا جائزہ

امتحانی مراکز میں نقل کی روک تھام، میرٹ اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے: اسسٹنٹ کمشنر

کوہلو (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوہلو عبدالحمید زہری کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سمیع الحق نے بوائز ہائی سکول کوہلو، گرلز ہائی سکول کوہلو اور گورنمنٹ بوائز ہائی

(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 7 پر)

قومی حکومت کی تجویز مسترد کرتے ہیں: شوکت یوسفزئی

پشاور (اے این این) پاکستان تحریکِ انصاف خیبر پختونخوا کے سیکریٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 7 پر)

گڈانی میں جیٹی ناکارہ ہونے سے ماہیگیروں کی مشکلات میں اضافہ، کشتیاں کھلے سمندر میں غیر محفوظ

تیز ہواں اور سمندری موجوں کے باعث کشتیوں کو نقصان کا خدشہ، ماہیگیروں کا جیٹی کی بحالی کا فوری مطالبہ

گڈانی (یو این اے) گڈانی ساحل پر بنی جیٹی کے ناکارہ ہونے کے باعث مقامی ماہیگیروں کی مشکلات میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے اور ان کی چھوٹی بڑی کشتیاں کھلے سمندر میں غیر محفوظ حالت میں لنگر انداز کرنے پر مجبور ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سمندر میں طویل جدوجہد، لہروں اور موسم کی سختیوں کا سامنا کر کے ساحل پر پہنچنے کے باوجود ماہیگیروں کو سکون میسر نہیں آتا کیونکہ جیٹی کی عدم دستیابی کے سبب انہیں دن رات اپنی کشتیوں کی حفاظت کا خدشہ لاحق رہتا ہے، جبکہ تیز ہواں اور بلند سمندری موجوں کے باعث کشتیاں آپس میں ٹکرانے اور نقصان پہنچنے کے

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 7 پر)

مفرور ملزم کی گرفتاری تک قتل کا ٹرائل روکنا غیر قانونی ہے، لاہور ہائیکورٹ

ٹرائل کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار، حاضر ملزمان کے خلاف مقدمے کی کارروائی قانون کے مطابق جاری رکھنے کا حکم

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا ہے کہ کسی ایک ملزم کے مفرور ہونے پر پورے قتل کیس کی کارروائی اس کی گرفتاری تک غیر معینہ مدت کے لئے روکنا غیر قانونی ہے، عدالت نے ٹرائل کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے حاضر ملزمان کے خلاف مقدمے کی کارروائی قانون کے مطابق جاری رکھنے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس خالد ابن عزیز نے مجرمانہ نظرثانی درخواست پر فیصلہ جاری کیا، درخواست گزار محمد عرفان نے ایڈیشنل

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 7 پر)

بدامنی پھیلانے والوں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا: بابر یوسفزئی

نوشکی، سبی، پنجگور اور کیچ میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قابلِ تحسین ہیں، معاون برائے داخلہ بلوچستان

چار اضلاع میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران 12 دہشت گردوں کا خاتمہ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا ثبوت ہے

کوئٹہ (یو این اے) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ نوشکی، سبی، پنجگور اور کیچ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں قابلِ تحسین ہیں، جبکہ صوبے کے چار اضلاع میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران 12 دہشت گردوں کا خاتمہ سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا واضح ثبوت ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان سے وابستہ دہشت گردوں کے خلاف یہ کامیاب کارروائیاں امن دشمن عناصر کے لیے واضح پیغام ہیں اور آپریشن عزمِ استحکام کے تحت کیے جانے والے اقدامات امن کے قیام کی جانب اہم پیش رفت ہیں۔ بابر یوسفزئی کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں پوری

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 7 پر)

قیمتی پتھروں کی شناخت کے لیے عالمی معیار کی لیبارٹریز قائم کی جائیں، وزیراعظم

اسلام آباد (اے این این) وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت پاکستان میں قیمتی پتھروں کی

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 7 پر)

حنا جاوید کے بعد راولپنڈی کی ایک اور شادی شدہ خاتون مبینہ طور پر قتل

کہوٹہ میں بھائی پر بہن کو چھری کے وار کر کے زخمی کرنے کا الزام، والد اور بھائی گرفتار

راولپنڈی (جی این ایم) حنا جاوید کے واقعے کے بعد راولپنڈی میں پسند کی شادی کرنے والی ایک اور شادی شدہ خاتون مبینہ طور پر قتل کر دی گئی۔ کہوٹہ میں

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 7 پر)

چیف ایڈیٹر و پبلشر سید فاروق شاہ نے روزنامہ عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ کو انڈیپنڈنٹ پرنٹر سے چھپوا کر دفتر روزنامہ عسکر انٹرنیشنل آفس نمبر 315 یونیورسل کمپلیکس 3ed فلور سے شائع کیا۔ فون نمبر:۔ 0812092472 - 03318383955